

نوائے
افغان جہاد
رمضان المبارک/شوال ۱۴۳۱ء
ستمبر 2010ء
ظالموں پر نہ افسوس کوئی کرے
قاتلوں پر نہ آہیں کوئی بھی بھرے
جن کو مٹی کا پیوند ربّ نے کیا
جو ہو مومن انھیں آج پُرسہ نہ دے

امیر المومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا بیت المقدس میں لشکرِ اسلامیہ سے خطاب

تمام تعریفیں اُس اللہ تبارک وتعالیٰ کے لیے ہیں جو ستودۂ صفات، صاحبِ قوت بزرگ اور ہر اُس چیز کا بنانے والا ہے جس کا وہ ارادہ فرمالیتا ہے۔ اس کے بعد آپؓ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ نے ہمیں اسلام سے مکرم فرمایا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وساطت سے ہمیں ہدایت بخشی، ہمیں ضلالت اور گمراہی سے علیحدہ کردیا۔ دشمنی کے بعد ہمارے دلوں میں محبت بھر دی، بغض وعداوت کی جگہ ہمارے قلوب الفت ومؤدت سے آشنا کردیے۔ لہٰذا تم ان نعمتوں پر اُس کی تعریف کروتا کہ تم اُن کے اور زیادہ مستحق ہوجاؤ کیونکہ اللہ عزوجل فرماتے ہیں لئن شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید ''اگر تم میرا شکرادا کروگے تو میں تمہارے لیے اور زیادہ دوں گا اور اگر تم کفرانِ نعمت کروگے تو میرا عذاب بہت سخت ہے''۔ دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں ''من یھدی اللہ فھو المھتد ومن یضلل فلن تجدلہ ولیا مرشداً'' جسے اللہ تبارک وتعالیٰ ہدایت بخشتے ہیں وہی ہدایت پر ہے اور جسے وہ گمراہ کرتے ہیں اُس کے لیے تو کوئی راہ بتانے والا نہیں پائے گا''۔ میں تمہیں اللہ عزوجل سے ڈرنے کی وصیّت کرتا ہوں، اُس سے جس کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے اور ایک وہی ہمیشہ باقی رہنے والا ہے، جس کی اطاعت اُس کے دوستوں (اولیا) کو نفع دینے والی اور جس کی معصیت اُس کے دشمنوں کو قعرِ مذلت اور بدبختی میں گرانے والی ہے۔ لوگو! زکوٰۃ ادا کروتا کہ تمہارے قلوب پاک ہوجائیں۔ مگر تمہارا نفس اُس کے بدلے مخلوق سے کچھ طلب نہ کرے اور نہ اپنے اُس دینے کا شکریہ چاہے۔ جو کچھ سنتے ہو اُس کو سمجھو، عقل مند وہ شخص ہے جو اپنے دین کی حفاظت رکھے اور سعید وہ شخص ہے جو دوسروں سے سبق حاصل کرے۔ یاد رکھو اور اس بات سے خبردار رہو کہ سب سے برا کام دین میں نئی بات کا اختراع (بدعات) ہے۔ تم اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو مضبوط پکڑلو۔ اور اُسی کو اپنے لیے لازم کرلو کیونکہ سنت میں میانہ روی اختیار کرنا (اقتصاد) بدعت سے اجتہاد کرنے سے کہیں بہتر ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت اپنے لیے لازم کرلو کیونکہ اس میں شفا، تسکین قلب، آرام، فوز کبیر اور ثواب ہے۔ لوگو! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز اسی طرح تقریر کے لیے کھڑے ہوئے تھے، جس طرح آج میں تمہارے سامنے کھڑا ہوں۔ آپ نے دورانِ تقریر میں فرمایا تھا الزموا سنت اصحابی ثم الذین یلونھم ثم الذین یلونھم ثم یظھر الکذب حتی یشھد من لم یشھد ویخلف من لم یخلف ''میرے صحابہ کی سنت کو لازم پکڑ لو، پھر اُن لوگوں کی جو اُن سے متصل ہیں (یعنی تابعین)۔ پھر جو اُن سے متصل ہیں (یعنی تبع تابعین)، اُن کے بعد جھوٹ ظاہر ہوجائے گا، حتیٰ کہ جس شخص سے گواہی اور شہادت نہیں لیں گے وہ شہادت دے گا اور جس سے قسم نہیں کھلوائیں گے وہ قسم کھائے گا''۔ بس جو شخص وسطِ جنت میں داخل ہونا چاہے وہ جماعت کو لازم پکڑلے کیونکہ تنہائی اور علیحدگی (یا فرقہ بندی) شیطان کا کام ہے۔ تم میں سے کوئی شخص کسی غیر عورت کے پاس خلوت نہ اختیار کرے کیونکہ وہ دراصل شیطان کی رسیوں میں سے ایک رسی ہے۔ جس شخص کو اپنی خوبیاں اچھی معلوم ہوں اور ساتھ ہی اپنی برائیوں پر بھی نظر رکھتا ہو اور اُنہیں بُرا سمجھتا ہو وہ مومن ہے نماز کو سب سے زیادہ مقدم سمجھو اور نماز پڑھو''۔

(فتوح الشام)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نوائے افغان جہاد

جلد نمبر۳، شمارہ نمبر۸

شعبان/رمضان ۱۴۳۱ھ ستمبر 2010ء

ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہدین کا ایک لشکر قبیلہ ہذیل کی شاخ بنی لحیان کے مقابلے کے لیے بھیجا اور جہاد کے لیے نکلنے والے صحابہ کرام کو یہ حکم دیا کہ ہر دو مردوں میں سے ایک مرد جہاد کے لیے جائے، ایک گھر کی ضروریات وغیرہ کے لیے یہاں رہ جائے اور اس طرح کرنے سے جہاد کا ثواب دونوں میں مشترک ہو جائے گا۔'' (رواہ مسلم)

اس شمارے میں......



تجاویز، تبصروں اور تحریروں کے لیے اس برقی پتے (E-mail) پر رابطہ کیجیے۔

Nawaiafghan@gmail.com

انٹرنیٹ پر استفادہ کے لیے:

Nawaiafghan.blogspot.com

قیمت فی شمارہ: ۱۵ روپے

قارئین کرام!

عصرِ حاضر کی سب سے بڑی صلیبی جنگ جاری ہے۔ اس میں ابلاغ کی تمام سہولیات اور اپنی بات دوسروں تک پہنچانے کے تمام ذرائع، نظامِ کفر اور اس کے پیروؤں کے زیرِ تسلط ہیں۔ ان کے تجزیوں اور تبصروں سے اکثر اوقات مخلص مسلمانوں میں مایوسی اور ابہام پھیلتا ہے، اس کا سدِ باب کرنے کی ایک کوشش کا نام 'نوائے افغان جہاد' ہے۔

نوائے افغان جہاد

- اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے کفر سے معرکہ آرا مجاہدین فی سبیل اللہ کا موقف مخلصین اور محبین مجاہدین تک پہنچاتا ہے۔
- افغان جہاد کی تفصیلات، خبریں اور محاذوں کی صورت حال آپ تک پہنچانے کی کوشش ہے۔
- امریکہ اور اس کے حواریوں کے منصوبوں کو طشت از بام کرنے، اُن کی شکست کے احوال بیان کرنے اور اُن کی سازشوں کو بے نقاب کرنے کی ایک سعی ہے۔

اس لیے ....

اِسے بہتر سے بہترین بنانے اور دوسروں تک پہنچانے میں ہمارا ساتھ دیجیے



مسلمانو! سنبھل جاؤ، سنبھل جانے کا وقت آیا!!!

گیارہ ستمبر ۲۰۰۱ کا دن عصر حاضر میں حقیقی معنوں میں یوم تفریق ثابت ہوا کہ ہر گزرتے دن کے ساتھ اہل ایمان اور اہلِ نفاق وکفر کے درمیان کھینچے والی لائن مزید گہری ہورہی ہے۔کفرو اسلام کا معرکہ واضح دلائل و براہین کے ساتھ بپا ہوگیا اور ایمان والے' ایمان والوں کے لشکر میں شامل ہورہے ہیں جبکہ اہل کفر زیادہ واضح ہوکر سامنے آرہے ہیں۔نائن الیون کے بعد ہی اہل صلیب نے اس کائنات کی سب سے عظیم ہستی صلی اللہ علیہ وسلم' جن کا مخلوق میں سب سے اونچا مقام ہے' کی شان اقدس میں پے در پے گستاخیاں کیں اور اب امسال گیارہ ستمبر کو صلیبی دنیا کے قلبِ نجس امریکہ میں قرآن مجید جلانے کا پروگرام تشکیل دیا گیا ہے۔ان کو قرآن کی زبان میں یہی جواب دیا جاسکتا ہے موتو بغیظکم 'اپنے غصّے میں جل مرو'۔جس دین اور کتاب کی حفاظت کی ذمہ داری خود خالق کائنات نے لے رکھی ہے،تمام مخلوق مل کر بھی اس کا بال بیکا نہیں کرسکتی جبکہ یہ حقیقت ہے کہ چاند پر تھوکنے والے کا تھوک اُس کے اپنے ہی منہ پر آکر گرتا ہے۔

جہاں اہل صلیب پر یہ ہذیانی کیفیات طاری ہیں اور وہ دین دشمنی اور اسلام کے خلاف بغض میں ہر حد عبور کرتے چلے جارہے ہیں' وہیں امت کے فرزند' دنیا بھر میں محاذوں پر استقامت کا پیکر بنے ڈٹے ہوئے ہیں،یہود و نصاریٰ کے مکروہ عزائم وافعال کے خلاف سینہ سپر ہیں اور آج ان ہی فرزندان امت کی ضربوں سے کفار بلبلا رہے ہیں۔افغانستان میں ماہ جولائی میں ہونے والی باگرام ایئربیس اور جلال آباد ایئرپورٹ کی کارروائیاں دس سالہ جنگ کی عظیم ترین کارروائیاں ہیں،جن میں ۷۰۰ سے زاید صلیبی فوجی مردار ہوئے ، ۸۰ ہیلی کاپٹر، ۲۰ ڈرون طیارے اور بے شمار فوجی گاڑیاں و دیگر ساز وسامان تباہ ہوگیا۔اللہ کی قدرت دیکھیے کہ جرمنی سے تعلّق رکھنے والے ابوطلحہ المانیؒ سے اُس نے یہ کام لیا کہ وہ صلیبیوں کے قلب پر ایسا کاری گھاؤ لگا گئے۔صومالیہ میں پارلیمنٹ کے ۱۶/ارکان فدائی حملے میں ہلاک ہوگئے۔الشباب کے مجاہدین صومالیہ میں کفار اور اُن کے ساتھیوں کے مقابل سخت چٹان کی مانند جمے ہوئے ہیں۔عراق سے امریکی لڑاکا فوج کی واپسی مکمل ہوئی اور مجاہدین آج بھی پوری آب وتاب کے ساتھ عراق میں موجود ہیں اور آئے روز صلیبی حواریوں اور رافضی کفار کو فدائی حملوں اور دیگر کارروائیوں میں نشانہ بنا رہے ہیں۔

پاکستان میں اللہ تعالیٰ کی مسلسل نافرمانیوں،خراسان اور سوات میں کفار کی سپاہ کا کھلے عام سپاہی بن کر مسلمانوں کی نسل کشی اور اللہ کے برگزیدہ بندوں' مجاہدین فی سبیل اللہ کو پکڑ پکڑ کر یہود ونصاریٰ کے ہاتھوں فروخت کرنا،اپنے خفیہ عقوبت خانوں میں ان پر اذیتوں اور مظالم کے پہاڑ توڑنا اور ستاون ہزار پروازیں اپنی ایئربیسز سے اڑا کر امارت اسلامی افغانستان کو خاک وخون میں نہلا دینا ایسے جرائم ہیں جن کی پکڑ اور اُن سے تائب ہونے کے لیے اللہ تعالیٰ گاہے بگاہے کبھی زلزلے اور کبھی سیلاب کے ذریعے بحیثیت قوم جھنجھوڑتے رہتے ہیں۔سرحد کے جن علاقوں میں مجاہدین کے خلاف مقامی لشکر کھڑے کیے گئے' وہی علاقے سیلاب نے برباد کرکے رکھ دیے۔جہاں فوج چھاؤنیاں آباد تھیں' وہ علاقے بھی اللہ کا قہر اپنے ساتھ لانے والی طوفانی موجوں میں بہہ گئے۔سوات میں شریعت کا سرعام مذاق اڑانے والے طائفے بھی اِسی عذاب کی نذر ہوگئے۔یہ سیلاب کی صورت میں اللہ کی ناراضی دراصل اُن کی تنبیہات میں سے بہت بڑی تنبیہ ہے۔اس کی سائنسی توجیہات تلاش کرنے کی بجائے ارتداد سے توبہ کا راستہ اپنایا جائے۔پورے ملک میں سرعام شراب، زنا، ظلم اور قتل وغارت گری کا بازار گرم ہے۔اللہ کی ناراضی کو مزید بھڑکانے والے ان جرائم سے توبہ کرنے اور لوٹ آنے کا وقت ہے کہ بقیہ ملک ابھی رہتا ہے......ایسا نہ ہو کہ ۲۲ فیصد پاکستان کے غرق ہونے پر بھی بے ہوش پڑے رہنے کی صورت میں بقیہ ملک کے لیے کوئی اور الٰہی کوڑا برسے' تب معصیتوں میں پڑے' بے ہوشی کے عالم میں ہی اللہ تعالیٰ کی عدالت میں پیشی بھگتنے پر خود مجبور پائیں۔لہٰذا اللہ تعالیٰ کا در کھلا ہے،معافی اور عفو ودرگزر کے سارے دروازے اس ماہِ مبارک میں کھلے ہیں۔پس اپنے فرض کو ادا کیجیے،امت کے درد کا درماں بننے کا عہد کیجیے اور اپنے سروں پر مسلط ظالم حکمران ٹولے اور دین دشمن نظام سے گلوخلاصی کے لیے جہاد کے میدانوں کا رخ کیجیے کہ اُس ذات باری تعالیٰ کا وعدہ ہے۔وَالَّذِينَ جَاهَدُوا فِينَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا وَإِنَّ اللَّهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِينَ '' اور جو لوگ ہماری خاطر جدوجہد کرتے ہیں،ہم ضرور بالضرور انھیں اپنے راستے سجھائیں گے اور بے شک اللہ تعالیٰ نیکوکاروں کے ساتھ ہے''۔

(آخری قسط)

اللہ کی رحمت کے امیدوار

شیخ مصطفیٰ ابو یزید شہید رحمہ اللہ

کیا تارک جہاد اللہ تعالیٰ سے رحمت کی امید کرسکتا ہے؟

دوسرا یہ کہ جو شخص یہ دعویٰ کرے کہ وہ اللہ کی رحمت سے پرامید ہے، جبکہ اس نے جہاد چھوڑ رکھا ہو جو کہ اس زمانے میں مسلمانوں پر فرض عین ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے آپ پر نظرثانی کرے اور ان شرائط اور صفات کو مدنظر رکھے جو اللہ عزوجل نے اس قرآنی ہدایت میں اللہ کی رحمت کی امید کے سلسلے میں بیان فرمائی ہیں، جن میں سے ایک جہاد فی سبیل اللہ ہے۔ اور علمائے کرام نے یہ واضح کردیا ہے کہ بغیر عمل اور سبب کے امید رکھنا بے بسی، تمنائے خام، دھوکہ اور کم عقلی ہے۔

اور خبردار تمہیں تمہارا نفس یا خواہش دھوکہ نہ دیں اور نہ جن وانس کے شیاطین یہ کہہ کر دھوکہ دیں کہ جہاد کی تو آج طاقت ہی نہیں اور نہ ہی وہ ممکن ہے۔ جہاد کی وسیع فتوحات، مجاہدین کی مبارک کامیابیاں اور ان کا اللہ کے دشمنوں کو مغلوب رکھنا اور ان کے منصوبوں اور حکمتِ عملی کو ناکام بنانا اس دھوکے اور دعوت کے جھوٹے ہونے کی گواہی دے رہے ہیں۔

تیسرا یہ کہ مجاہدین کو ہمیشہ اپنی نیتوں کی تجدید کرتے رہنا چاہیے کہ ان کا جہاد اللہ تعالیٰ کے لیے خالص ہوجائے اور اس کی رضا (کے حصول) کی خواہش میں ہو، تاکہ کلمۃ اللہ ہی غالب رہے۔

چنانچہ یہ آیتِ رجاء جو (آج) ہمارے ساتھ ہے، اس کی حالت بھی باقی آیات کی طرح ہے جو جہاد کی قبولیت کو فی سبیل اللہ ہونے کے ساتھ مشروط کرتی ہے جس میں خود پسندی، تعصب یا قوم پرستی نہ ہو اور نہ وہ دنیا کی غنیمت اور منصب یا حکمرانی کے لیے ہو۔

فرمانِ الٰہی ہے۔ ''لہٰذا جو کوئی اپنے رب سے ملاقات کا امیدوار ہو وہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے''۔ (الکہف: ۱۱۰)

اور حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے کہا؛ یارسول اللہ ایک شخص جہاد فی سبیل اللہ کا ارادہ کرتا ہے اور (اصل میں) دنیا کی چیزوں میں سے کوئی چیز چاہتا ہے (تو کیا اس کے لیے اجر ہے) نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس کے لیے کوئی اجر نہیں ہے۔ ابوداؤد اور شیخ البانی نے اسے صحیح حدیث کہا ہے۔

اور حضرت ابوموسیٰؓ سے مروی ہے کہ ایک اعرابی نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ ایک شخص غنیمت کے لیے جہاد کرتا ہے اور ایک شخص اس لیے جہاد کرتا ہے کہ اس کا چرچا ہو اور ایک اس لیے جہاد کرتا ہے کہ لوگ اس کا مرتبہ دیکھیں، تو ان میں سے اللہ کے راستے میں کون ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اس لیے لڑا کہ کلمۃ اللہ ہی غالب رہے تو وہ اللہ کے راستے میں ہے (بخاری)۔

اور معاذ بن جبلؓ سے مروی ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

''لڑنا دو طرح کا ہے، ایک (اس شخص کی لڑائی) جو اللہ کے لیے لڑے، امام کی اطاعت کرے اور بہترین مال خرچ کرے اور ساتھیوں کے ساتھ نرمی کرے اور فساد سے بچے تو اس کا سونا، جاگنا سب کا سب اجر ہے۔ دوسرا (اس شخص کی لڑائی) جو فخر وغرور، ریا اور عزت کے لیے لڑے اور امام کی نافرمانی کرے اور زمین میں فساد پھیلائے تو بے شک وہ کوئی نفع لے کر نہیں لوٹے گا''

چوتھا یہ کہ مجاہدین پر واجب ہے کہ جہاد میں ہر وقت خوش امید رہیں اور اللہ سے اچھا گمان رکھیں خصوصاً شدید مشکلات اور آزمائش کے اوقات میں اور یاد رکھیں کہ وہ جو کچھ بھی جھیل رہے ہیں، سب اللہ کی تقدیر اور اس کی اجازت، علم اور حکمت سے ہو رہا ہے۔ اور اس کا انجامِ کار ان کے لیے اچھا ہوگا بشرطیکہ وہ مخلص اور اللہ کے حکم پر ثابت قدم رہیں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اور میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔ اگر وہ مجھے اپنے جی میں یاد کرے تو میں بھی اسے اپنے جی میں یاد کرتا ہوں اور اگر محفل میں مجھے یاد کرے تو میں اسے (اس محفل سے) بہتر محفل میں یاد کرتا ہوں''۔ (متفق علیہ)

اور مجاہدین کو چاہیے کہ ان لوگوں جیسے نہ ہوجائیں جو اللہ کے بارے میں جاہلوں کی طرح گمان رکھتے ہیں کہ وہ اپنے دین اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد نہیں کرے گا۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ان کے بارے میں فرماتا ہے:

''اس غم کے بعد پھر اللہ نے تم میں سے کچھ لوگوں پر ایسی اطمینان کی سی حالت طاری کردی کہ وہ اونگھنے لگے، مگر ایک دوسرا گروہ جس کے لیے ساری اہمیّت بس اپنے مفاد ہی کی تھی، اللہ تعالیٰ کے متعلّق طرح طرح کے جاہلانہ گمان کرنے لگا جو سراسر حق کے خلاف تھے۔ یہ لوگ اب کہتے ہیں کہ ''اس کام کے چلانے میں ہمارا بھی کوئی حصّہ ہے''؟ ان سے کہو (کسی کا کوئی حصّہ نہیں،) اس کام کے سارے اختیارات اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ دراصل یہ لوگ اپنے دلوں میں جو بات چھپاتے ہیں اسے تم پر ظاہر نہیں کرتے۔ ان کا اصل مطلب یہ ہے کہ اگر فیصلے میں ہمارا کچھ حصّہ ہوتا تو ہم یہاں نہ مارے جاتے۔ ان سے کہہ دو کہ ''اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن لوگوں کی موت لکھی ہوئی تھی وہ خود اپنی قتل گاہوں کی طرف نکل آتے اور یہ معاملہ جو پیش آیا یہ تو اس لیے تھا کہ جو کچھ تمہارے سینوں میں پوشیدہ ہے اللہ اسے آزمالے اور جو کھوٹ تمہارے دلوں میں ہے اسے چھانٹ دے، اللہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔'' (آل عمران: ۱۵۴)

ابن القیم زاد المعاد میں اس آیت کی تفسیر میں کہتے ہیں کہ ''یہ ایک ایسا گمان ہے

جو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ذات سے بالکل مطابقت نہیں رکھتا کہ وہ اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد نہیں کرے گا اور اس کا اختیار ختم ہو جائے گا اور اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل ہونے کے لیے چھوڑ دے گا۔ وہ لوگ سمجھتے تھے کہ جو کچھ ان کے ساتھ ہوا اس میں اللہ کی رضا اور حکمت شامل نہیں تھی۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ حکمت الٰہی اور تقدیر سے انکار کرتے تھے اور اس بات سے منکر تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کام مکمل ہو گا اور وہ پورے کا پورا دین نافذ کر دیں گے۔ یہ وہ برا گمان تھا جو منافق اور مشرک اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے بارے میں کرتے تھے۔ اور بے شک یہ ایک برا اور جاہلیّت کا گمان ہے جو کہ جاہل لوگ ہی کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ ایک ایسی بات ہے جو اللہ کے اسمائے حسنیٰ، اس کی اعلیٰ صفات اور ہر نقص سے پاک ذات سے مطابقت نہیں رکھتی۔ یہ ظن اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حکمت وثناء اور ربوبیت اور الوہیت کی انفرادیت سے بھی مناسبت نہیں رکھتا اور نہ ہی اس کے عہد حق سے جو اس نے اپنے رسولوں سے کیا کہ وہ ان کی مدد کرے گا اور ان کو اکیلا نہ چھوڑے گا اور یہ کہ اس کا لشکر ہی غالب رہے گا۔

پس جو اللہ تعالیٰ سے یہ گمان کرے کہ وہ اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد نہ کرے گا، اس کا امر نافذ نہ ہو گا، وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے لشکر کی مدد نہ کرے گا، وہ دشمنوں سے مغلوب اور مفتوح ہو جائیں گے، اللہ شرک کو توحید پر اور باطل کو حق پر اس طرح غالب کر دے گا کہ توحید اور حق ہمیشہ کے لیے معدوم ہو جائیں، تو اس نے اللہ رب العالمین کے بارے میں ایک برا گمان کیا۔ اور اس کی طرف ایک ایسا عمل منسوب کیا جو کہ اس کی قدرت، عظمت اور صفات کے خلاف ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی عظمت اور بڑائی اس بات کو برداشت نہیں کرتی کہ اس کا گروہ اور لشکر ذلیل ہو اور دائمی فتح ونصرت اس کے مشرک دشمنوں کے ہاتھ آئے پس جس نے اللہ کے بارے میں ایسا گمان کیا تو وہ نہ تو اللہ کو جانتا ہے اور نہ ہی اسکے کمالات وصفات کو۔

علامہ سعدیؒ اس آیت کی تفسیر کچھ اس طرح کرتے ہیں کہ:

ترجمہ:" اس غم (یعنی مشکلات ومصائب) کے بعد نازل کیا تم پر ایسا اطمینان کہ اونگھنے لگے''۔ بے شک اطمینان کا نازل ہونا اونگھ کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کی نشانی اور مومنین کے دلوں کو مضبوط کرنے کے لیے تھا۔ کیونکہ خوف زدہ شخص کو تب تک نیند نہیں آسکتی جب تک اس کے دل میں ڈر ہو اور جب یہ خوف ختم ہو جائے تو ہی نیند آسکتی ہے۔ اور یہ گروہ جس پر اللہ نے اونگھ نازل کی ان مؤمنین کا گروہ تھا جن کو اللہ کا دین قائم کرنے، اس کی اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا اور مؤمنین کی فلاح کے علاوہ کوئی غم نہ تھا۔

مگر دوسرا گروہ جن کے بارے میں کہا گیا کہ ''قد همّتهم انفسهم'' اُن کے لیے ساری اہمیّت ان کے اپنے مفاد کی تھی۔ پس اپنے نفاق اور کمزور ایمان کے باعث انھیں صرف اپنے مفاد کی فکر تھی اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان پر اونگھ یعنی اپنی رحمت نازل نہ کی۔ اور نہ ہی ان پر جن کے بارے میں اللہ نے کہا کہ:'' اس کام کے چلانے میں ہمارا بھی کوئی حصّہ ہے؟''۔ یہ استفہام کی شکل میں انکار ہے کہ ہمارا تو کوئی فائدہ نہیں، یعنی فتح اور غلبہ۔ پس انھوں نے اپنے رب، اس کے دین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں برا گمان کیا کہ اس کے رسول کا امر پورا نہ ہو گا اور یہ کہ شکست اللہ کے دین کے لیے فیصلہ کن ہے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ان کے جواب میں کہا کہ ''قل ان الامر كله لله'' یہاں امر سے مراد تقدیر پر اختیار اور شریعت دونوں ہیں۔ پس تمام اشیا اللہ کی قضا اور مقرر کردہ ہیں۔ اور فتح ونصرت اللہ کے اولیاء اور اس کے فرمانبرداروں کی ہو گی۔ اور اس سے پہلے جو کچھ ہونا تھا وہ ہو چکا۔

سید قطب سورۃ 'آل عمران' کی اس آیت کی تفسیر یوں بیان کرتے ہیں کہ ''طائفة الاخرى'' سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا ایمان کمزور تھا اور ان کے لیے اپنا ذاتی نفع اہمیّت رکھتا تھا۔ یہ وہ لوگ تھے جو پوری طرح سے جاہلانہ تصورات سے خالی نہ تھے اور انہوں نے خلوصِ دل سے اللہ کی اطاعت قبول نہ کی تھی۔ ان کے دل اس بات سے ہرگز مطمئن نہ ہوتے تھے کہ اللہ جو بھی مصیبت ڈالتا ہے وہ آزمائش کے لیے ہے، نہ کہ اللہ کی دوری کی وجہ سے۔ اللہ کی مرضی یہ نہیں کہ آخری غلبہ اور فتح کفر، شر اور باطل کی ہو۔ سید قطب ''هل لنا من الامر من شئى'' کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ان لوگوں کا کہنا تھا کہ جب ہم جہاد کے لیے اللہ کی راہ میں نکلتے ہیں تو صرف اللہ کے لیے نکلتے ہیں اسی کے لیے لڑتے ہیں اور اسی کے لیے چلتے ہیں۔ اس میں اپنی ذات کا کوئی فائدہ نہیں۔ اور وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کی مرضی کے سامنے جھکتے ہیں اور راہ میں آنے والی ہر مشکل کو اس کی رضا مانتے ہیں۔ اس میں سے کچھ بھی اپنے فائدے کے لیے نہیں۔ اللہ نے ان کی بات کا جواب دیا کہ ''قل ان الامر كله لله''۔ اس سے پہلے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ ''ليس لک من الامر شئى'' پس اس دین کا کام، اس کو قائم کرنے کے لیے جہاد، دین کو زمین پر نافذ کرنا اور اس کے لیے دلوں کی ہدایت سب اللہ ہی کے کام ہیں۔ اور انسان کے لیے اس میں کوئی فائدہ نہیں سوائے اس کے کہ وہ اپنا فرض ادا کرے اور اپنے عہد کو پورا کرے۔ پھر جو اللہ کی رضا ہو، وہ کرے۔

مجاہدین کے لیے پانچویں بات یہ ہے کہ انہیں چاہیے کہ اللہ کی راہ میں تمام کوششیں اور صلاحیتیں پورے یقین کے ساتھ لگا دیں یعنی اس بات کا پورا یقین کر لیں کہ موجود اسباب کے استعمال میں کوئی کمی بیشی نہ رہ جائے۔ اور اللہ پر توکل اور یقین کے ساتھ اس بات کی امید رکھیں کہ اللہ ان کے اعمال کو قبول کرے گا اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے ان کو فتح ونصرت عطا کرے گا۔ اس بارے میں پہلے بھی علما کے اقوال گزر چکے ہیں کہ کوششوں اور اسباب کو حسب استطاعت استعمال کرنے کے بعد فتح کی امید رکھی جائے۔

''منہاج القاصدین'' کے مصنف اس بات کی مثال یوں دیتے ہیں کہ ''ضروری ہے کہ بندہ اپنے رب سے مغفرت کی امید ایسے رکھے جیسے کہ کسان، بہترین زمین میں اعلیٰ نسل کا بیج جو تمام نقائص سے پاک ہو، بوتا ہے۔ پھر ضرورت کے وقت پانی مہیا کرتا ہے۔ اور فصل کو نقصان دہ جڑی بوٹیوں سے پاک کرتا ہے۔ پھر اس کے بعد اللہ سے فضل کی دعا کرتا ہے کہ وہ آفات ارضی وسماوی سے اس کے کھیت کو محفوظ رکھے۔ حتیٰ کہ فصل پک کر تیار ہوتی ہے اور وہ اپنا ہدف پا لیتا ہے۔ تو اسے ''رحمت'' کا انتظار کہا جاتا ہے''۔

(بقیہ صفحہ نمبر ے پر)

(آخری قسط)

اللہ کا ذکر

مولانا گوہر رحمٰن رحمۃ اللہ علیہ

مغیرہ بن شعبہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر فرض نماز کے بعد یہ ذکر کرتے تھے:

لااله الا الله وحده لا شريک له له الملک وله الحمد وهوعلى کل شيء قدير اللهم لا مانع لما اعطيت ولا معطى لما منعت ولا ينفع ذالجد منک الجد

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو ایک ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں ہے، اسی کی بادشاہی ہے، اسی کے لیے ساری تعریفیں ہیں اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔ یا اللہ! نہیں ہے کوئی روکنے والا اس چیز کا جسے تو دینا چاہے اور نہیں ہے کوئی دینے والا اس چیز کا جسے تو روکنا چاہے اور نفع نہیں دے سکتی تیری پکڑ سے بچانے کے لیے طاقت ور شخص کو اس کی طاقت''۔

لیکن لا الہ الا اللہ کا ذکر بلکہ تمام اذکار کے پورے اثرات اسی وقت مرتب ہوتے ہیں اور پورے فوائد اسی وقت اٹھائے جاسکتے ہیں جب کہ گناہوں سے اجتناب کیا جائے یا اگر صادر ہوگئے ہوں تو اس سے توبہ کر لی جائے۔ زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

من قال لااله الا الله مخلصا دخل الجنة قيل وما اخلاصها قال ان تحجزه عن محارم الله(رواه الطبرانى الاوسط)

''جس شخص نے اخلاص کے ساتھ لا الہ الا اللہ پڑھا تو وہ جنت میں جائے گا۔ کسی نے پوچھا کہ اخلاص کے ساتھ کہنے کی علامت کیا ہے؟ فرمایا: اسے یہ کلمہ حرام کاموں سے روک دے''۔

ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ما قال عبد لا اله الا الله فتحت له ابواب السماء حتى يقضى الى العرش مااجتنب الکبائر(ترمذی)

''نہیں کہتا کوئی بندہ لا الہ الا اللہ، مگر جب کہتا ہے تو اس کے لیے آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں یہاں تک کہ یہ کلمہ عرش کو پہنچ جاتا ہے بشرطیکہ وہ کبیرہ گناہوں سے اجتناب کرتا ہو''۔

جس طرح اعلیٰ سے اعلیٰ غذا یا دوا اس وقت بے کار اور بے اثر ہوجاتی ہے جب انسان صحت کے لیے مضر چیزوں سے پرہیز نہیں کرتا، اسی طرح ذکر الٰہی کی تاثیر کبائر کے ارتکاب اور فرائض کے ترک کی وجہ سے ختم یا کم ہوجاتی ہے۔ بلاشبہ ذکر تو وہ ہے جو دل سے کیا جائے، لیکن زبان سے ذکر کرنے کی بھی اہمیت ہے، حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ایک حدیث قدسی میں آیا ہے:

ان الله يقول انا مع عبدى اذاذکرى وتحرک بى شفتاه(بخاری)

''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میں اپنے بندے کے ساتھ ہوتا ہوں جب وہ مجھے یاد کرتا ہے اور اس کے ہونٹ میری یاد میں حرکت کرتے ہیں''۔

عبداللہ بن بسرؓ کی ایک حدیث میں آیا ہے کہ بہترین عمل یہ ہے کہ ان تفارق الدنيا ولسانک رطب من ذکر الله۔ ''تم دنیا کو اس حال میں چھوڑو کہ تیری زبان اللہ کے ذکر سے تر ہو۔ (ترمذی)

علامہ طرطوشی اندلسیؒ (متوفی ۵۲۰ھ) نے انہی دلائل کی بنیاد پر لکھا ہے کہ:

ان الذکرهوالعمدة فى الطريق الى الله سبحانه ولا يصل احد الى الحق سبحانه الابدوام الذکر والذکر نوعان ذکر اللسان وذکر القلب فذکر اللسان به يصل العبد الى ذکر القلب التاثير لذکر القلب فاذا کان العبد ذاکربلسانه وقلبه فهو الکامل وصفه(الدعا الماثور وآدابه، طبع بیروت، ۱۹۸۸، ص ۲۸۶۔۲۸۷)

''تعلق باللہ کا بہترین طریقہ ذکر الٰہی ہے۔ ذکر کے دوام کے بغیر حق تعالیٰ کا قرب کوئی بھی حاصل نہیں کرسکتا۔ ذکر کی دو قسمیں ہیں: ایک زبان کا ذکر اور دوسرا دل کا ذکر۔ پس زبان کا ذکر دراصل بندے کو دل کے ذکر کی طرف کے لے جاتا ہے مگر تاثیر دل کے ذکر کو حاصل ہے۔ پس جب بندہ زبان اور دل دونوں سے اللہ کو یاد کرتا ہو تو یہ کامل ذکر کرنے والا ہے''۔

امام نوویؒ (متوفی ۶۷۲ھ) فرماتے ہیں کہ:

الذکر يکون بالقلب ويکون باللسان والافضل منه ما کان بالقلب واللسان جميعا فان اقتصر على احدهما فالقلب افضل ثم لا ينبغى ان يترک الذکر باللسان مع القلب خوفا من ان يظن به الريا بل يذکر بهما جميعا ويقصد به وجه الله تعالىٰ (الاذکار للنووی، ص ۲۹ طبع ریاض ۱۹۸۸ء)

''ذکر دل سے بھی کیا جاتا ہے اور زبان سے بھی کیا جاتا ہے مگر بہتر وہ ذکر ہے جو دل اور زبان دونوں سے کیا جائے۔ اگر کوئی ایک ہی پر اکتفا کرنا چاہے تو پھر دل کا ذکر بہتر ہے۔ لیکن یہ مناسب نہیں کہ قلبی ذکر کے ساتھ زبانی ذکر اس خوف سے چھوڑ دیا جائے کہ لوگ مجھ پر ریا کا گمان کریں گے بلکہ دل اور زبان دونوں سے اللہ کو یاد کرنا چاہیے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ مقصد اللہ کو راضی کرنا ہو''۔

امام نسائیؒ (متوفی ۳۰۳ھ) نے اور ان کے شاگرد ابن السنیؒ (متوفی ۳۶۴ھ) نے عمل اليوم والليل کے نام سے کتابیں لکھی ہیں جن میں لیل ونہار کے مختلف اوقات و احوال سے متعلق اذکار مسنونہ اور ادعیہ ماثورہ کا کافی ذخیرہ موجود ہے۔

علامہ طرطوشیؒ اور امام نوویؒ کی کتابیں بھی اس سلسلے میں بڑی افادیت رکھتی ہیں۔

قرآن مجید کی تلاوت: بہترین ذکر الٰہی

قرآن کریم کا ایک نام ''الذکر'' ہے۔ یہ نام ۲۱ آیات میں آیا ہے۔ مثلاً وانزلنا

الیک الذکر اور انا نحن نزلنا الذکر (ہم نے تیرے پاس ذکر اتارا ہے یعنی قرآن)۔

ابن جریر طبریؒ اور ابن عطیہ غرناطیؒ نے اس نام کی وجہ تسمیہ یہ بیان کی ہے:

اللہ تعالیٰ نے اس کتاب میں اپنے بندوں کو ان کی آخرت یاد دلائی ہے، جس سے وہ غفلت میں پڑے ہوئے تھے اور ان کو احکام و فرائض یاد دلائے ہیں اور سمجھائے ہیں تاکہ وہ زندگی کے مقصد کو بھول نہ جائیں''۔(تفسیر ابن جریر ص ۴۴، ج او تفسیر الوجیز لابن عطیہ ص ۶۹، ج ا طبع قطر، ۱۹۷۷ء)

اس نام اور اس کی مذکورہ وجہ تسمیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت بہترین ذکر الٰہی ہے بشرطیکہ یہ تلاوت اخلاص اور شعور و حضور کے ساتھ کی جائے کیونکہ دل کی صفائی اور رقت و سوز کا موثر ذریعہ تلاوت قرآن ہے جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:

''دلوں پر زنگ چڑھ جاتا ہے جس طرح پانی لگ جانے سے لوہا زنگ آلود ہوجاتا ہے۔ سوال کیا گیا کہ اس زنگ کو دور کرنے کا ذریعہ کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت کو کثرت سے یاد کرنا اور قرآن کی تلاوت کرنا''۔(بیہقی، شعب الایمان)

دلوں کا زنگ غفلت اور قسوت ہے، جس کی وجہ سے انسان عبادت اور آخرت سے غافل اور بےفکر ہوجاتا ہے۔ یہ امراض قلب میں سے وہ بیماری ہے جس کا علاج اللہ نے اس دنیا میں پیدا نہیں کیا بلکہ آسمان سے اتارا ہے۔ وہ ہے قرآن کریم کا نسخہ کیمیا۔

قد جاء تکم موعظة من ربکم و شفاء لما فی الصدور (یونس:۵۷)

''بے شک آ گئی ہے تمہارے پاس نصیحت تمہارے رب کی جانب سے اور ان بیماریوں کی دوا جو دلوں کے اندر موجود ہیں''۔

یہ ایک نفسیاتی اور نفس الامری حقیقت ہے کہ کلام سننے اور پڑھنے سے صاحبِ کلام کے ساتھ دلوں میں محبت پیدا ہوتی ہے اور اس سے ملنے اور اسے دیکھنے کا شوق بڑھ جاتا ہے اور صاحب کلام جب دیکھتا ہے کہ فلاں شخص میرا کلام پڑھ رہا ہے یا سن رہا ہے تو وہ اس سے بہت زیادہ خوش ہوجاتا ہے اور اسے اپنا محبوب اور دوست بنالیتا ہے۔ قرآن کریم کلام اللہ ہے، کلام البشر نہیں ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ کسی دوسرے ذکر سے اتنا زیادہ خوش نہیں ہوتا جتنا قرآن کی تلاوت سے خوش ہوتا ہے۔ جیسا کہ ابوسعید خدریؓ سے مروی ایک حدیث قدسی میں آیا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس شخص کو قرآن پڑھنے پڑھانے نے میرا ذکر کرنے اور مجھ سے سوال و دعا کرنے سے روک دیا کرلیا ہو تو میں اسے اس سے زیادہ دوں گا جو مانگنے والوں کو دیتا ہوں اور اللہ کے کلام کی عظمت باقی کلاموں پر اتنی زیادہ ہے جتنی اللہ کی عظمت اس کی مخلوق پر ہے''۔(ترمذی)

ذکر بالعمل:

جس طرح ذکر بالقلب کے بغیر ذکر باللسان موثر اور نتیجہ خیز ثابت نہیں ہوسکتا، اسی طرح عمل کے بغیر صرف زبانی ذکر اصلاح نفس کا ذریعہ ثابت نہیں ہوسکتا۔ جب زبان پر اللہ کا نام ہو اور عمل اللہ کے احکام و ہدایات کے خلاف ہو تو قول و عمل کا یہ تضاد باعث رحمت نہیں ہوسکتا بلکہ الٹا موجب غضب ثابت ہوتا ہے۔

كَبُرَ مَقْتاً عِندَ اللَّهِ أَن تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ (الصف:۳)

''اللہ کے نزدیک یہ بڑی بےزاری کی بات ہے کہ تم وہ بات کہو جس کے مطابق عمل نہ کرو''۔

عمل سے اللہ کو یاد کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کی عبادت کی جائے اور غیر اللہ کی عبادت سے اجتناب کیا جائے، اس کے پسند کردہ نظام کے مطابق زندگی بسر کی جائے اور انسانوں کے وضع کردہ نظاموں اور ازموں سے انفرادی اور اجتماعی زندگی کو پاک کیا جائے اور پاک رکھا جائے۔ اسی کی شریعت کی اطاعت کی جائے اور غیر شرعی قوانین سے بغاوت کی جائے۔ ظاہر ہے کہ اسلام صرف اعتقاد اور اقرار کے لیے نہیں آیا بلکہ عمل کے لیے آیا ہے اور اللہ تعالیٰ ایسی تسبیح و تحمید اور تہلیل و تکبیر سے راضی نہیں ہوتا جس کے مطابق عمل نہ کیا جائے۔ قرآن کریم کی ذیل میں درج آیت میں ذکر الٰہی سے ذکر بالعمل مراد ہے:

فَاذْكُرُونِيْ أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُواْ لِيْ وَلاَ تَكْفُرُوْن (البقرة:۱۵۲)

''پس تم مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا اور میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو''۔

وَاشْكُرُواْ لِيْ، فَاذْكُرُونِيْ کی تفسیر ہے اس لیے کہ شکر صرف زبان سے ''شکر الحمدللہ'' کہنے کا نام نہیں ہے۔ حقیقی شکر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی جائے اور اس کی عطا کردہ نعمتوں کو اسی کی رضا کے حصول کے لیے استعمال کیا جائے۔ امام قرطبیؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

''سعید بن جبیرؒ تابعی نے فرمایا ہے کہ آیت کا مفہوم یہ ہے کہ تم میری اطاعت کرو میں تم کو اجر اور مغفرت کے ساتھ یاد کروں گا۔ ذکر، اللہ کی اطاعت کو کہتے ہیں۔ پس جو شخص اس کی اطاعت نہیں کرتا وہ اس کا ذکر نہیں کرتا۔ اگرچہ اس کی تسبیح و تہلیل اور قرأت زیادہ ہو۔ ابن خویز منداد نے احکام القرآن میں نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ کی اطاعت کی اس نے اسے یاد کرلیا اور جس نے اللہ کی نافرمانی کی اس نے اسے بھلا دیا، اگرچہ اس کی (نفلی) نمازیں، روزے اور دوسری نیکیاں زیادہ ہوں''۔(تفسیر قرطبی، ص ۱۱۶، ج ۲، سورہ بقرہ:۱۵۶)

امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''ذکر کی فضیلت، تسبیح و تہلیل اور تحمید و تکبیر پر منحصر نہیں ہے بلکہ اللہ کے لیے عمل کرنے والا اور اس کی اطاعت کرنے والا بھی اللہ کو یاد کرنے والا ہے جیسا کہ سعید بن جبیرؒ نے کہا ہے اور دوسرے علما نے بھی فرمایا ہے۔ حضرت عطا بن ابی رباحؒ (امام ابوحنیفہؒ کے شیخ) نے کہا ہے کہ ''مجالس ذکر'' سے مراد وہ مجالس ہیں جن میں حلال و حرام، خرید و فروخت، نماز، روزے، نکاح و طلاق اور حج وغیرہ کے احکام بیان کیے جاتے ہیں (یعنی مجالس تعلیم و تعلم)......عطا نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جس نے پانچ نمازیں ان کے پورے حقوق کے ساتھ پڑھنے کی عادت بنالی ہو وہ اللہ کو کثرت کے ساتھ یاد کرنے والوں میں شامل ہے (الاذکار للنووی، ص ۳۰)

صحابہ کرامؓ کے تربیت یافتہ ان دو تابعین کے اقوال سے ثابت ہوتا ہے کہ نمازیں پڑھنا اور دوسرے اعمال صالحہ کرنا بھی ذکر الٰہی ہے۔ دینی علوم کی مجالس بھی ذکرِ الٰہی کی مجالس ہیں۔ خلاصہ یہ ہے دل، زبان اور عمل تینوں کی یک رنگی اور ہم آہنگی کے ساتھ اللہ کو یاد کرنا ذکر الٰہی ہے۔ اس کے بہت سے فضائل قرآن و سنت میں بیان ہوئے ہیں۔ اہل ذکر علما اور مشائخ نے

اس موضوع پر چھوٹی بڑی کتابیں لکھی ہیں جن کا مطالعہ کرنا دعوت دین واقامت دین کے کارکنوں کے لیے مفید ہی نہیں بلکہ ضروری ہے۔فضائل ذکر میں چند فضائل پیش خدمت ہیں:

فضیلت ذکر:

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللَّهَ ذِكْراً كَثِيراً Oوَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلاًO(سورہ الاحزاب: ۴۱۔۴۲)

''اے ایمان والو!اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو اور صبح وشام اللہ کی پاکی بیان کیا کرو''۔

فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانتَشِرُوا فِي الْأَرْضِ وَابْتَغُوا مِن فَضْلِ اللَّهِ وَاذْكُرُوا اللَّهَ كَثِيراً لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ(سورہ الجمعة:۱۰)

''جب جمعہ پڑھ لو تو رزق حلال کی تلاش میں زمین پر پھیل جاؤ اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے رہو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ''۔

وَالذَّاكِرِينَ اللَّهَ كَثِيراً وَالذَّاكِرَاتِ أَعَدَّ اللَّهُ لَهُم مَّغْفِرَةً وَأَجْراً عَظِيماً (سورہ الاحزاب:۳۵)

''اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مردوں اور یاد کرنے والی عورتوں کے لیے اللہ نے مغفرت اور اجرعظیم تیار کر رکھا ہے''۔

ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ مکہ کے راستے میں جمدان نام کے پہاڑ سے گزرتے ہوئے فرمایا:

سبق المفردون قالواومالمفردون؟قال الذاکرون اللہ کثیراً والذاکرات(مسلم ،کتاب الدعوات)

''دنیوی الجھنوں سے اپنے آپ کو الگ کرنے والے لوگ آگے بڑھ گئے۔صحابہ کرامؓ نے پوچھا: یہ مفردون کون لوگ ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں''۔

مفردون تفرید سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں الگ کرنا، جدا کرنا اور اکیلا وتنہا بنانا۔اس جگہ مراد وہ لوگ ہیں جو دنیوی دھندوں اور الجھنوں سے اپنے آپ کو الگ اور علیحدہ کر کے اللہ کو یاد کرتے ہوں یعنی سب سے کٹ کر اللہ کے ہو جاتے ہوں۔تفرید کا مفہوم وہی ہے جو تبتیل کا ہے یعنی سب سے کٹ کر اسی کی جانب متوجہ ہو جانا۔

سورہ مزمل میں ارشاد خداوندی ہے:

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلاً

''اور اپنے رب کے نام کا ذکر کرتے رہو اور سب سے کٹ کر اسی کی طرف متوجہ رہو''۔

تبتیل و تفرید کے معنی یہ نہیں ہیں کہ دنیا کے مشاغل سے اور لوگوں سے الگ ہو کر خلوت گزینی اختیار کر لی جائے۔یہ تو رہبانیت ہے جو بدعت ہے،سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ تعلّق باللہ دوسرے تمام تعلقات پر غالب ہو جائے اور خلوت درانجمن کی کیفیت پیدا ہو جائے کہ لوگوں کے درمیان رہتے ہوئے اور کام کرتے ہوئے بھی دل کا تعلّق اللہ کی طرف ہو۔''دست بکار و دل بیار'' کے حال ومقام پر فائز لوگوں کو مفردون کہا جاتا ہے۔اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور عورتیں وہ ہیں جنہوں نے اللہ کی رضا کو اپنا مقصد اور نصب العین بنا لیا ہو اور جنہوں نے اپنے دلوں کو دنیا کی محبت اور حرص سے خالی کر کے اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم اور دین کی محبت سے معمور کر لیا ہو۔وہ ہر وقت ذکر بالقلب،ذکر باللسان اور ذکر بالعمل میں مصروف ومشغول رہتے ہوں۔خواہ وہ حمد وتسبیح کی صورت میں ہو یا نماز اور تلاوت قرآن کی شکل میں ہو یا قرآن وسنت کی درس وتدریس کی حالت میں ہو۔علامہ نسفیؒ مدارک میں لکھتے ہیں

''اللہ کے ذکر کے مفہوم میں تسبیح،تہلیل،تکبیر،نماز یا تلاوت اور علم دین کی درس و تدریس سب شامل ہیں''۔(تفسیر مدارک،سورہ مزمل:۸)

امام نوویؒ نے اپنے شیخ ابن الصلاحؒ کا قول نقل کیا ہے کہ:

لیل ونہار کے مختلف اوقات واحوال کے لیے جو دعائیں اور اذکار ماثور ہیں ان کو پڑھنے والے اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والوں میں شامل ہیں(الاذکار للنووی،ص ۱۳)۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: اللہ کی رحمت کے امیدوار

اس کے بجائے اگر کوئی اونچی نیچی اور سخت زمین میں بیج بوئے جہاں پانی بھی نہ پہنچتا ہو اور پھر کٹائی کا انتظار کرے تو اسے حماقت اور غرور کہیں گے نہ کہ رحمت کی امید۔اگر کوئی شخص اچھی زمین میں بیج بوئے لیکن پانی وہاں موجود نہ ہو اور بارش کے پانی کا منتظر ہو تو اسے تمنا تو کہیں گے امید نہیں"۔

پس جب بندہ ایمان کا بیج بوئے ، اسے اطاعت کا پانی دے اور اپنے قلب کو برے اخلاق کے کانٹوں سے پاک کرے، پھر اللہ کی رحمت کا انتظار کرے کہ وہ اسی حالت پر زندہ رکھے موت تک اور مغفرت کے ساتھ اس کا خاتمہ کرے تو یہ حقیقی امید ہے جو کہ اطاعت اور موت تک ایمان کے تقاضے پر قائم ہے۔

اور اگر ایمان کے بیج کو اطاعت کا پانی نہ دیا اور دل برے اخلاق کے کانٹوں سے آلودہ رہا اور دنیا کی لذّتوں میں کھویا رہا اور اس کے ساتھ مغفرت کی امید بھی رکھی تو یہ سراسر حماقت اور غرور ہے۔

قول باری تعالیٰ ہے:

''پھر ان کے بعد ناخلف جانشین ہوئے جو کتاب کے وارث بن کر اسی دنیا کی زندگی کا مال سمیٹنے لگے اور کہتے تھے کہ ہمیں ''معاف کر دیا جائے گا''(الاعراف:۱۶۹)۔

''اور اگر مجھے اپنے رب کے ہاں لے جایا بھی گیا تو یقیناً اس سے بہتر جگہ پاؤں گا"۔(الکھف:۳۶)

اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں برائی سے اپنی پناہ میں رکھے اور ان لوگوں میں شامل کرے جو اللہ کی رحمت کی امید رکھتے اور اس کے تقاضوں کو پورا کرتے ہیں۔آمین

☆☆☆☆☆

نفاذ شریعت کی برکات

شیخ ابو یحییٰ اللیبی حفظہ اللہ

امت مسلمہ پر شب و روز ٹوٹنے والے مصائب و آلام اور پے در پے نازل ہونے والی مشکلات کے اسباب پر غور کرنے سے یہی وجہ سامنے آتی ہے کہ تمام مسلم علاقوں سے شریعت کی حکمرانی غائب ہو چکی ہے اور کفار کے افکار و قوانین اور ان کے سیاسی و معاشی نظام ہر سمت رائج ہیں۔ امت مسلمہ اپنی عزیز اور کامل شریعت کو چھوڑ کر بھٹکی ہوئی نگاہوں سے کبھی مشرق کی طرف دیکھتی ہے اور کبھی مغرب کی کاسہ لیسی اختیار کرتی ہے، خود کو اقوام کفر کی تہذیب و ثقافت میں ڈھالنے کے لیے کوشاں اور ان کی پامال راہوں پر چلنے کے لیے بے تاب محسوس ہوتی ہے اور اپنے محور دین اسلام سے ہٹ جانے کے بعد اس خلا کو پر کرنے کے لیے سرابوں کے پیچھے سرپٹ دوڑتی نظر آتی ہے۔ لیکن جوں جوں یہ سفر لمبا ہو رہا ہے توں توں پیاس بجھنے کے بجائے بڑھتی جا رہی ہے، مسائل ہیں کہ حل ہونے کی بجائے مزید پھیل رہے ہیں، جاہلیّت کی جڑیں مضبوط سے مضبوط تر ہو رہی ہیں اور اس راہِ ضلالت پر اٹھنے والا ہر قدم اس امت کو حق سے دور اور گمراہی سے قریب تر کرنے کا باعث بن رہا ہے۔ اللہ کی نازل کردہ شریعت سے پہلو تہی کرنے والے تمام افراد و اقوام کا یہی انجام ہوا کرتا ہے...... حیرت و اضطراب، بدحالی و عذاب، مصائب و آلام، دربدری و خواری، تنگی و بدبختی، تکلیف و پریشانی ...... جہاں نگاہ اٹھائیں آپ کو یہی سب نظر آئے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَمَنْ أَعْرَضَ عَن ذِكْرِي فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنكاً وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْمَى (طٰهٰ: ۱۲۴)

''اور جس نے بھی میری یاد سے منہ پھیرا تو یقیناً اس کی زندگی تنگ ہوگی اور روزِ قیامت ہم اسے اندھا کر کے اٹھائیں گے''۔

اس آیت کی تفسیر میں امام ابن کثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

"ای: خالف أمري، وما انزلته علی رسولي، أعرض عنه و تناساه واخذ من غیره هداه ﴿فاان له معیشة ضنكاً﴾ أی: في الدنیا، فلا طمانینة لـه، و لا انشراح لصدره، بل صدره ضیق حرج الضلالة، وان تنعم ظاهره، ولبس ماشاء وأکل ماشاء، وسکن حیث شاء، فان قلبه مالم یلخص الی الیقین والهدی، فهو في قلق و حیرة و شک، فلا یزال في ریبة یتردد، فهذا من ضنک المعیشة"۔

''یعنی (اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ) جو شخص میرے حکم کی مخالفت کرے، اس شریعت کو فراموش کرے جو میں نے اپنے رسول پر نازل کی، اس سے منہ پھیرے، اسے بھلا دے اور اسے چھوڑ کر دوسرے طریقوں کو اپنا لے (تو اس کی زندگی تنگ ہو جاتی ہے)...... اور زندگی تنگ ہو جانے کا معنی یہ ہے کہ اسے اطمینان قلب نصیب نہیں ہوتا اور اس کے دل میں کشادگی نہیں ہوتی بلکہ گمراہی میں گرفتار رہنے کی وجہ سے اس کا دل تنگ ہو جاتا ہے، گرچہ بظاہر وہ ناز و نعم میں رہے، جو چاہے پہنے، جو چاہے کھائے، جہاں چاہے رہے، مگر جب تک اس کا دل یقین و ہدایت کی منزل تک نہیں پہنچتا تب تک وہ حیرت و اضطراب، تنگی و عذاب اور شکوک و شبہات میں پھنسا رہتا ہے۔ زندگی تنگ ہونے کا یہی مطلب ہے''۔

(تفسیر ابن کثیر، سورۃ طه، آیة ۱۲۴)

یہ بدحالی اور عذاب جس طرح انفرادی سطح پر حق سے منہ پھیرنے والوں کا مقدر ہوتا ہے، اسی طرح معاشروں اور حکومتوں کی سطح پر بھی اگر اسلامی شریعت سے اعراض و انحراف کیا جائے اور ہلاکت و بربادی اور اتباعِ نفس کی راہ اختیار کی جائے تو اس کا نتیجہ بھی تنگی و عذاب اور ذلت و انحطاط کی صورت میں ہی ظاہر ہوتا ہے، ظاہر ہے کہ جب آپ آسمان و زمین کے خالق اور عالم الغیب جل جلالہ کی نازل کردہ شریعت کو چھوڑ کر لاعلم و جاہل انسان کے بنائے ہوئے قوانین و نظام رائج کریں گے تو زمین میں فساد ہی برپا ہوگا۔

شریعت کا نفاذ آسمانی برکتوں اور فراوانیٔ رزق کا باعث:

جس طرح شریعت سے منہ پھیرنا اللہ کے غضب کو دعوت دینے اور ذلت اور پریشانیاں مسلط کرنے کا باعث بنتا ہے، اسی طرح ایمان و تقویٰ اور اصلاح و استقامت کی راہ اختیار کرنے سے آسمانوں اور زمین سے رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔ بلاشبہ رب تعالیٰ کسی پر ظلم کرنے سے پاک ہے۔ رب کا فرمان ہے:

وَلَوْ أَنَّ أَهْلَ الْقُرَى آمَنُوا وَاتَّقَوا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِم بَرَكَاتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ وَلَـكِن كَذَّبُوا فَأَخَذْنَاهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ (الأعراف: ۹۶)

''اور اگر ان بستیوں والے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے، لیکن انہوں نے (دینِ حق کو) جھٹلایا تو ہم نے ان (برے) اعمال کی وجہ سے انہیں پکڑ لیا جو یہ کیا کرتے تھے''۔

اسی طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَلَوْ أَنَّهُمْ أَقَامُوا التَّوْرَاةَ وَالإِنجِيلَ وَمَا أُنزِلَ إِلَيهِم مِّن رَّبِّهِمْ لأكَلُوا مِن فَوْقِهِمْ وَمِن تَحْتِ أَرْجُلِهِم مِّنْهُمْ أُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ وَكَثِيرٌ مِّنْهُمْ سَاء مَا يَعْمَلُونَ (المآئدہ: ۶۶)

''اور اگر یہ لوگ تورات و انجیل اور اپنے رب کی نازل کردہ دیگر کتب کو ٹھیک ٹھیک قائم کرتے تو انہیں اپنے اوپر اور نیچے سے (وافر رزق) کھانے کو ملتا، ان میں سے

ایک گروہ تو درمیانی (درست) راہ پر چلنے والا ہے اور ان میں سے زیادہ تر لوگ جو کچھ کر رہے ہیں وہ بہت برا ہے''۔

نیز فرمایا:

وَأَلَّوِ اسْتَقَامُوا عَلَى الطَّرِيقَةِ لَأَسْقَيْنَاهُم مَّاءً غَدَقاً O لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ وَمَن يُعْرِضْ عَن ذِكْرِ رَبِّهِ يَسْلُكْهُ عَذَاباً صَعَداً (الجن:۱۶،۱۷)

''اور (وحی کی گئی) اگر یہ لوگ سیدھے راستے پر قائم رہتے تو ہم انہیں خوب سیراب کرتے، تاکہ ہم اس میں ان کی آزمائش کریں۔ اور جو کوئی اپنے رب کی یاد سے منہ موڑ لے گا تو وہ اسے بڑھتے چڑھتے عذاب میں داخل کرے گا''۔

مزید فرمایا:

مَنْ عَمِلَ صَالِحاً مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ أَجْرَهُم بِأَحْسَنِ مَا كَانُواْ يَعْمَلُونَ (النحل:۹۷)

''اور جس کسی نے نیک عمل کیے خواہ وہ مرد ہو یا عورت، بشرطیکہ وہ صاحبِ ایمان ہو تو ہم ضرور اسے (دنیا میں) پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے اور ہم ضرور (آخرت میں) انہیں ان کے اچھے کاموں کے عوض اجر و ثواب دیں گے''۔

بھوک، بیماریاں، دشمن کا تسلط اور بدامنی......کیوں؟

اس کے مقابلے میں جب ظلم عام ہو جائے (جس کی بڑی شکل اللہ تعالیٰ کے ساتھ کفر اور اس کی شریعت کا انکار ہے)، عدل اٹھ جائے اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پھیل جائے تو اس کا نتیجہ بھی بحر و بر میں فساد و تباہی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ أَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيقَهُم بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (الروم:۴۱)

''خشکی اور تری میں فساد ظاہر ہو گیا جو لوگوں کے ہاتھوں کی کمائی کا نتیجہ ہے (اور یہ اس لیے ہے) کہ اللہ تعالیٰ انہیں ان کے بعض اعمال کا مزہ چکھائے، شاید کہ وہ (ہدایت کی طرف) رجوع کر لیں''۔

دوسرے مقام پر فرمایا:

وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ (الشوریٰ:۳۰)

''اور تمہیں جو بھی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ تمہارے اپنے ہی کرتوتوں کی وجہ سے (پہنچتی ہے) اور بہت سی باتوں سے تو وہ درگزر ہی فرماتا ہے''۔

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"کیف أنتم اذا وقعت فیکم خمس وأعوذ بالله أن تکون فیکم أو تدرکوهن ماظهرت فاحشة فی قوم ویعمل بها فیهم علانیة الا ظهر فیهم الطاعون والأوجاع التی لم تکن فی اسلافهم ،وما منع قوم الزکاة الا منعوا القطر من السمآء،ولولاالبهائم لم یمطروا،ومابخس قوم المکیال والمیزان الا أخذوا بالسنین ، وشدة المؤنة، وجورالسلطان،وما حکم أمرائهم بغیر ما أنزل الله الا سلط علیهم عدوهم فاستنقذوا بعض مافی أیدیهم،وما عطلوا کتاب الله وسنة نبیه الا جعل الله بأسهم بینهم"

''اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب پانچ چیزیں تم میں وقوع پذیر ہوں گی اور میں اس بات سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں کہ یہ تم میں پائی جائیں یا تم انہیں پاؤ۔ جب بھی کسی قوم میں فحاشی پھیلتی ہے اور علی الاعلان اس کا ارتکاب کیا جاتا ہے تو اس قوم میں طاعون اور ایسی ایسی بیماریاں ظاہر ہوتی ہیں جو ان سے پچھلے لوگوں میں نہ تھیں، اور جب بھی کوئی قوم زکوٰۃ روک لیتی ہے تو آسمان سے بارش روک دی جاتی ہے اور اگر جانور نہ ہوتے تو بارش بالکل منقطع ہو جاتی، اور جب بھی کوئی قوم ناپ تول میں کمی کرتی ہے تو اس پر قحط نازل ہوتا ہے، بھوک اور افلاس بڑھ جاتا ہے اور وہ قوم حکمرانوں کے ظلم کا شکار ہو جاتی ہے، اور جب بھی ان کے حکمران اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ شریعت سے اعراض کرتے ہوئے دیگر قوانین کو حاکم بناتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کے دشمنوں کو ان پر مسلط کر دیتا ہے اور وہ دشمن ان کی ملکیت میں موجود بعض چیزیں ان سے چھین لیتا ہے اور جب بھی کوئی قوم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو معطل کر دیتی ہے تو اللہ اس کے درمیان پھوٹ ڈال دیتا ہے''۔

یہ حدیث امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں انہی الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔ نیز اس حدیث کو ابن ماجہؒ، حاکمؒ، ذہبیؒ اور بزارؒ نے بھی روایت کیا ہے۔ امام حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے اور امام ذہبی نے بھی آپ کی اس رائے سے موافقت ظاہر کی ہے۔

اتباعِ حق یا اتباعِ نفس:

دنیا میں دو ہی قسم کے لوگ آباد ہیں: ایک تو وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل کردہ حق کی پیروی کرتے ہیں جس کے نتیجے میں ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اترتی ہیں۔ ایسے لوگ سلامتی کے حق دار ٹھہرتے ہیں اور پاکیزہ زندگی ان کا مقدر بنتی ہے۔ دوسرے وہ لوگ ہیں جو راہِ حق کو چھوڑ کر اپنی خواہشات کے پیچھے بھاگتے ہیں اور شیطان کے مزین کردہ افکار کو اپنا لیتے ہیں۔ ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوتا ہے اور ان کے نصیب میں تباہی و بربادی لکھ دی جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ أَهْوَاءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ وَمَن فِيهِنَّ بَلْ أَتَيْنَاهُم بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَن ذِكْرِهِم مُّعْرِضُونَ (المومنون:۷۱)

''اور اگر (بالفرض محال) دینِ حق ان کی خواہشات کے تابع ہو جاتا تو آسمان و زمین اور جو کوئی اُن میں ہیں سب تباہ ہو جاتے، بلکہ ہم ان کے پاس ان کے لیے نصیحت لائے ہیں اور یہ اپنے (نفع والی) نصیحت ہی سے منہ موڑے ہوئے ہیں''۔

شریعت کا نظام یا جاہلیّت کا نظام؟

پھر اس دنیا میں دو ہی قسم کے نظام قائم ہو سکتے ہیں، ایک تو اللہ تعالیٰ کا نازل کردہ دینِ قویم ہے، جس پر ایمان لانے اور اس کے مطابق فیصلہ کرنے کا خود اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے۔ دوسرا جاہلیّت پر مبنی وہ کافرانہ نظام ہے جس کی کوئی اصل نہیں۔ یہ نفسانی خواہشات سے جنم لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ اسے ماننے والوں کا نہ تو کوئی فرض قبول کرتے ہیں اور نہ ہی نفل۔ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ شریعت کے سوا ہر حکم جہالت کا پلندہ ہے خواہ اسے کتنا ہی مزین اور خوبصورت کر کے پیش کیا گیا ہو اور ایک عالَم نے اسے اپنا رکھا ہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

أَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُونَ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ حُكْماً لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ(المآئدة:۵۰)

''(اگر یہ اللہ کے نازل کردہ قانون سے منہ موڑتے ہیں تو) کیا پھر جاہلیّت کا فیصلہ چاہتے ہیں، اور یقین رکھنے والوں کے لیے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا اور کون ہے''۔

دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا:

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلاَ تَطْغَوْاْ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ(هود:۱۱۲)

''(اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم) آپ (راہِ دین پر) ثابت قدم رہیں جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ لوگ بھی جو (کفر سے) توبہ کر کے آپ کے ساتھ ہیں۔ اور (دائرۂ دین سے) ذرا باہر نہ نکلیں، بے شک جو عمل بھی آپ کرتے ہیں وہ انہیں دیکھ رہا ہے''۔

مزید فرمایا:

فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ إِنَّكَ عَلَى الْحَقِّ الْمُبِينِ (79)

''پس اللہ پر توکل کیجیے، یقیناً آپ واضح حق پر ہیں''۔

ایک دوسرے مقام پر فرمایا:

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاء الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونO إِنَّهُمْ لَن يُغْنُوا عَنكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئاً وإِنَّ الظَّالِمِينَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاء بَعْضٍ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِينَO هَذَا بَصَائِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُوقِنُونَ(الجاثية:۱۸۔۲۰)

''پھر ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دین کے واضح راستے پر لگا دیا، لہٰذا آپ اس کی پیروی کریں اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کریں جو علم نہیں رکھتے۔ بلاشبہ وہ اللہ (کی پکڑ) سے (بچانے میں) آپ کے کچھ بھی کام نہیں آئیں گے اور بے شک ظالم لوگ ایک دوسرے کے دوست ہیں اور اللہ تو متقین کا دوست ہے۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لیے بصیرت افروز دلائل پر مشتمل ہے اور ان لوگوں کے لیے ہدایت و رحمت ہے جو یقین رکھتے ہیں''۔

نیز فرمایا:

فَذَلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلاَّ الضَّلاَلُ فَأَنَّى تُصْرَفُونَ(یونس:۳۲)

''یہی تو اللہ ہے جو تمہارا حقیقی رب ہے، پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا ہے؟ تو تم کدھر پھیرے جاتے ہو؟''

نفاذِ شریعت کے لیے جدوجہد......ایک فرض عبادت

پس نفاذِ شریعت کا معاملہ اتنا معمولی نہیں جتنا لوگوں نے سمجھ لیا ہے۔ یہ کوئی نفل یا مستحب قسم کی عبادت نہیں کہ ہمیں اس میں اختیار ہو...... یہ تو وہ اہم ترین فریضہ ہے جس پر اسلام کی بقا کا انحصار ہے! جیسا کہ ہمیں معلوم ہے، ''عبادت'' کا اطلاق اپنے عمومی معنی میں ایسے تمام ظاہری و باطنی اقوال و افعال پر ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ کو محبوب ہوں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تمام مخلوق کو اسی لیے پیدا کیا ہے کہ وہ اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت بجا لائیں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونOمَا أُرِيدُ مِنْهُم مِّن رِّزْقٍ وَمَا أُرِيدُ أَن يُطْعِمُون(الذاریات:۵۶،۵۷)

''اور میں نے جن و انس کو صرف اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا ہے، میں ان سے کوئی رزق نہیں چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں''۔

پھر ایک جگہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاء وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَذَلِكَ دِينُ الْقَيِّمَة(البينة:۵)

''اور انہیں یہی حکم دیا گیا تھا کہ یہ دین کو اللہ کے لیے خالص کرتے ہوئے یکسو ہو کر اسی کی عبادت کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں اور یہی سیدھی ملت کا دین ہے''۔

اسی طرح سورۂ زمر میں ارشاد ہوتا ہے:

قُلْ إِنِّي أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ اللَّهَ مُخْلِصاً لَّهُ الدِّينَ (الزمر:۱۱)

''آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دیجیے: بے شک مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ ہی کی عبادت کروں، اپنے دین کو اسی کے لیے خالص کرتے ہوئے''۔

لہٰذا ثابت ہوا کہ اس دین پر عمل، اس کی اقامت، اس کی نشر و اشاعت اور اس کا نفاذ عین عبادت ہے اور یہی وہ مقصد ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے ہمیں پیدا فرمایا ہے۔ پس ہم پر لازم ہے کہ ہم اس دینِ مبین کو تسلیم کرتے ہوئے مکمل طور پر اس میں داخل ہوں اور یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ ہمیں ایسا کوئی اختیار نہیں کہ اس دین میں کانٹ چھانٹ کر کے اپنی من پسند چیزیں منتخب کر لیں اور باقی احکامات کو مسترد کر دیں۔ اللہ تعالیٰ تو ہم سے اس دین کا مکمل نفاذ اور اس پر پورا پورا عمل درآمد چاہتے ہیں۔

دین میں پورے کے پورے داخل ہو جایئے!

اللہ عزوجل کا فرمان ہے:

يَـا أَيُّهَـا الَّذِيْنَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِيْ السِّلْمِ كَآفَّةً وَلاَ تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ (البقرة:۲۰۸)

''اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ اور شیطان کے نقشِ قدم پر مت چلو، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے''۔

علامہ سعدی رحمہ اللہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"هذا أمر من الله تعالىٰ للمؤمنين أن يدخلوا في السلم كافة، أي: في جميع شرائع الدين، ولا يتركوا منها شيئاً، وأن لا يكونوا ممن اتخذ الهه هواه، ان وافق الأمر المشروع هواه فعله، وان خالفه تركه، بل الواجب أن يكون الهوى تبعاً للدين، وأن يفعل كل ما يقدر عليه من أفعال الخير، وما يعجز عنه يلتزمه وينويه فيدركه بينته"۔

''یہاں اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو اس بات کا حکم دیا ہے کہ اسلام میں پوری طرح داخل ہو جائیں، یعنی تمام اسلامی احکامات پر عمل پیرا ہوں، ان میں سے ایک حکم کو بھی ترک نہ کریں۔ نیز اُن لوگوں کی طرح نہ بنیں جنہوں نے اپنی خواہشات کو معبود بنا رکھا ہے کہ اگر حکمِ شرعی ان کی خواہش کے مطابق ہو تو اس پر عمل کرتے ہیں اور مخالف ہو تو اسے چھوڑ دیتے ہیں...... حالانکہ ان پر لازم تو یہ تھا کہ اپنی خواہشات کو دین کے تابع کرتے اور حسبِ استطاعت تمام شرعی احکام پر عمل پیرا ہوتے اور جو اعمال بجالانا ان کے بس سے باہر ہوتا، ان کی تعمیل کا ارادہ و عزم رکھتے اور اس طرح اپنی صالح نیت کی بنا پر ان کا ثواب بھی پالیتے''۔

(تفسیر السعدی، سورہ البقرة، آیة ۲۰۸)

اپنے تمام فیصلے شریعت کے سپرد کر دیجیے!

ایک اور مقام پر اللہ رب العزت فرماتے ہیں:

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْراً أَن يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَمَن يَعْصِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالاً مُّبِيناً (الاحزاب:۳۶)

''اور کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ حق نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے کا فیصلہ کر دیں تو ان کے لیے اپنے معاملے میں کوئی اختیار (باقی) رہے۔ اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے تو یقیناً وہ کھلی گمراہی میں جا پڑا''

امام المفسرین ابن جریر رحمہ اللہ اس آیت کے تحت لکھتے ہیں:

"لم يكن لمؤمن بالله ورسوله، ولا مؤمنة اذا قضى الله ورسوله في انفسهم قضاء أن يتخيروا من أمرهم غير الذي قضى فيهم، و يخالفوا أمر الله وأمر رسوله وقضاءهما فيعصوهما، ومن يعص الله و رسوله فيما أمرا أو نهيا ﴿فقد ضل ضلالا مبينا﴾ فقد جار عن قصد السبيل، وسلك غير سبيل الهدى والرشاد"۔

''کسی بھی مومن مرد یا مومن عورت کو یہ حق نہیں حاصل کہ جب اللہ اور اس کا رسول ان کے بارے میں کوئی فیصلہ کر دیں تو پھر وہ اس فیصلے سے مختلف کوئی فیصلہ چننے کا اختیار اپنے پاس باقی رکھیں اور اللہ اور اس کے رسول کے حکم اور فیصلے کی مخالفت کرتے ہوئے ان کی نافرمانی کریں اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کے اوامر و نواہی میں ان کی نافرمانی کی ﴿تو وہ صریح گمراہ ہو گیا﴾ یعنی سیدھے راستے سے ہٹ کر گمراہی میں جا پڑا اور رشد و ہدایت کی راہ کو چھوڑ بیٹھا''۔

(التفسير الطبری، سورة الأحزاب، آية ۳۶)

آج معرکہ دراصل نفاذِ شریعت کا معرکہ ہے:

ہر مخلص مسلمان جو رب کی رضا کا متلاشی ہے اور اپنے دین کے معاملے میں لاپرواہی کا شکار نہیں، اس پر لازم ہے کہ نفاذِ شریعت کو اپنی توجہ کا مرکز بنائے اور اپنی تمام صلاحیتیں اس کے لیے وقف کرے۔ حاکمیت شریعت اور نفاذ دین کا معرکہ ہی عصر حاضر کا اصل معرکہ ہے۔ اللہ کی رضا و ناراضی کی تمام راہیں اسی کے گرد گھومتی ہیں۔ موجودہ زمانے کے اولیائے رحمٰن اور اولیائے شیطان کے درمیان اسی مسئلے پر جنگ ہو رہی ہے۔ اگر ایک طرف رحمٰن کا لشکر ہے تو دوسری طرف شیطان ہے جو جاہلی نظاموں کو مزین کر کے پیش کرتا ہے اور کفریہ قوانین کی طرف بلاتا ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اس نے جن و انس کے پورے پورے لشکر تیار کر رکھے ہیں، جو اپنی ملمع شدہ باتوں سے لوگوں کو گمراہ کر رہے ہیں، انہیں تباہ کرنے کے لیے ہر ممکن حیلہ و وسیلہ بروئے کار لا رہے ہیں اور جہنّم کے دروازوں پر کھڑے صبح شام ندائیں لگا رہے ہیں: اے لوگو! آؤ ہماری طرف...... اے لوگو! آؤ ہماری طرف......! یہ شیاطین لوگوں کی راہ میں شبہات و شہوات کے خطرناک جال بچھا کر انہیں پھنساتے ہیں اور ان کی آخرت برباد کرنے کے لیے ہر دم کوشاں رہتے ہیں۔ انسانیت آج واضح طور پر دو گروہوں میں تقسیم ہو چکی ہے۔ ایک طرف ''طائفۂ حق'' ہے جو راہِ حق کی طرف دعوت دیتا ہے، اصلاح کی طرف بلاتا ہے اور حق ہی کی خاطر لڑتا ہے...... جبکہ دوسری طرف ''طائفۂ ضلال و وبال'' ہے جو ہلاکت کی دعوت دیتا ہے، فساد کی طرف بلاتا ہے اور اپنی تمام توانائیاں اسی مکروہ مقصد کے حصول میں کھپاتا ہے۔ ان دونوں گروہوں پر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان مبارک صادق آتا ہے کہ:

الَّذِيْنَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِيْ سَبِيْلِ اللّهِ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيْفاً (النساء:۷۶)

''جو لوگ ایمان لائے وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں لڑتے ہیں اور جن لوگوں نے کفر کیا وہ طاغوت کی راہ میں لڑتے ہیں، پس تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو، بے شک شیطان کی چال نہایت کمزور ہے''۔

(بقیہ صفحہ نمبر ۱۳ پر)

اللہ کی حاکمیت اور پاکستان کا آئین

ڈاکٹر ایمن الظواہری حفظہ اللہ

اسلام میں حاکمیت اور قانون سازی محض اللہ تعالیٰ کا حق ہے

قانون سازی کو محض اللہ مالک الملک ہی کا حق سمجھنا اسلامی عقائد کے بنیادی اصولوں میں شامل ہے اور قرآنِ کریم کی بہت سی آیات اس پر دلالت کرتی ہیں۔حق تعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْا اِلَّآ اِيَّاهُ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ﴾ (یوسف: ۴۰)

''حاکمیت تو صرف اللہ ہی کے لیے خاص ہے، اُس نے حکم دیا ہے کہ تم صرف اُسی کی عبادت بجالاؤ، یہی مستحکم دین ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے''۔

اسی طرح اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں:

﴿وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ هُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا وَلَوْشَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰكُمْ فَاسْتَبِقُواالْخَيْرٰتِ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ۔ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ هُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ۔ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ﴾ (المآئدۃ: ۴۸-۵۰)

''اور (اے پیغمبر علیہ السلام) ہم نے آپ پر سچّی کتاب نازل فرمائی ہے جو اس سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اُن پر نگہبان ہے، پس آپ ان کے درمیان اللہ کی نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلہ کیجیے اور جو حق آپ کے پاس آچکا ہے اُس سے روگردانی کرتے ہوئے ان کی خواہشات کی پیروی مت کیجیے۔اور ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک دستور اور طریقہ مقرر کیا ہے۔اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا، لیکن جو حکم اُس نے تمہیں دیے وہ ان میں تمہاری آزمائش کرنا چاہتا ہے۔سو نیک کاموں میں جلدی کرو، تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پھر جن باتوں میں تم اختلاف کرتے تھے وہ تمہیں بتلا دے گا۔اور (ہم پھر تاکید کرتے ہیں کہ اے نبیؐ! آپ) ان کے درمیان اللہ کی نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلہ کیجیے اور ان کی خواہشات کی پیروی مت کیجیے اور اس سے خبردار رہیے کہ یہ اللہ کی جانب سے آپ کی طرف نازل کردہ کسی حکم سے آپ کو ہٹا نہ دیں۔پھر اگر یہ نہ مانیں تو جان لیجیے کہ اللہ چاہتا ہے کہ ان کے بعض گناہوں کے سبب ان پر مصیبت نازل کرے، اور یقیناً لوگوں کی اکثریت تو فاسقوں پر مشتمل ہے۔(اگر یہ اللہ کے نازل کردہ قانون سے منہ موڑتے ہیں تو) کیا پھر جاہلیّت کا فیصلہ چاہتے ہیں، اور یقین رکھنے والوں کے لیے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا اور کون ہے''۔

پس اگر کوئی قوم، جماعت، معاشرہ، حکومت یا نظام یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ مسلمان ہیں اور احکامِ اسلام پر کاربند ہیں تو ضروری ہے کہ وہ قانون سازی اور فیصلہ کرنے کا حق بھی اللہ ہی کے لیے خالص کریں۔اور اگر ان میں سے کوئی گروہ یہ زعم بھی رکھتا ہے کہ وہ مسلم ہے لیکن اللہ رب العزت کا یہ حق تسلیم کرنے سے بھی انکاری رہتا ہے اور اپنے معاملات میں شریعت کی طرف رجوع بھی نہیں کرتا......تو اللہ نے ایسے لوگوں کے بارے میں واضح فیصلہ فرمادیا ہے کہ وہ قطعاً مومن نہیں۔حق تعالیٰ شانہٗ فرماتے ہیں:

﴿فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا﴾ (النساء: ۶۵)

''تمہارے پروردگار کی قسم! یہ لوگ اس وقت تک ہرگز مومن نہیں ہوسکتے جب تک (اے نبیؐ) تمہیں اپنے باہمی تنازعات میں منصف نہ بنالیں اور جو فیصلہ تم کرو اس پر اپنے دل میں تنگی بھی محسوس نہ کریں اور اس کے آگے سرِ تسلیم خم کردیں''۔

پاکستان میں قانون سازی کا مطلق حق پارلیمانی اکثریت کو حاصل ہے

درج بالا اسلامی عقیدے کی روشنی میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پاکستان میں قانون سازی اور فیصلے کا حق کس کے پاس ہے؟ کیا یہ حق صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لیے مختص ہے؟ یا یہ اس پارلیمان کی غالب اکثریت کا حق ہے جسے یہ 'مجلسِ شوریٰ' کے نام سے بھی پکارتے ہیں؟

اس نہایت اہم سوال کا حتمی جواب ہمیں ریاستِ پاکستان کی اساسی قانونی دستاویزات میں ملتا ہے۔چنانچہ جب ہم دستورِ پاکستان پر نگاہ ڈالتے ہیں، جو بقول ان کے ''ابوالقوانین'' ہے، تو اس میں یہ بات پوری وضاحت اور قطعیت کے ساتھ درج ہے کہ دستور میں ترامیم کرنے اور نئے قوانین صادر کرنے کا حق نمائندگانِ پارلیمان کی غالب اکثریت کے سوا کسی کو حاصل نہیں۔

لہٰذا دستور کے عطا کردہ حق کے مطابق اگر یہ لوگ چاہیں تو پاکستان کا نام ''اسلامی جمہوریہٴ پاکستان'' رکھ دیں، اور اگر یہی لوگ چاہیں تو دوتہائی اکثریت کے ساتھ اس

کا نام تبدیل کر کے ''امریکی جمہوریہ پاکستان'' یا ''مسیحی جمہوریہ پاکستان'' رکھ دیں......ان کے اکثریتی فیصلے کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہیں۔اسی طرح اگر نمائندگانِ پارلیمان چاہیں تو ''وفاقی شرعی عدالت'' قائم کر دیں، اور اگر چاہیں تو ''وفاقی غیر شرعی عدالت'' قائم کر دیں، ان کو مکمل حق حاصل ہے۔اسی طرح اگر یہ چاہیں تو دستور کو مکمل تبدیل کر کے اس میں سے وہ مواد بھی حذف کر دیں جس کی بنا پر دستورِ پاکستان یا ریاستِ پاکستان کے اسلامی ہونے کا شبہہ پیدا ہوتا ہے...... یہ ان کا حق ہے جس کی ضمانت خود دستور انہیں فرہم کرتا ہے۔

دستور کی دفعہ ۲۳۸ واضح طور پر بیان کرتی ہے کہ پارلیمان کو دستور میں ترمیم کا حق حاصل ہے۔ جبکہ دفعہ ۲۳۹ میں آئینی ترمیم کے لیے دوتہائی اکثریت کی شرط لگائی گئی ہے۔اسی دفعہ کے تحت پانچویں اور چھٹے بند میں دو انتہائی اہم باتیں نصاً مذکور ہیں :

پہلی بات یہ کہ کسی بھی آئینی ترمیم کے خلاف کسی سطح کی عدالت میں کسی بنیاد پر اعتراض کرنا ممکن نہیں۔

دوسری بات یہ کہ ہر قسم کے شک کو رفع کرنے کے لیے یہ بات بھی واضح کر دی گئی ہے کہ مجلسِ شوریٰ (یعنی پارلیمان) کو دستور کی دفعات میں ترمیم کا لامحدود اختیار حاصل ہے۔

ممکنہ شبہات اور ان کا رد

یہاں دو شبہات وارد ہو سکتے ہیں :

پہلا شبہہ : اراکینِ پارلیمان مسلم معاشرے کی مصلحت ہی کے لیے دستور سازی کرتے ہیں

ممکن ہے کہ کوئی اعتراض کرنے والا یہ کہے کہ آخر اس بات میں حرج ہی کیا ہے کہ ''مسلم عوام کے نمائندگان'' باہمی مشورے سے ''مسلم معاشرے کی مصلحت'' کی خاطر دستور سازی کریں؟

اس شبہہ کا جواب یہ ہے کہ دستور کی مذکورہ نصوص میں ایسی کوئی قید نہیں لگائی گئی جو اس اعتراض میں ذکر کی گئی ہیں ؛ یعنی نہ تو اس میں ''مسلم معاشرے'' کا ذکر ہے اور نہ اس کی ''مصلحت'' کا۔ یہ نصوص تو دستور میں ترمیم کے لیے دوتہائی اکثریت کے اتفاق کے علاوہ کوئی شرط نہیں لگاتی ہیں اور پھر نہایت تاکید کے ساتھ دوتہائی ارکانِ پارلیمان کے آئینی ترمیم کے حق کا بھر پور تحفظ بھی کرتی ہیں۔

پس یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ دستورِ پاکستان کے تحت تمام امور میں قبول ورد کا حتمی فیصلہ نمائندگانِ پارلیمان کی دوتہائی اکثریت کو حاصل ہے۔ دستور کا یہ اصول شریعت کے بالکل منافی ہے۔اسلام تو ہمیں یہ سکھلاتا ہے کہ یہ مقام صرف اللہ کی نازل کردہ شریعت کو حاصل ہے کہ اس کے ہر حکم کو بلانزاع قبول کیا جائے، ہر اس قانون، حکم یا ضابطے کو رد کر دیا جائے جو شریعت کے موافق نہ ہو اور کسی کا بھی یہ حق تسلیم نہ کیا جائے کہ وہ خلافِ شریعت فیصلہ کرے......خواہ اس فیصلے کو دوتہائی اکثریت بلکہ پورے پارلیمان کی اجماعی تائید ہی کیوں نہ حاصل ہو۔

دوسری بات یہ کہ اس بات میں کوئی حرج نہیں کہ مسلم معاشرے کے نمائندے اپنے قوانین یا دستور کی نصوص میں ترمیم و اصلاح کریں بشرطیکہ یہ سارا عمل اللہ کے دین اور اس کی شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے انجام پائے، لیکن دستور میں تو ایسی کوئی شرط مذکور نہیں۔ پاکستان کا دستور تو الٹا اس بات پر زور دیتا نظر آتا ہے کہ دوتہائی اکثریت کو دستور میں ہر قسم کی ترمیم کا حق حاصل ہے، اور غالب اکثریت کے فیصلے پر کسی قسم کی کوئی قدغن نہیں۔

دوسرا شبہہ : شریعت سے متصادم قوانین کو دور کرنے کے لیے وفاقی شرعی عدالت تشکیل پا چکی ہے

ممکن ہے کہ کوئی معترض یہ کہے کہ دستور نے وفاقی شرعی عدالت کو یہ حق دیا ہے کہ وہ قرآن وسنت سے متصادم ہر قانون کو رد کر دے۔اس اعتراض کا تفصیلی جواب تو آگے چل کر وفاقی شرعی عدالت پر بحث کے تحت آئے گا، لیکن سرِ دست صرف اتنا کہنے پر اکتفا کروں گا کہ اس عدالت کو بھی دیگر عدالتوں کی طرح دستور کی دفعات پر نگاہ ڈالنے کا حق حاصل نہیں کیونکہ یہ اس کے دائرۂ اختیار سے ہی باہر ہے اور یہ بات دستور میں پوری صراحت کے ساتھ مذکور ہے۔(اقتباس از سپیدۂ سحر)

☆☆☆☆☆

بقیہ: نفاذ شریعت کی برکات

امت کا حکمران طبقہ نفاذِ شریعت میں حائل اساسی رکاوٹ ہے :

آج مسلمانوں کے ممالک کا عمومی منظر یہ بن چکا ہے کہ اسلامی شریعت غائب ہے اور ایک چھوٹا سا طبقہ وہاں مسلط ہو کر شریعتِ مطہرہ کے نفاذ میں اساسی رکاوٹ اور کفریہ قوانین کے نفاذ کا حامی و ٹھیکہ دار بنا بیٹھا ہے۔ یہ کوئی ایک دو روز کی بات نہیں بلکہ کئی دہائیوں سے امت مسلمہ اسی حالت کا شکار ہے۔نتیجتاً ایسی نسلوں نے جنم لیا ہے جو اسلام کا صرف نام جانتی ہیں، شرعی احکامات کے بھی محض عناوین سے آگاہ ہیں اور ایک طویل عرصہ گزر جانے کی وجہ سے ان غیر شرعی نظاموں سے مانوس ہو چکی ہیں۔غفلت کے مرض سے محفوظ چند خوش نصیبوں کے سوا اس امت کی بڑی اکثریت اس بات کا شعور تک نہیں رکھتی ہے کہ وہ جاہلی نظام تلے جینے جیسی عظیم مصیبت میں مبتلا ہے۔ بلا شبہ سوچنے سمجھنے کی صلاحیتیں سلب ہو چکی ہیں اور دل مردہ ہو گئے ہیں......وگرنہ لوگوں کو اگر صحیح معنی میں اس افسوس ناک صورت حال کا ادراک ہو اور یہ معلوم ہو کہ شریعت سے اعراض کا نتیجہ کتنا بھیانک ہوتا ہے اور کفریہ نظاموں تلے زندگی بسر کرنے سے معاشرے پر کیا اثر پڑتا ہے تو وہ ان نظاموں سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ہر قیمتی شے لٹائیں اور نفاذِ اسلام کے لیے اپنی جان و مال تک قربان کرنے سے دریغ نہ کریں۔کفریہ قوانین کا نفاذ اور شرعی احکام کا مفقود ہونا اتنی عظیم مصیبت ہے کہ اس کے سامنے ہر مصیبت ہیچ ہے......والله المستعان!(حد السنان)

☆☆☆☆☆

(قسط دوم)

سرمایہ دارانہ جمہوری نظام کی شرعی حیثیت

مولانا محمد احمد حافظ

جمہوریت کیا ہے؟

اب ہم آتے ہیں جمہوریت کی طرف!......جمہوریت سرمایہ دارانہ نظام کی سیاسی اور معاشرتی تنظیم......اور حقوق انسانی کے نفاذ کا آلہ کار ڈھانچہ ہے۔جمہوریت ایسا تنظیمی ڈھانچہ ہے جو جبر کا ایک ایسا ماحول وضع کرتا ہے کہ فرد اللہ تعالیٰ کی مرضی ومنشا کو ترک کر کے صرف اپنی خواہش اور سرمائے کی بندگی کرے۔

جمہوریت کی علمی اساس:

ہم گزشتہ سطور میں واضح کر چکے ہیں کہ مغرب کا ایک خاص تصورِ انسان ہے جس کے مطابق قائم بالذات ہے اور وہ ان معنوں میں آزاد ہے کہ اپنے لیے خیر وشر کے پیمانے خود وضع کر سکتا ہے۔یہی جمہوریت کی علمی بنیاد ہے۔

تاریخی طور پر جمہورت کا تصور کئی سو سال قبل از مسیح بھی موجود تھا۔افلاطون کی ''ری پبلک''،جمہوریت ہی کی ایک شرح ہے۔یونان اور سلطنت روما کے مختلف ادوار میں بھی جمہوریت رائج رہی۔پھر ایک عرصے تک یورپی ممالک میں بادشاہت قائم رہی.....مگر ایک بات جو نوٹ کرنے کی ہے وہ یہ کہ جمہوریت کبھی بھی کسی مذہبی معاشرے سے وابستہ نہیں رہی۔اس لیے کہ جمہوریت کا ڈھانچہ ایسا ہے کہ یہ صرف مذہب مخالف معاشروں سے وابستہ ہوسکتی ہے۔دوسرے لفظوں میں جمہوریت منکر اللہ و رسول معاشروں کی حکومتی اور ریاستی صف بندی کا ایک خاص طریقہ ہے۔جدید دور کی جمہوریت کا ایک خاص پس منظر اور اس کا ایک خاص تصورِ انسان ہے۔یہ وہی تصورِ انسان ہے جس پر ہم پچھلی سطور میں بحث کر آئے ہیں۔

جناب زاہد صدیق مغل کے بقول:

''جمہوریت کو علمی بنیادیں فراہم کرنے کے سلسلے میں تھامس ہابس (Thomas Hobbas,1588-1679)،جان لاک (John Locke, 1632-1704)اور جیک روسو (Jacques Rousseau, 1712-1778) کلیدی حیثیت رکھتے ہیں اس نظامِ حکومت کی بنیاد ایک خودمختار (Autonomous)، آزاد (Free)اور قائم بالذات (Selfdetermined) تصورِ فرد پر قائم ہے۔اس تصورِ انسان کو ہیومن کہتے ہیں۔یعنی یہ ایک ایسا ریاستی نظام ہے جس میں حکومت کا مقصد افراد کی زیادہ سے زیادہ آزادی کو ممکن بنانا ہوتا ہے تاکہ وہ اپنی زیادہ سے زیادہ خواہشات کو جیسے وہ چاہیں پورا کر سکیں''۔(جریدہ نمبر ۳۷ صفحہ نمبر ۱۱۷، شعبہ تصنیف و تالیف ، جامعہ کراچی)

جمہوری نظام کی ماہیت کیا ہے؟

جمہوری نظام کی پہلی بنیاد انتخابات ہیں،جن میں مختلف لوگ امیدوار بنتے ہیں کہ وہ پارلیمنٹ کے ممبر بنیں گے۔ریاست کے افراد انہیں مساوی بنیادوں پر ووٹ دیتے ہیں،یعنی مرد وعورت، عالم وجاہل، زاہد ومتقی اور چور ڈاکو، زانی شرابی سب مساوی بنیادوں پر اپنے امیدوار کو ووٹ دیتے ہیں۔امیدوار بھی انتخابات میں مساوی حیثیت میں حصّہ لیتے ہیں اس لیے کہ پارلیمنٹ کا رکن ایک شیخ الحدیث بھی بن سکتا ہے اور چور اچکا، منافع خور، اسمگلر اور قاتلوں کا سرغنہ بھی رکن بن سکتا ہے......الیکشن کے بعد جو لوگ پارلیمنٹ میں جاتے ہیں وہ پہلے ایک دستور وضع کرتے ہیں (یا پہلے سے وضع شدہ دستور ہوتا ہے جو اصلاً انسانی حقوق کے تابع ہوتا ہے) پھر اسی دستور کی روشنی میں قانون سازی کی جاتی ہے۔اس سارے عمل میں کتاب اللہ کا کوئی رول نہیں ہوتا۔

[گو کہ پاکستان کے دستور میں ایک قراردادِ مقاصد کے ذریعے پارلیمنٹ کتاب وسنت کی روشنی میں قانون سازی کی پابند ہے مگر اس حقیقت سے جائے فرار نہیں کہ قراردادِ مقاصد کی حیثیت محض ایک ''علامت'' کی ہے۔پھر اس میں بھی آزادئ فرد کے تمام تصورات کو اس طرح سمو دیا گیا ہے کہ بالآخر حقوقِ انسانی کا کافرانہ ومشرکانہ چارٹر ہی بالادست ٹھہرتا ہے۔]

جمہوری نظام میں بیوروکریسی یا انتظامیہ (محکمہ جاتی افراد، پولیس، فوج) اور عدلیہ، یہ تمام حکومتی طبقے سرمایہ دارانہ تصورات اور سرمایہ دارانہ عدل کے قیام ونفاذ کے ضامن ہوتے ہیں......یوں جمہوری نظام کے ذریعے سرمایہ دارانہ جبر کا ماحول پروان چڑھتا ہے جہاں ہر انسان اس بات پر مجبور ہوتا ہے کہ:

☆مذہب کو اپنی اجتماعی زندگی سے نکال کر انفرادی زندگی تک محدود کردے۔

☆عبادت الٰہی کو حتی الامکان کم وقت دے اور سرمائے کی بڑھوتری کے لیے زیادہ وقت صرف کرے۔

☆اپنے معاشرتی تعلقات کو محدود کردے۔

☆دینی تعلیمات کو سیکھنے کی بجائے سوشل سائنسز کو زیادہ وقت دے تاکہ سرمائے کی بڑھوتری میں زیادہ بہتر انداز میں شمولیت کر سکے۔[دینی مدارس میں اصلاحات کے لیے مغربی ممالک کا دباؤ اور مدارس میں سوشل سائنسز اور کمپیوٹر سائنسز کو داخل کرنے کا مطالبہ اسی لیے ہے کہ وہ علما کو اور طلبہ کو بے کار محض سمجھتے ہیں اور انہیں ''کار آمد'' بنانے کے لیے اس قسم کی اصلاحات پر زور دیتے ہیں۔ایک طرف تو یہ بات ہے دوسری طرف یہ مقصد بھی ہے کہ مدارس کے نظام میں دخل اندازی کر کے وارثانِ محراب ومنبر کو توکل، قناعت اور زہد وتقویٰ کی

راہ سے ہٹا کر مادیت کا پرستار بنادیا جائے]

اس تفصیل کے بعد ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ جمہوریت اپنے ماخذات کی بنیاد پر اسلام سے مکمل طور پر متصادم اور باطل نظریہ ونظام ہے۔اس نظام میں حصّہ لینا، ووٹ دینا اور لینا مندرجہ ذیل وجوہ کی بنا پر حرام ہے:

جمہوریت عبدیت کا انکار ہے:

جمہوری حکومت کی پہلی بنیاد حاکمیت عوام ہے، جمہوریت کی تعریف ہی یہ ہے:

Government of the people by the people for the people

''عوام کی حکومت عوام کے ذریعے عوام پر''...... یہ جمہوریت کا بنیادی اصول ہے۔ جو کھلا کلمۂ کفر ہے۔اس لیے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اور اقتدار کے انکار کے علاوہ انسان کی بندگی کا بھی انکار ہے۔دوسرے لفظوں میں حاکمیتِ انسان کا مطلب انسان کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانا ہے۔قرآن مجید میں ارشاد ہے:

الا له الخلق والامر(الاعراف)

له الحکم واليه ترجعون(القصص)

ولایشرک فی حکمه احدا(الکهف)

ان الحکم الا لله امر الا تعبدواالا اياه(يوسف)

ان آیات کے علاوہ بھی متعدد آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس ہی حکم وحکومت کی سزاوار ہے۔قانونِ شریعت میں انسان اللہ کا بندہ اور خلیفہ ہے، اسے یہ حق نہیں کہ خود خدا بن بیٹھے۔بہرحال ان آیات کی روشنی میں جب ہم جمہوری عمل کا جائزہ لیتے ہیں تو مندرجہ ذیل قباحتیں سامنے آتی ہیں:

جمہوریت شرک فی الحکم ہے:

مقنن اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، انسان عبد ہونے کے ناطے اس بات کا پابند ہے کہ وہ قوانین شریعت کو بلا چون و چرا تسلیم کرے اور ان پر عمل درآمد کرے۔انسان کو حق حاصل نہیں کہ وہ خود قانون ساز بن کر بیٹھ جائے اور حاکمیتِ الٰہ میں شریک ہوجائے۔ایسا کرنا شرک فی الحکم ہے۔(یہ بات یادرہے کہ یہ بات شرک جب ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کو اپنا معبُود والٰہ بھی مانتا ہو، اگر وہ حاکمیت انسان کا یہ مطلب لے کہ ذات باری تعالیٰ کا کوئی وجود نہیں وہ خود ہی حاکم ہے تو یہ دہریت ہے جیسا کہ اکثر مغربی ممالک میں اسی بات کا تصور پایا جاتا ہے)۔

قرآن مجید میں شرک کے بارے میں فیصلہ ہے کہ:

إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ(لقمان:۱۳)

''بے شک شرک ظلم عظیم ہے''۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

إِنَّ اللّٰهَ لاَ يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلاَلاً بَعِيدًا(النساء:۱۱۶)

''بے شک اللہ اس چیز کو نہیں بخشے گا کہ اس کا شریک ٹھہرایا جائے، اس کے علاوہ جس کے لیے چاہے گا بخش دے گا اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے گا وہ بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا''۔

جمہوریت انسانوں کو یہ حق فراہم کرتی ہے کہ وہ ووٹ کے ذریعے اپنی حاکمیت کو قائم کریں، پارلیمنٹ میں اپنے نمایندے بھیجیں جو مفاد عامہ کے مطابق قانون سازی کریں، چنانچہ یہ عمل شرک ہونے کے سبب باطل ہے۔

الٰہی نظام سے بغاوت کا سرچشمہ:

الف: جمہوری قوانین کے ماخذ انسانی حقوق کے چارٹر میں انسانوں کا پہلا حق آزادی (Freedom) کو تسلیم کیا گیا ہے۔آزادی کا یہ حق انسانی حقوق کا بہت خاص حق ہے اور ہر ممکن کوشش کی گئی ہے کہ آزادی (اللہ تعالیٰ سے بغاوت، راہِ بندگی سے فرار) کی راہ میں کوئی رکاوٹ نہ رہے۔آزادیٔ رائے، آزادیٔ اظہار، آزادیٔ مذہب وعقیدہ، آزادیٔ نسواں اور کئی دیگر قسم کی آزادیوں کو اس ایک قسم میں سمو دیا گیا ہے۔چنانچہ جمہوری پارلیمنٹ میں جو بھی قانون سازی کی جاتی ہے وہ آزادی کی تمام اقسام کو مدنظر رکھتے ہوئے کی جاتی ہے، ہم یہ بتا آئے ہیں کہ انسانی حقوق کے چارٹر میں انسانوں کو دی گئی آزادی کا مطلب انکارِ بندگی کے سوا کچھ نہیں۔

قرآنی فکر کے مطابق انسان آزاد نہیں ہے، وہ بندہ ہے اللہ وحدہ لاشریک کا۔ چنانچہ اسے حکم ہے کہ وہ اسی کی بندگی کرے، بندگی بھی ایسی جس میں غیر اللہ کی بندگی کا شائبہ بھی نہ ہو۔

وما امروا الالیعبدوآ الها واحدا لا اله الا هو سبحانه عما یشرکون

''انہیں صرف ایک ہی معبُود کی عبادت کا حکم دیا گیا، اس کے سوا کوئی معبُود نہیں، وہ پاک ہے ان چیزوں سے جن کو یہ شریک ٹھہراتے ہیں''

وَمَا أُمِرُوا إِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ حُنَفَاء(البیّنه:۵)

''اور نہیں حکم دیے گئے مگر یہ کہ وہ اللہ ہی کی بندگی کریں اس کی خالص طاقت کے ساتھ بالکل یکسو ہو کر''۔

اسی طرح قرآن مجید میں دیگر کئی مقامات پر اپنی خالص بندگی اللہ تعالیٰ کے لیے وقف کرنے کی ہدایت دی گئی ہے، قرآنی احکام کے بعد کہیں اس بات کی گنجائش نہیں کہ اسلام کے دائرے سے ہٹ کر کسی دوسرے نظام کی طرف اور کسی قسم کے ''ازم'' کی طرف نگاہِ التفات بھی کی جائے۔انسان کو اگر آزاد تصور کیا جائے تو اس کا مطلب اس کے سوا کچھ نہیں کہ وہ رب کا بندہ نہیں رہا تو شیطان کا بندہ ہے، اس لیے کہ ہستی وجود میں دو ہی صورتیں ہیں، انسان اللہ کا بندہ ہو یا شیطان کا!

ب: انسانی حقوق کا دوسرا رکن مساوات (Equality) ہے۔مساوات کا مطلب یہ ہے کہ تمام انسان برابر ہیں۔مرد و عورت، عالم، جاہل، بدکار و نیکوکار، ایک ڈاکو اور متقی انسان سب برابر ہیں۔کسی کو کسی پر فوقیت حاصل نہیں۔اسی معنی میں ہر انسان کا ووٹ برابر

ہے، ہر انسان پارلیمنٹ کا ممبر بننے کا اہل ہے اور ہر انسان ترقی کے عمل میں شریک ہوسکتا ہے۔انسانی حقوق کے عالمی چارٹر کے مطابق تمام انسان قانون کی نظر میں برابر ہیں،جبکہ اسلام میں مساوات کا ایسا کوئی تصور نہیں۔اسلام مرد اور عورت میں فرق کرتا ہے۔وہ ذمّی اور معاہد میں فرق کرتا ہے، وہ عالم اور جاہل میں فرق کرتا ہے، اسلام ہر شخص کے ہر موضوع پر رائے دینے کا قائل نہیں۔مرد بیک وقت چار شادیاں کرسکتا ہے عورت نہیں۔مرد طلاق دیتا ہے عورت نہیں۔جمہوریت کا نصابی صحیفہ ''انسانی حقوق کا چارٹر'' ہر انسان کو حق دیتا ہے کہ وہ اپنے لیے جیسا چاہے خیر وشر کا پیمانہ تجویز کرسکتا ہے۔قرآن ان تمام تصوراتِ مساوات کو رد کرتا ہے۔جیسا کہ قرآن مجید میں ہے......ورفعنا بعضهم فوق بعض درجات (الآية)......لا يستوى منكم من انفق من قبل الفتح و قاتل(الآية)......لايستوى اصحاب النارو اصحاب الجنة(الآية)......هل يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون(الآية)......چنانچہ مساوات کی مندرجہ بالا فکر اسلام سے مکمل طور پر متصادم اور باطل ہے۔

ج۔انسانی حقوق کے چارٹر کا تیسرا بنیادی رکن ترقی (Progress) ہے۔ چونکہ سرمایہ دارانہ علمیت کے پاس موت کے بعد زندگی کا کوئی تصور نہیں اس لیے انسان کی تمام تگ و دو کا محور یہی دنیوی زندگی ہے۔چنانچہ انسانی حقوق کے چارٹر کے مطابق ہر انسان کو زیادہ سے زیادہ سرمایہ جمع کرنے اور سامانِ تعیش حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔اس معنی میں ترقی کا مطلب سرمائے کی بڑھوتری برائے بڑھوتری کے عمل کو تیز تر کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ بنک، اسٹاک ایکسچینج، اسی بڑھوتری اور حرص وحسد کے فروغ کے ادارے ہیں۔تکاثر کا عمل دہرایا جاتا ہے ،سود، سٹہ، جوا، دھوکہ، فریب اور ٹیکسز سرمایہ دارانہ معیشت کا خاص ہتھیار ہیں۔ان اداروں سے وابستہ افراد کی زندگی کا محور و مقصد محض پیسہ ہوتا ہے اور وہ ہر اس طریقے کو اختیار کرتے ہیں جس کے ذریعے سرمایہ اکٹھا ہوسکے۔

اسلام اس طرز فکر کو مکمل رد کرتا ہے۔قرآن مجید دنیوی زندگی کو اس معنی میں اہمیّت نہیں دیتا کہ انسان لذات کے حصول اور خواہشات نفس کی تکمیل میں لگ کر اپنے مقصدِ اصلی کو بھول جائے۔اور زیادہ سے زیادہ دولت جمع کرنے کی ہوس میں مبتلا ہوجائے ، بلکہ وہ دنیوی زندگی کو لہوولعب، دھوکہ وفریب قرار دیتا ہے۔چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد ہے :

اِعْلَمُوا أَنَّمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَلَهْوٌ وَزِينَةٌ وَتَفَاخُرٌ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهُ ثُمَّ يَهِيجُ فَتَرَاهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُونُ حُطَامًا وَفِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيدٌ وَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٌ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُورِ(الحديد:٢٠)

''جان رکھو! دنیا کی زندگی......لہوولعب، زینت اور مال واولاد کے معاملے میں باہمی تفاخر وتکاثر ہے(اس کی) مثال بارش کی ہے جس کی اپجائی ہوئی فصل کافروں کے دل موہ لے پھر وہ بھڑک اٹھے اور تم اسے زرد دیکھو اور پھر وہ ریزہ ریزہ ہوجائے۔اور آخرت میں ایک عذاب شدید بھی ہے اور اللہ کی طرف سے مغفرت اور خوشنودی بھی اور دنیا کی زندگی تو بس دھوکے کی ٹٹی کے سوا کچھ نہیں''۔

تکمیل دین کا انکار:

قرآن مجید میں فرمادیا گیا ہے :اليوم اكملت لكم دينكم ،واتممت عليكم نعمتي ورضيت لكم الاسلام دينا ......**اکمال دین اور اتمام نعمت کے بعد** کافرانہ نظام حکومت کو اپنی اجتماعی زندگی کا حصّہ بنانا اور اس پر مداومت اختیار کیے رکھنا تکمیل دین اور اتمام نعمت کا انکار ہے۔تکمیل دین و اتمام نعمت کا مطلب ہی یہ ہے کہ سیدنا آدم علیہ الصلوۃ والسلام سے آغاز ہونے والے دینِ اسلام کا سلسلہ تدریجی مراحل طے کرتا ہوا نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر اپنے اوج کمال کو پہنچ گیا، اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب ہدایت نازل کردی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچادیا۔ہمارے نزدیک عمل کے اعتبار سے سب سے بہتر زمانہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ تھا جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مبارکہ خير القرون قرنى ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم کا **عین مصداق** تھا۔

تمام مسلمانوں کے لیے دین اسلام کی صورت میں ایک خاص طریقہ اور ضابطۂ حیات متعین کردیا گیا ہے۔اب اس ضابطے سے باہر نکلنا کسی مسلمان کے لیے روا نہیں۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے :

شَرَعَ لَكُم مِّنَ الدِّينِ مَا وَصَّى بِهِ نُوحاً وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَى وَعِيسَى أَنْ أَقِيمُوا الدِّينَ وَلَا تَتَفَرَّقُوا فِيهِ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ مَا تَدْعُوهُمْ إِلَيْهِ(الشورىٰ:١٣)

''اس نے تمہارے لیے وہی دین مقرر کیا ہے جس کی ہدایت اس نے نوح کو فرمائی اور جس کی وحی ہم نے تمہاری طرف کی اور جس کا حکم ہم نے ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسٰیؑ کو دیا کہ اس دین کو قائم رکھو اور اس میں تفرقہ پیدا نہ کرو۔مشرکین پر وہ چیز شاق گزر رہی ہے جس کی طرف تم ان کو دعوت دے رہے ہو''۔

دوسری جگہ ارشاد ہے :

ثُمَّ جَعَلْنَاكَ عَلَى شَرِيعَةٍ مِّنَ الْأَمْرِ فَاتَّبِعْهَا وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ (الجاثية:١٨)

''پھر ہم نے تم کو ایک واضح شریعت پر قائم کیا تو تم اس کی پیروی کرو اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو علم نہیں رکھتے''۔

قرآن مجید کی ان آیات سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ ایک مسلمان کے لیے طریقۂ زندگی ،ضابطۂ حیات ،دائرۂ کار خواہ انفرادی معاملات ہوں یا اجتماعی معاملات' قانون شریعت ہی ہے ،اس سے انحراف کی راہیں تلاش کرنا اور کسی دوسرے طریقہ زندگی کو پسند کرنا جائز نہیں، ایسا کرنا بہت بڑا خسارہ ہے۔

ہمارے خیال میں سرمایہ دارانہ نظام میں شمولیت اختیار کرنے اور اس پوری نظام کو اس طرح اپنے اوپر حاوی کرلینا کہ شریعت معطل ہوجائے ،احکام دین کھلم کھلا پامال ہونے لگیں اور شعائر اسلام کا مذاق اڑایا جانے لگے تو یہ ایسا ہی ہے جیسے کوئی شخص ہندو ہوجائے ،

عیسائیت قبول کرلے یا بدھ مت اختیار کرلے، اس لیے کہ جمہوری نظام کو قبول کرنے اور اس پر مداومت اختیار کرنے کا مطلب اس کے سوا کچھ نہیں کہ شریعت اب چند اجزا مثلاً عبادات کے علاوہ قابلِ عمل نہیں رہی اور خلافت کا ادارہ بحالتِ موجود نا قابلِ قیام ہے۔ ظاہر ہے یہ فکر اور طرزِ عمل اللہ تعالیٰ کے ہاں سندِ قبولیت حاصل نہیں کرسکتا، بلکہ ایسے لوگوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا اعلان ہے:

وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الإِسْلاَمِ دِيناً فَلَن يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ(ال عمران:۸۵)

''اور جو کوئی اسلام کے سوا کسی اور دین کا طالب بنے گا تو وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں نامرادوں میں سے ہوگا''۔

آخرت کی نامرادی اور خسارہ کیا ہے؟ اس کی وضاحت بھی ایک دوسری جگہ ارشاد فرمادی گئی ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَمَن يُشَاقِقِ الرَّسُولَ مِن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدَى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِينَ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيراً(النساء:۱۱۵)

''اور جو کوئی راہِ ہدایت واضح ہو جانے کے بعد رسول کی مخالفت کرے گا اور مسلمانوں کے راستے کے سوا کسی اور راستے کی پیروی کرے گا تو ہم اس کے بعد اس کو اسی راہ پر ڈال دیں گے جس پر وہ پڑا اور اس کو جہنّم میں داخل کریں گے اور وہ برا ٹھکانہ ہے''۔

جمہوری نظام کفار کا طرزِ حکومت و سیاست ہے، چنانچہ غیر سبیل المومنین ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہدایت آچکنے کے بعد کوئی دوسری راہ اختیار کرنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرتے ہوئے مومنین کے راستے سے الگ راہ نکالنا اپنی حقیقت کے اعتبار سے شرک ہے اور شرک ہر طرح کی برائیوں کا منبع ہے کیونکہ مشرک اللہ سے کٹ کر اپنی باگ شیطان کے ہاتھ میں پکڑا دیتا ہے اور جو شخص اپنی باگ شیطان کے ہاتھوں میں تھما دے وہ معاشرے کا بدترین انسان ہوتا ہے۔ غیر سبیل المومنین کے شرک ہونے کا قرینہ اگلی آیت ہے جس میں مذکورہ آیت (ومن یشاقق الرسول الخ) کے فوراً بعد فرمایا گیا ہے:

إِنَّ اللّهَ لاَ يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَلِكَ لِمَن يَشَاءُ وَمَن يُشْرِكْ بِاللّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلاَلاً بَعِيداً(النساء:۱۱۶)

''بے شک اللہ اس چیز کو نہیں بخشے گا کہ اس کا شریک ٹھہرایا جائے، اس کے نیچے جس چیز کے لیے چاہے گا بخش دے گا اور جو اللہ کا شریک ٹھہرائے گا وہ بہت دور کی گمراہی میں جا پڑا''۔

(جاری ہے)

☆☆☆☆☆

اہم اطلاع

ادارہ نوائے افغان جہاد نے قارئین کے اصرار پر یہ فیصلہ کیا ہے کہ تحریروں کو باقاعدہ عنوانات کے تحت تقسیم کرکے شائع کیا جائے۔ اس ضمن میں درج ذیل عنوانات طے کیے گئے ہیں:

تزکیہ واحسان	ایمان وعقیدہ کی آبیاری کا مواد
شریعت یا شہادت	نفاذ شریعت......رکاوٹیں، حکمت عملی، ثمرات
فکر و منہج	علمی وفکری تحاریر
نشریات	جہادی قیادت کے بیانات اور مصاحبے (انٹرویز)
صلیبی دنیا کا زوال، اسلام کا عروج	امریکہ و یورپ کی خباثتیں، زوال وغیرہ
پاکستان کا مقدر......شریعت اسلامی	پاکستان......صلیبی غلامی... سلگتے مسائل... حالات حاضرہ
افغان باقی کہسار باقی	افغانستان کا جہادی منظر نامہ
گلدستہ افکار	
افسانے	

اور اس کے علاوہ مستقل سلسلے

مولانا ارسلان بیان کرتے ہیں کہ ہم پر ایک سو بیس ٹینکوں کے ساتھ کفار نے حملہ کیا۔ ان کے پاس ہاون میزائل اور کثیر تعداد میں جنگی ساز و سامان بھی تھا اور ہمارے پاس گولیوں کا ذخیرہ ختم ہو چکا تھا، حتیٰ کہ ہمیں کفار کے قبضے میں قید ہو جانے کا سخت خطرہ لاحق ہوگیا، ہم نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ عالی میں دعا کی۔ تھوڑی ہی دیر میں دشمن کی فوج پر چہار اطراف سے گولہ بارود کی بارش شروع ہوگئی اور بالآخر دشمن پسپا ہوگیا۔ اس وقت اس علاقے میں ہمارے علاوہ کوئی شخص موجود نہیں تھا۔ مولوی ارسلان کہتے ہیں کہ یہ ملائکہ تھے جو ہماری نصرت کے لیے آئے تھے۔

معرکہ ۱۱ ستمبر......حق کو پہچاننے کے در کھلتے ہیں!!!

سلسبیل مجاہد

سبحان اللہ! میرے رب کی حکمتوں اور رحمتوں کا کیا کہنا کہ جب امت کے ۱۹ نوجوانوں نے جان ہتھیلی پر رکھ کر طاغوتی قوتوں کا غرور اوران کی فول پروف سیکورٹی کے انتظام کو خاک میں ملا دیا تو امریکا سمیت پوری دنیا میں مسلمانوں کے خلاف ایک شدید نفرت بھری مہم کا آغاز کر دیا گیا۔ اللہ رب العزت نے اس آزمائش کی گھڑی میں لوگوں کے دل اسلام کے لیے کھول دیے گیارہ ستمبر کے بعد قرآن مجید امریکا میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتابوں میں سرفہرست ہے۔ اس وقت امریکا میں اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد سالانہ ۳۰،۰۰۰ سے دگنی ہو چکی ہے۔

نائن الیون کے مبارک حملوں کے بعد دنیا کی تاریخ میں یورپ اور امریکا میں اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد میں جس تیزی سے اضافہ ہوا ہے اس پر صلیبیوں کو نہ صرف غم وغصہ ہے بلکہ وہ حیرت واستعجاب کا بھی شکار ہیں۔ سچ ہے کہ 'پھونکوں سے یہ چراغ بجھایا نہ جائے گا' کے مصداق جتنا اسلام کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ نائن الیون کے بعد کیا گیا اتنا ہی اس کی قبولیت میں اضافہ ہوتا گیا۔ ایک ریسرچ کے مطابق یورپ اور امریکا میں ''جون'' کے بعد سب سے زیادہ رکھا جانے والا نام ''محمد'' ہے۔ سب سے زیادہ ہدیہ دی جانے والی کتاب قرآن مجید ہے۔

پس مغربی معاشرہ کے بے چین اور مضطرب نفوس' اسلام کی بادِ بہاری سے اپنا دل و دماغ کو معطر کرنے کے بعد اس کی آغوش میں سکون واطمینان کو حاصل کر رہے ہیں اور زندگی کی حقیقتوں کا سراغ لگا کر ربِ رحمٰن کی طرف کشاں کشاں بڑھ رہے

نائن الیون کے بعد جہاں دنیا کا منظر نامہ بدلا ہے صلیبیوں کی قوت وطاقت کے غرور کو دھچکا پہنچا ہے اس سے کہیں بڑھ کر یہ جان لیوا صدمہ بھی اُنہیں نڈھال کیے دے رہا ہے کہ اسلام کی مقبولیت اور قبولیت میں اضافہ ہی ہوتا چلا گیا ہے۔ دجالی میڈیا کے نمائندہ سی این این کی اپنی ایک رپورٹ کے مطابق نائن الیون کے بعد ڈیڑھ ملین لوگوں نے اسلام قبول کیا ہے۔ اس کی ایک اہم وجہ یہ بھی ہے کہ لوگ سچّائی کو جاننے کی کوشش میں قرآن اور اسلام کی طرف متوجہ ہوئے اور ہدایت کی منزل کو پا گئے۔ گذشتہ دنوں ایک امریکی لڑکی باراکا ٹاپوک نے بھی اسلام قبول کیا ہے اس نے کہا کہ ۱۱ ستمبر کے وقعہ نے اس کے قبول اسلام میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ CAIR کونسل فار امریکن اسلامک ریلیشن کے سربراہ نہاد اواد نے سعودی عرب کے اخبار عکاظ میں اپنے ایک انٹرویو میں کہا کہ ۱۱ ستمبر کے فوراً بعد ۳۴۰۰۰ ہزار لوگوں نے اسلام قبول کیا تھا جو کہ خود امریکی تاریخ میں اسلام قبول کرنے کی ایک ریکارڈ تعداد ہے۔

معرکہ ۱۱ ستمبر کے بعد ہونے والے نومسلم اوران کے تاثرات:

انجیلنا کولن کیتھولک عیسائی فرقے سے تعلّق رکھنے والی ایک نومسلمہ ہیں جو کہ آج کل ایک اسلامی اسکول کی پرنسپل ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ''میرے خاندان کے بہت سے لوگ اس حملے میں مارے گئے۔ لیکن میرا دل اسلام کے لیے کھل گیا۔ اس کے بعد میں نے اسلام کا مطالعہ کیا صرف یہ جاننے کے لیے کہ میڈیا میں پیش کیا جانے والا اسلام اور حقیقی اسلام میں کیا فرق ہے؟ پوری زندگی میں جس سچ کی تلاش میں بھٹکتی رہی جس کی مجھے پیاس تھی اسلام کی ہدایات نے آج میری پیاسی روح کو سیراب کر دیا ہے''۔

ہیرالڈ میں شائع ہونے والی ایرین نکولس کی کہانی جو کہ ہیرالڈ کے اسٹاف رپورٹر اینڈ ریو برسکو نے شائع کی ہے۔ اس میں ایرین نکولس جو کہ اب ہارون کے نام سے پہچانے جاتے ہیں کا کہنا ہے کہ ''میری عمر اس وقت صرف ۱۷ سال تھی لیکن اسلام کے خلاف نفرت اور تشدد کی جو لہر میں نے نائن الیون کے بعد محسوس کی اس نے مجھے مجبُور کیا کہ میں اسلام کا مطالعہ کروں کیونکہ میں صرف ذرائع ابلاغ میں پیش کی جانے والی کہانیوں پر اعتبار نہیں کر سکتا اور میں نے اسلام کو اس تصویر سے یکسر مختلف پایا جو کہ میڈیا میں پیش کی جارہی تھی۔'' عبید اللہ کہیدار جو کہ اسلامی سوسائٹی کے مونیٹری کاونٹی مسجد کے امام ہیں کا کہنا ہے کہ اس ۱۱ ستمبر کے بعد امریکی جوق در جوق اسلام کے بارے میں جاننے کے لیے مساجد آتے ہیں اور ہم سے ملاقات کرتے ہیں۔

معرکہ ۱۱ ستمبر کے بعد یورپ میں قبول اسلام:

پینٹا گون کی جانب سے ریلیز کی گئی ایک وڈیو ٹیپ کے مطابق صرف ہالینڈ میں ۱۱ ستمبر کے بعد اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد اتنی ہے کہ جو گزشتہ ۱۱ سالوں کے مقابلے میں بھی دگنی ہے۔ وہاں کے اسلامک سینٹرز کا کہنا ہے کہ ہم اسلامی کتابوں کے حوالے سے لوگوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں کیونکہ ساری کتابیں کثیر تعداد میں ہاتھوں ہاتھ بِک گئیں۔''

ٹی فینی اور مس پورٹ مین نامی خواتین کا کہنا ہے کہ ''بجائے اس کے کہ ہم اسلام سے دور بھاگتے ہمیں محسوس ہوتا تھا کہ ہمارے دل اسلام کی طرف کھنچے چلے جارہے ہیں''۔ تاریخ میں ہمیشہ ہی ایسا ہوا ہے کہ جتنا اسلام کو دبایا گیا اللہ نے ااس کے رتبے کو اتنا ہی بلند کیا۔ ایسا ہی اس وقت بھی ہوا تھا جب کہ بوسنیا میں سرب درندوں نے مسلمانوں کی لاشوں کے ڈھیر لگا دیے تھے تو لاکھوں کی تعداد میں عیسائی' اسلام کی تعلیمات کی طرف راغب ہوئے اور کثیر تعداد نے اسلام کو بطور دین اختیار کیا۔

(بقیہ صفحہ نمبر ۲۵ پر)

کیا امریکہ نائن الیون کے بعد محفوظ ہے؟؟؟

ڈاکٹر ولی محمد

ستمبر ۲۰۰۱ میں ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور پنٹاگان پر مجاہدین اسلام کے حملوں سے زخم خوردہ امریکہ نے غیض وغضب سے پھنکارتے ہوئے جب ''دہشت گردی کے خلاف جنگ'' کا طبل بجایا تھا تو اس کی توجیہ یہ پیش کی کہ یہ دراصل امریکہ کی 'ہوم لینڈ' (Home Land) کو محفوظ بنانے کی جنگ ہے۔لیکن الجزیرہ کے تجزیہ نگار مروان بشار کے بقول حقیقت یہ تھی کہ 'پیپر کٹر تھامے ڈیڑھ درجن نوجوانوں نے لاکھوں مغربی دستوں کو عظیم مشرق وسطی کے جنگی میدانوں میں گھسیٹ لیا ہے۔افغانستان کی دلدل میں پھنسی ایک لاکھ سے زاید بیرونی افواج اس حیرت میں مبتلا ہیں کہ القاعدہ کے کتنے درجن اراکین بچ گئے ہیں'۔

تقریباً بارہ سال قبل جب مجاہدین نے امریکہ کے خلاف باقاعدہ اعلان جنگ کیا تو اسباب کے پجاریوں نے اسے دیوانے کی بڑ قرار دیا لیکن اللہ کی رضا کی خاطر اپنے گھروں اور ملکوں سے نکلے ہوئے یا مجاہدین نے افغانستان کے سنگلاخ پہاڑوں میں ٹھکانہ کرکے امریکہ کو ہدف بنانا شروع کیا اور بالآخر ۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ کو اس کے گھر میں گھس کر اس کی ناک کو خاک آلود کردیا۔یقیناً یہ اللہ ہی نصرت تھی کہ بش انتظامیہ نے جنگ کو ''دشمن'' کے علاقے میں لڑنے کا فیصلہ کیا تاکہ اپنا گھر محفوظ رہے۔جبکہ یہ بعینہ وہی ردعمل تھا جس کی خواہش مجاہدین کر رہے تھے۔شاید امریکی عظمت کے میناروں پر پڑنے والی ضرب کی شدت کا اثر تھا کہ زخم خوردہ سپر پاور یہ سوچنے سے قاصر رہی کہ اس کی اس جنگی کارروائی کے اثرات کیا ہوں گے؟

عراق سے افغانستان اور صومالیہ سے یمن تک پھیلی اس جنگ کا ایندھن بننے والے ہزاروں امریکیوں کو اگر کوئی آخری سوال کرنے کا موقع ملتا تو وہ یقیناً یہ پوچھتے کہ ۹ سال تک پہاڑوں اور صحراؤں میں ۱۰ کھرب ڈالر جھونکنے اور ہم جیسے بیسیوں ہزاروں جوانوں کی بھینٹ چڑھانے کے بعد کیا ریاست ہائے متحدہ امریکہ مجاہدین کے حملوں سے محفوظ ہوگئی ہے؟ جبکہ سوال کا جواب یقیناً نفی میں ہے۔

امریکہ نہ صرف اپنے کھربوں ڈالر بلکہ لاکھوں فوجی (مردار، اپاہج اور ذہنی مریضوں کی صورت میں) بھی گنوا چکا ہے لیکن اس نے جو سب سے بڑا نقصان اٹھایا ہے وہ یہ ہے کہ امریکی قوم اپنا احساس تحفظ ہمیشہ کے لیے کھو چکی ہے۔ہزاروں سال تک زندہ رہنے کی حریص یہ قوم اب ہر لمحہ ان دیکھی موت کے خوف سے دوچار ہے باوجود اس کے کہ اس کے حکمرانوں نے 'وار آن ٹیرر' کے علاوہ 'ہوم لینڈ سیکورٹی' کے نام پر بھی اس قوم کے اربوں ڈالر کے ٹیکس جھونک ڈالے ہیں۔لیکن اللہ کے شیر ہیں کہ اپنی جانیں ہتھیلی پر لیے اڈے چلے آرہے ہیں اور امریکی حفاظتی نظام کے کھوکھلے حصاروں کا بودا پن اس کے باسیوں پر عیاں کر رہے اور ان کی نیندیں حرام کررہے ہیں۔

۱۱/۹ کے بعد امریکہ اور اس کے حواریوں کی سرزمینوں پر ہونے والے حملوں اور حملوں کی ایسی کوششوں پر جو بوجوہ پایہ تکمیل کو نہ پہنچ سکیں، ایک نظر ڈالی جائے تو یہ حقیقت آشکار ہوجاتی ہے کہ ۱۱/۹ کے بعد مجاہدین کے پاس دشمن کو اس کے گھر میں نشانہ بنانے کی صلاحیت پہلے سے کہیں زیادہ ہے جس کا انہوں نے جابجا مظاہرہ بھی کیا، مثلاً

☆۱۱/۹ کے فوراً بعد انتھراکس اور اسی نوعیت کے دیگر حیاتیاتی حملوں نے نہ صرف پوری امریکی قوم بلکہ دیگر صلیبی اقوام کو بھی خوف کے عذاب میں مبتلا کیے رکھا۔

☆۱۱ مارچ ۲۰۰۴ کو سپین کے شہر میڈرڈ میں ریل گاڑیوں میں ہونیوالے بم دھماکوں میں ۱۹۱ افراد ہلاک ہوئے۔جس کی ذمہ داری مجاہدین کے 'ابوحفص المصری بریگیڈ' نے قبول کی۔جبکہ اسی واقعے کے تقریباً ایک ماہ بعد ۳ اپریل کو سپینش سپیشل پولیس کے کئی اہلکار چند عرب مجاہدین کو گرفتار کرنے کی کوشش میں ایک فدائی دھماکے کے نتیجے میں ہلاک اور زخمی ہو گئے۔

☆۷ جولائی ۲۰۰۵ کو برطانوی دارالحکومت لندن میں زیرزمین ریل گاڑیوں، اسٹیشنز اور ایک بس پر ۴ فدائی حملے کیے گئے جن میں ۵۶ سے زاید ہلاک اور بیسیوں زخمی ہوئے۔ان حملوں کی ذمہ داری القاعدہ نے قبول کی اور حملوں میں شریک فدائین کی ویڈیو وصیتیں 'السحاب میڈیا' کی جانب سے نشر کی گئیں۔

☆اگست ۲۰۰۶ میں برطانوی پولیس نے ۲۵ سے زائد افراد کو گرفتار کرنے کا دعویٰ کیا جو لندن کے ہیتھرو ائیرپورٹ سے امریکہ اور کینیڈا جانے والی ۱۰ پروازوں کو دوران پرواز مائع بارودی مواد سے اڑانے کا منصوبہ بنا چکے تھے۔اگرچہ یہ منصوبہ پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکا لیکن اس کے برطانوی اور امریکی عوام پر گہرے اثرات مرتب ہوئے۔کارروائی کی مجوزہ تاریخ ۱۰ اگست کو ہیتھرو ائیرپورٹ سے اڑنے والی تمام پروازوں کو منسوخ کرکے ائیرپورٹ کو مکمل طور پر سیل کردیا گیا۔اور اس کے بعد سے امریکہ اور برطانیہ کے علاوہ تمام مغربی ممالک میں تمام ہوائی مسافروں کے لیے جوتے اتروا کر تلاشی دینے کی ذلت کے علاوہ دستی سامان پر شدید قدغنیں اور کئی دیگر حفاظتی اقدامات کیے گئے۔

☆۶ نومبر ۲۰۰۹ کو میجر حسن نضال فک اللہ اسرہ نے فورٹ ہڈ بیس پر افغانستان روانگی کے لیے تیار امریکی فوجیوں پر فائرنگ کرکے ۱۳ فوجیوں کو ہلاک اور ۳۱ کو زخمی کردیا۔یہ نائن الیون کے بعد امریکیوں کو ان کی سرزمین پر لگنے والا سب سے گہرا گھاؤ تھا۔میجر حسن نضال کے رابطے مشہور یمنی مجاہد عالم دین شیخ انور العولقی سے تھے یہی وجہ تھی کہ امریکہ نے شیخ انور العولقی کو اس واقعے کا ذمہ دار قرار دے کر نہ صرف ان کے سر کی قیمت مقرر کی بلکہ ان کو شہید

کرنے کے لیے یمن میں میزائل حملے بھی کیے۔

☆دسمبر ۲۰۰۹ میں عین اس وقت جب پوری صلیبی دنیا کرسمس منا رہی تھی، نیدر لینڈ کے دارالحکومت ایمسٹرڈیم سے امریکی شہر ڈیٹرائٹ جانے والی امریکی فضائی کمپنی کی پرواز کو ایک نائیجیرین مجاہد عمر فاروق المطلب نے کریکر کے ذریعے اڑانے کی کوشش کی جو اگرچہ کامیاب نہ ہوسکی لیکن پھر بھی دوررس اثرات مرتب کرگئی۔اس واقعے نے اس حقیقت پر ایک مرتبہ پھر مہر تصدیق ثبت کردی کہ ۹ سال دہشت گردی کی جنگ کے باوجود امریکہ اور اس کے شہری غیر محفوظ اور مجاہدین کے نشانوں کی زد میں ہیں۔ یہاں تک کہ امریکی صدر اوباما کو بھی تسلیم کرنا پڑا کہ ''کرسمس پر امریکی مسافر طیارے کو دھماکے سے اڑانے کی سازش حفاظتی نظام کی ناکامی تھی جس کے نتیجے میں ایک انتہاپسند بارودی مواد لے کر امریکہ آنے والے جہاز پر سفر کرنے میں کامیاب ہوا''۔

☆۲ مئی ۲۰۱۰ کو امریکی شہر نیویارک کے معروف ترین علاقے 'ٹائم اسکوائر' میں کھڑی ایک گاڑی میں سے دھواں اٹھنے کی نشاندہی ہونے پر پولیس نے ایمرجنسی نافذ کرکے علاقے کو خالی کرالیا۔تلاشی لینے پر گاڑی سے بھاری مقدار میں بارودی مواد برآمد ہوا جو پھٹنے کے قریب تھا اور اگر پھٹ جاتا تو پورے ٹائم اسکوائر کی 'صفائی' کے لیے کافی ہوتا۔ چند روز بعد ایک پاکستانی مجاہد فیصل شہزاد کو اس کارروائی کے انجام دینے کی بنا پر گرفتار کرلیا گیا۔ بعد ازاں تحریک طالبان پاکستان کے العمر اسٹوڈیو نے مجاہد فیصل شہزاد کی ویڈیو وصیّت نشر کی جس میں فیصل شہزاد عمامہ میں ملبوس ہیں اور انگریزی میں کہہ رہے ہیں کہ 'میں ٹائم اسکوائر کا حملہ مظلوم مسلمانوں کے دلوں کو خوش کرنے کے لیے کررہا ہوں، جہاد اسلام کا نمایاں رکن ہے اور جہاد ہی کے ذریعے مسلمانوں کو عزت مل سکتی ہے اور افغانستان کے جہاد نے مسلمانوں کو عزت کا یہ راستہ دکھایا ہے۔

درج بالا واقعات صلیبی سرزمینوں پر مجاہدین کے حملوں یا ایسے حملوں کی کوششوں کی مکمل فہرست نہیں بلکہ یہ صرف وہ جھلکیاں ہیں جو بہت نمایاں ہوئیں۔بیسیوں ایسے واقعات جن کو شہرت نہیں ملی اور مجاہدین نے بھی بوجوہ ان کو نمایاں نہیں کیا اس کے علاوہ ہیں۔لیکن ان تمام مبارک معرکوں، ان کے سیاق وسباق اور اثرات ونتائج پر غور کرنے سے جو اسباق اخذ کیے جاسکتے ہیں وہ کچھ یوں ہیں

☆صلیبی اقوام بالخصوص امریکیوں کو ان کی سرزمینوں پر ہدف بنانا مجاہدین کی حکمت عملی کا حصّہ ہے جس پر وہ ۱۹۹۳ء (شیخ یوسف رمزی کا ورلڈ ٹریڈ سنٹر پر پہلا حملہ) سے آج تک عمل پیرا ہیں۔اس حکمت عملی کے مقاصد میں حکم قرآنی کے مطابق کفار کو دہشت زدہ کرنا، ان کو جانی، مادی، عسکری ومعاشی نقصان پہنچانا اور ان کے عوام کو اپنے حکمرانوں کی پشت پناہی کی سزا دینا شامل ہے۔

☆۱۱/۹ کے مبارک حملوں کے نتیجے میں مجاہدین امریکی لشکروں کو ان کے بلوں سے نکال کر اپنی مرضی کے میدان جنگ (افغانستان) میں گھسیٹ لانے میں کامیاب ہوئے۔ امریکہ نے اپنے گھر کو محفوظ بنانے کے لیے پوری دنیا میں مجاہدین کا پیچھا کرنے اور ان کو نیست ونابود کرنے کی کوشش کی لیکن اللہ قادر مطلق کے خصوصی فضل کی بدولت اور مجاہدین کی قربانیوں کے طفیل اسے ہر محاذ پر شکست ہوئی اور جہاد دنیا کے گوشے گوشے میں پھیل گیا۔

☆۹ سالہ صلیبی جنگ کے دوران میں نہ تو مجاہدین اپنے اس ہدف' یعنی کفار کو ان کے ممالک میں نشانہ بنانا، سے غافل ہوئے ہیں اور نہ ہی اس حوالے سے ان کی استعداد متاثر ہوئی ہے۔جس کا واضح ثبوت اوپر درج کیے گئے واقعات ہیں۔البتہ جہادی مصالح کے پیش نظر مجاہدین کی ترجیحات میں ردوبدل ہونا ایک دوسری بات ہے۔

☆ کفار کو ان کے گھروں میں مارنے کی اس حکمت عملی کے کثیر الجہتی ثمرات حاصل ہوئے ہیں۔جن میں سے چند اہم پیش نظر ہیں۔

✽ امریکہ اور تمام مغربی ممالک کی ٹیکنالوجی اور جدید ترین حفاظتی انتظامات کا پول کھل گیا اور ان کے حکمرانوں اور ذمہ دار افراد واداروں نے اپنے نظام کے ضعف کا بارہا اعتراف کیا۔

✽ کافر اقوام' مسلم مجاہدین کے جذبہ شہادت کے طفیل دہشت زدہ ہوگئیں اور مسلمانوں کے خلاف اپنی افواج اور حکمرانوں کی صلیبی جنگ کی حمایت اور پشت پناہی سے کسی حد تک باز آگئیں۔

✽ امت مسلمہ کے مخلصین اور دردمند دل رکھنے والوں کے نہ صرف دل اور آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں بلکہ عامۃ المسلمین کا اعتماد بھی بحال ہوا کہ مسلمان کفار کے مقابلے میں کمزور نہیں اور دوبدو ان کا مقابلہ کرسکتے ہیں۔

حاصل کلام

تمام حمد وثناء اس بابرکت ذات کے لیے ہے جس نے اپنے بندے اور مجاہد، دین کے خادم 'اسامہ بن محمد بن لادن حفظہ اللہ' کی ۹ سال قبل کہی ہوئی اس بات کو سچ کردکھایا کہ ''میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں، اس اللہ کی قسم، جس نے آسمان کو بغیر ستونوں کے کھڑا کیا! امریکہ اور امریکہ میں بسنے والا کوئی بھی شخص اس وقت تک خواب میں بھی امن نہیں دیکھ پائے گا جب تک ہم فلسطین میں اسے نہ دیکھ لیں اور جب تک کافر افواج سرزمین محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے نکل نہ جائیں۔''

☆☆☆☆☆

ارزگان کے مقام پر کفار نے مجاہدین پر حملہ کیا، اس معرکہ میں مجاہدین نے ۵۰۰ کفار کو ہلاک اور ۸۳ کو قید کیا۔مجاہدین نے اُن سے پوچھا کہ اس معرکہ میں تمہاری شکست کے کیا اسباب ہیں جبکہ تم ہم سے زیادہ ہونے کے باجود ہم میں سے سوائے ایک کے کسی کو شہید نہیں کرسکے۔قیدیوں نے جواب دیا کہ تم لوگ گھوڑوں پر سوار ہوکر آتے تھے۔ جب ہم تمہارے اوپر فائر کھولتے تو تم غائب ہوجاتے اور ہمارے سارے نشانے خطا ہوجاتے تھے۔

خالد شیخ محمد......امتِ مسلمہ کا بطلِ عظیم

محمد عبید الرحمٰن زبیر

خالد شیخ محمد فک اللہ اسرہ' کا شمار اُن ابطال امت میں ہوتا ہے جن پر امت کو واقعتاً فخر کرنے کا حق ہے۔ دنیا بھر کی طاغوتی قوتوں کے سردار امریکہ پر پے در پے ضربیں لگانے اور اُسے ناکوں چنے چبوانے کا جو کام اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے اِس بندے سے لیا' وہ تاریخ کا حصّہ ہے۔ یہ خالد شیخ محمد کا ہی خاصہ ہے کہ اُنہوں نے اللہ کی توفیق سے طاغوتِ اکبر امریکہ کے سرِ غرور کو اُس کی اپنی سرزمین میں بھی خاک آلود کیا اور دنیا بھر میں پھیلے ہوئے اُس کے اہداف کو بھی کامیابی سے نشانہ بنا کر اُس کی شکست وریخت کی بنیاد ڈالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ امت کا ایک ایسا قابل قدر سپوت کہ جس نے ناز ونعم میں آنکھ کھولی، لڑکپن اور جوانی کے ایام انتہائی آسودگی میں بسر کیے، مروجہ تعلیمی میدان میں نمایاں مقام حاصل کیا لیکن اُس کی فطرتِ سلیم اوائل عمری ہی سے شیطانی تہذیب کی تباہ کاریوں سے محفوظ و مامون رہی اور وہ شعوری زندگی کی ابتدا ہی سے امت کے عروج وسربلندی کے خوابوں کو اپنی آنکھوں میں بسائے راہ جہاد کا راہی بنا۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مومن کو عطا کی جانے والی فراست میں سے اُنہیں وافر حصّہ عطا ہوا۔ اسی ایمانی فراست نے اُن کے سامنے امریکہ اور مغرب کی دجالی تہذیب کی چکاچوند کے پیچھے کارفرما رحمٰن سے باغی اور شیطان سے راضی نظام کی حقیقت کو کھول دیا۔ اور وہ اس نظامِ باطل کی تباہی کا استعارہ بن کر کفار کی آنکھوں میں کھٹکنے لگے۔

افغانستان میں دینی علوم کا سلسلہ کسی خاص تعلیمی نظام کے تحت منظم نہیں تھا کہ جو حکومت یا تعلیمی ذمہ داران کے تحت ہو، بلکہ یہ روایتی انداز میں معروف اہل علم کچھ کمروں میں، مکاتب میں یا مساجد میں اختصاصی دوروں کی صورت میں چلایا کرتے تھے۔ اس نظام کے کچھ نقصانات بھی تھے، لیکن ایک بہت بڑا فائدہ یہ تھا کہ یہ حکومت کی نگرانی سے آزاد تھا جو قومی تعلیمی پروگرام میں دین کو بدنام کرنے کے سوا کچھ نہیں کر رہے تھے۔ ملا داد اللہ نے ملک کے معروف اہل علم کی زیر نگرانی، اپنے دونوں بھائیوں ملا حاجی لالہ اور ملا منصور کے ہمراہ اس آزادانہ ماحول میں ابتدائی دینی تعلیم حاصل کرنا شروع کی۔ ملا داد اللہ اپنی بہترین ذہنی صلاحیتوں کی بنا پر، بہت جلد ہی درجہ متوسطہ تک پہنچنے میں کامیاب ہو گئے، اور اسی میں زیرِ تعلیم تھے کہ روسیوں نے افغانستان پر حملہ کر دیا۔ اس وقت تک ملا داد اللہ بڑے ہو چکے تھے اور جنگ پر تفکر اور اس کی وجہ سے پیدا ہونے والے ایمانی جذبات نے انہیں عسکریت اور کاروان جہاد کے اتباع کی جانب راغب کیا۔ چھوٹی عمر میں ہی انہیں قرآن مجید اور ایسی احادیث میں بہت زیادہ دلچسپی تھی جن میں کفار سے قتال، جہاد کی فضیلت اور شہادت کے بارے میں تذکرے ہیں۔ چنانچہ اس عمر میں وہ دیگر عبادات کے ساتھ ساتھ جہاد کی اہمیّت کو سمجھنے لگے تھے۔

ان کے بڑے بھائی حاجی لالہ جہاد سے ان کے گہرے تعلّق اور محبت کے بارے میں بتاتے ہوئے کہتے ہیں: ملّا داد اللہ اپنے دوستوں، نوجوانوں کو جمع کرتے اور ان سے ان کے پسندیدہ مشغلے اور مصروفیت کے بارے میں پوچھتے تھے، وہ لوگ ان کو اپنی دیگر سرگرمیوں کے بارے میں بتاتے تھے اور جب ان کی اپنی باری آتی تو کہتے: میرا پسندیدہ مشغلہ تو جہاد اور کفار سے دوبدو مقابلہ ہے!

جہاد:

حاجی لالہ ملّا داد اللہ کے بڑے بھائی بتاتے ہیں: داد اللہ سال ۱۹۸۳ء میں روسیوں کے خلاف جہاد میں پہلی دفعہ شاہین گاؤں ارغنداب شہر میں، مولوی اختر محمد کی زیرِ قیادت برسرِ پیکار ہوئے۔ انہوں نے گاؤں پر سے روسی قبضہ چھڑانے کے لیے بے حد شجاعت کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے سینئر مجاہدین ان کے جنگی تجربے اور شجاعت کے معترف ہو گئے۔ اس وقت داد اللہ محاذ پر مجاہدین میں سب سے کم عمر لوگوں میں شمار ہوتے تھے لیکن وہ ان میں سب سے زیادہ نڈر تھے۔

ملا منصور یہاں اضافہ کرتے ہوئے کہتے ہیں: ایک مرتبہ روسیوں نے ارغنداب شہر کا فضائی اور زمینی محاصرہ کر لیا اور وہاں کثیر تعداد میں فوج جمع کر لی۔ مجاہدین اس محاصرے میں گِھر گئے، ملا داد اللہ بھی انہی کے درمیان تھے اور انہوں نے سارا دن روسیوں کے خلاف سخت جنگ میں گزارا۔ پھر رات میں وہ روٹیاں پکا کر مجاہدین کے لیے کھانا تیار کرتے تھے۔ رات بھر وہ ۱۵۰ کلو آٹا گوندتے اور اس سے اکیلے ہی روٹیاں بناتے، کسی کو اس کام میں اپنے ساتھ شریک نہ کرتے۔

روسیوں کی شکست اور انخلا کے بعد ملّا داد اللہ اپنے دو بڑے بھائیوں کے ہمراہ قندھار سے ہلمند چلے گئے تا کہ اشتراکیوں کے خلاف کمانڈر شہید محمد نسیم اخونزادہ کی سرپرستی میں جہاد کر سکیں۔ ہلمند میں ایک سال گزارنے کے بعد وہ قندھار لوٹ گئے اور مولوی اختر محمد کے تحت جہاد جاری رکھا۔ یہاں تک کہ افغانستان میں اشتراکی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور مجاہدین مرکزی شہر میں داخل ہو گئے۔

بدقسمتی سے مجاہدین نے یہ امیدیں اپنے قائدین سے وابستہ کی تھیں کہ وہ ایک ایسی اسلامی حکومت قائم کریں گے جو ان کے چودہ سالہ جہاد کا ثمر ہو گی، وہ حقیقت میں تبدیل نہ ہو سکیں اور خانہ جنگی شروع ہو گئی، جہادی تنظیمیں اشتراکیوں کے ساتھ معاہدے کرنے پر لگیں، افغانستان پر چوروں، لٹیروں اور عسکری گروہوں کا تسلط ہو گیا۔ ایسی صورتحال میں ملا داد اللہ نے فیصلہ کیا کہ وہ کنارہ کشی اختیار کرتے ہوئے جہاد کی وجہ سے چھوٹ جانے والی تعلیم کو مکمل کر لیں۔ لہٰذا وہ پاکستان کے شہر کوئٹہ چلے گئے اور مولوی شفیع کے مدرسے میں تعلیم کا آغاز کر دیا۔ بعد ازاں شیخ عابد علی دیوبندی کے مدرسے میں چلے گئے۔

طالبان میں شمولیت:

ملّا داد اللہ ابھی تعلیم میں مشغول ہی تھے جب مجاہد ملا محمد عمر (حفظہ اللہ) نے تحریک طالبان کا آغاز کیا اور اس بدعنوان اور استحصالی حکومت کے خلاف جہاد کا آغاز کیا جس نے ملک کو جہنّم بنایا ہوا تھا، جس کی آگ شہریوں کو جلا کر بھسم کر رہی تھی۔ جس لمحے ملا داد اللہ نے تحریک کے بارے میں سنا وہ اس کی صفوں میں شامل ہو گئے تا کہ ملک میں شریعت کے نفاذ کی خاطر جہاد کر سکیں۔ انہوں نے اپنے ساتھیوں میں سے بیس طلبا جمع کیے اور ان کے ساتھ ملا عمر

مجاہد کے تحت جہاد شروع کر دیا۔

انہوں نے اپنے کام کا آغاز بنجاوی میں بیس ساتھیوں کے ہمراہ بدمعاش اور بدکردار لوگوں کو سرزنش کرنے سے شروع کیا۔ اس کے بعد وہ ملک کو ان لوگوں سے پاک کرنے میں لگے رہے۔ بلدک کے سرحدی علاقے سے 'امر بالمعروف ونہی عن المنکر' شروع کرتے ہوئے، وہ بیل، قندھار کے ہوائی اڈے، اور قندھار اور اس کے نواحی علاقوں تک گئے۔ ملاّ داداللہ نے ان معرکوں میں ایک تجربہ کار کمانڈر کی حیثیت سے بہترین کارکردگی دکھائی، ایک ایسے کمانڈر کے طور پر جو ذہانت اور شجاعت سے متصف ہو، اور اپنے بھائیوں کو اللہ تعالیٰ کی مدد سے یکے بعد دیگرے فتح کی جانب لے جائے اور صبر، بہادری اور اللہ پر کامل یقین کے ساتھ ان کا راستہ صاف کرتا جائے۔

قندھار پر مکمل قبضے کے بعد وہ اپنے آبائی وطن ارزگان لوٹے اور وہاں دعوتِ جہاد میں جُت گئے تا کہ لوگوں کو تحریک طالبان کی قدروں سے روشناس کرا سکیں اور ان کو قائل کر سکیں۔ اُن کا دعوتی کام بہت موثر رہا اور طالبان کے خلاف کوئی مزاحمت نہیں ہوئی اور پورا علاقہ بغیر کسی جنگ اور خوں ریزی کے طالبان کے ساتھ شامل ہو گیا۔

ارزگان پر مکمل کنٹرول حاصل کرنے کے بعد وہ ہلمند کی جانب متوجہ ہوئے اور وہاں ضلع سنگین کو فتح کر لیا۔ اس کے بعد، وہ براستہ سنگین فراہ گئے اور ضلع دل آرام کو فتح کیا جو قندھار اور ہرات کی سڑک کے درمیان واقع ہے۔ کھلے میدانی علاقوں پر کنٹرول حاصل کرنے کے بعد وہ زابل کی طرف گئے جو قندھار کو دارالحکومت کابل سے ملاتا ہے، اور زابل، غزنی اور وردک کو فتح کیا، یہاں تک کہ وہ کابل کے داخلی راستے پر شاہراسکوائر تک پہنچ گئے۔ اس کے بعد وہ اپنے بھائیوں اور دیگر مجاہد ساتھیوں کے ہمراہ مشرق میں ضلع لوگر کی فتح کے لیے بڑھے یہاں تک کہ چہار آسیاب شہر میں خط اول پر پہنچ گئے جو کابل کے مرکزی شہر سے تقریباً بیس کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ چہار آسیاب کے خط اول پر کچھ عرصہ گزارنے کے بعد انہیں اعلیٰ قائدین کی ہدایت پر دوبارہ ہلمند روانہ کیا گیا تا کہ وہ اللہ کی نصرت سے اپنی فتوحات کا سلسلہ جاری رکھ سکیں، اور اس کے بعد انہیں اپنے وسیع جنگی تجربے کی بنیاد پر فراہ اور ہرات کی طرف بھیجا گیا۔

ملاّ داداللہ ابھی مغربی اضلاع ہی میں مصروف تھے کہ چہار آسیاب کے خط پر کابل میں جو ابھی دشمن کے قبضے میں ہی تھا، دشمن کی طرف سے پیش قدمی کی اطلاعات آئیں چنانچہ قائدین نے انہیں ایک بار پھر کابل روانہ کیا جہاں وہ زبردست جنگیں لڑتے رہے یہاں تک کہ ایک معرکے میں دشمن کی سرحد پر آگے بڑھتے ہوئے بارودی سرنگ پھٹی جس سے ان کی ایک ٹانگ ضائع ہو گئی۔ ان جنگوں کے بعد ان کے زخم ابھی مندمل بھی نہ ہوئے تھے، وہ جنوب مشرقی اضلاع کو فتح کرنے کے لیے اپنے ساتھیوں کی قیادت کرتے رہے۔ وہ سب سے پہلے گردیز میں داخل ہوئے جو ضلع پکتیکا کا مرکز ہے، اس کے بعد خوست گئے اور ادھر سے وہ سپین شگہ کی جانب روانہ ہوئے جو سپین غار (یعنی سفید پہاڑ) کے پہلو میں واقع ہے تا کہ وہاں سے جلال آباد تک کے لیے اپنے راستے کو صاف کر سکیں جو کہ صوبہ ننگرہار کا مرکز ہے۔ اللہ کے فضل سے مجاہدین ان میدانوں میں اللہ نے فتح عطا فرمائی۔

جلال آباد کو فتح کرنے کے بعد مجاہدین نے دارالحکومت کابل کی فتح کے لیے ایک عسکری اجلاس بلایا اور شہید ملا داداللہ نے ملا بورجان کے ہمراہ ہزاروں مجاہدین کی قیادت کی۔ انہوں نے کابل کی حفاظتی پٹی اور شہر کے دیگر مشرقی علاقوں پر فتح حاصل کر لی۔ وہ شہر کے مرکز میں داخل ہو گئے اور کابل کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر قبضے کے لیے پیش قدمی کی۔ ہوائی اڈے پر قبضے کے دوران ان کا دایاں ہاتھ زخمی ہو گیا۔ لیکن یہ زخم انہیں دارالحکومت کے باقی حصوں پر فتح کے لیے آگے بڑھنے سے نہ روک سکا۔

سال ۱۹۹۶ء میں امیر المومنین کی خصوصی ہدایت پر انہیں دارالحکومت میں مرکزی فوج کا کمانڈر نامزد کیا گیا، اس کے علاوہ وہ خط پر بھی قیادت کے فرائض سرانجام دیتے رہے، جو کاپیسا سے لے کر کابل کے شمال میں شکردرہ تک پھیلی ہوئی تھی۔ وہ اپنے مجاہد ساتھیوں کے ہمراہ ایک کھلے راستے پر قبضہ کرتے ہوئے شمالی علاقوں کی طرف بڑھتے رہے۔ مزار شریف میں ازبک جنرل عبدالملک کی قیادت میں باغیوں نے تقریباً دس ہزار مجاہدین کو شہید کر دیا۔ ملاّ داداللہ شہید ۱۶۰۰ مجاہدین سمیت مزار شریف میں محصور ہو گئے۔ ساری قیادت محاصرے میں پھنس گئی اور ان پر رسد اور کمک کے سارے راستے بند ہو گئے، ہندوکش کے پہاڑ ان کے اور کابل کے درمیان حائل تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ کی مدد سے اور اپنی فہم و فراست اور عسکری مہارت کی بنیاد پر وہ پل خمری کے علاقے سے محاصرہ توڑنے میں کامیاب ہو گئے اور صحیح سالم نکل کر اپنے ساتھیوں کے ساتھ بغلان اور قندھار کی فتح کے لیے نکل پڑے۔ اس کے بعد تخار، سمنگن، مزار شریف اور ہرتن پر بھی قبضہ کیا جو دریائے آمو کے کنارے ہے۔ ان علاقوں پر قبضے کے بعد طالبان اور دشمن کے درمیان خط کا تعین ہو گیا۔ یہ خط وادی پنج شیر کے شمال سے لے کر، تخار کے جنوب سے ہوتا ہوا بدخشاں میں ختم ہوتی تھی۔

وہ خط کی صورتحال کا جائزہ لیتے رہتے تھے اور دشمن کی پوسٹوں کا دن میں تین مرتبہ ہیلی کاپٹروں اور جیٹ جہازوں کے ذریعے جائزہ لیتے۔ اس طرح سے ہوابازوں کی تربیت بھی ہو جاتی تھی، وہ گشت کرتے، جنگ کی منصوبہ بندی کرتے، مجاہدین کے حوصلے بلند کرتے اور رہائشیوں کے حالات کا جائزہ لیتے رہتے۔ اس پُرخطر ذمہ داری کے بعد امیر المومنین کی طرف سے انہیں شمال مغربی صوبے فاریاب کی طرف بھیجا گیا جہاں ایک بار پھر دوستم کے فوجیوں کے ساتھ فائرنگ کے دوران کندھے پر گولی لگنے سے زخمی ہو گئے۔ یہ گولی شہادت تک ان کی ریڑھ کی ہڈی میں موجود رہی۔ زخموں کے مندمل ہونے کے بعد دوبارہ انہیں ضلع بغلان کی کیان وادی میں اسماعیلیوں کے اشترا کی جال کو ختم کرنے کے لیے بھیجا گیا۔ اس پر فتح حاصل کرنے کے بعد انہیں ضلع بامیان بھیجا گیا، وہاں سے افغانستان کے شمال مشرق میں تخار بھیجا گیا تا کہ خط اول پر مجاہدین کی صفیں مضبوط کی جائیں۔ وہاں اپنا کام پورا کرنے کے بعد انہیں کابل کا شمالی محاذ سنبھالنے کے لیے دوبارہ کابل بھیج دیا گیا، اور وہ زیادہ عرصہ وہاں نہ رہے تھے کہ امریکہ نے افغانستان پر حملہ کر دیا۔

امریکی حملے کے دوران میں دریائے آمو پر قیادت:

گیارہ ستمبر کے واقعات اور افغانستان پر امریکی جنگ کے اعلان کے بعد امیر

المومنین نے شہید ملا داداللہ کو تین ہزار مجاہدین کے ہمراہ، جدید ترین ہلکا اور بھاری اسلحہ دے کر دریائے آمو کی جانب روانہ کیا تا کہ وہ وہاں ہرتن کے علاقے میں اپنی توجہ مرکوز کر سکیں جو ازبک شہر ترماتھ کے بالمقابل واقع ہے۔ دراصل امریکہ نے وسطی ایشیا کے چند ممالک سے معاہدہ کیا تھا کہ وہ اپنی زمین افغانستان پر حملے میں استعمال کرنے دیں گے۔ حملہ مزار شریف اور دوسرے شمال مغربی ضلعوں میں واقع ازبک علاقوں سے متوقع تھا لیکن جب ازبکستان نے مجاہدین کی کثیر تعداد اور ان کے پاس ۸۰ درمیانی رینج کے راکٹ فائر کرنے والی مشینیں دیکھیں جو بیک وقت چالیس راکٹ مار سکتی تھیں، وہ حیران رہ گیا اور یہ اعلان کر کے اپنا موقف تبدیل کر لیا کہ وہ امریکہ کو افغانستان کے خلاف اپنی زمین استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ لہذا ملا داداللہ کی تدبیر اللہ کی نصرت سے امریکہ کے پہلے منصوبے کے عمل میں نہ آنے کی وجہ بنی۔

قیادت کی صلاحیت اور جنگی مہارت:

ملاّ داداللہ نے کبھی جنگی علوم حاصل نہیں کیے تھے اور نہ ہی اپنی تعلیمی زندگی میں کسی عسکری مدرسے میں فوج پر کسی کانفرنس میں شرکت کی تھی، اور وہ فن حرب کی کسی جامعہ کے فارغ التحصیل بھی نہ تھے۔ یہ تو ان کی وہ صلاحیت تھی جو اللہ کی خاص ودیعت تھی تا کہ وہ جدید ترین جنگی مہارت سے لیس جدید ترین افواج کا مقابلہ کر سکیں۔ انہوں نے اللہ کی مدد سے یہ سب کچھ سیکھ لیا کہ کس طرح دشمن سے لڑنا ہے، کس طرح ان کے حملوں کو روکنا ہے اور محاصرہ کس طرح توڑنا ہے۔ ان کی زندگی کے اس باب کو مثالوں کے ذریعے سمجھانے کے لیے ہم تین مثالوں پر اکتفا کریں گے۔ نہایت کٹھن حالات میں وہ اللہ عزوجل کی مدد سے اس قابل تھے کہ اپنے آپ کو اور اپنے ہزاروں ساتھیوں کو تباہی اور دشمن کے ہاتھوں اجتماعی قید سے بچا لیتے۔

پہلی مثال: ملا داداللہ اپنے ہزاروں طالبان ساتھیوں کے ساتھ ۱۹۹۶ء میں مزار شریف میں کیمونسٹ جنرل عبدالملک کی دھوکہ بازی کے نتیجے میں جو بظاہر طالبان کا مطیع تھا، محصور ہو گئے۔ شمالی افغانستان چھوڑنے کا کوئی راستہ موجود نہ تھا اور نہ ہی ان کے پاس کمک ملنے کا کوئی ذریعہ تھا۔ لیکن اپنی عسکری مہارت اور قوت فیصلہ کی بدولت، اللہ کی نصرت سے وہ محاصرہ ہٹانے میں کامیاب ہو گئے۔ یہی نہیں بلکہ وہ ان علاقوں پر دوبارہ قبضہ کرنے میں بھی کامیاب ہو گئے جو بغاوت کے بعد دشمن کے قبضے میں چلے گئے تھے۔

ان کے بڑے بھائی ملا منصور اس واقعے کے بارے میں بتاتے ہیں کہ ضلع بغلان میں پل خمری شہر میں، ۱۹۹۶ء میں ملا داداللہ کا محاصرہ کر لیا گیا جبکہ ان کے ساتھ ۱۶۰۰ مجاہدین تھے۔ ان کا سارا اسلحہ استعمال ہو چکا تھا اور کمک آنی بھی بند ہو گئی تھی۔ لیکن محاصرے نے ملا داداللہ کے مضبوط عزم کو ذرا متزلزل نہیں کیا اور وہ اپنے ساتھیوں کے حوصلے بھی بلند کرتے رہے، اور ان کو مشکل حالات میں صبر اور استقامت کا درس دیا۔ اس دوران میں وہ حکومت کے کسی ایسے مقامی آدمی کی تلاش میں تھے جو اسلحے کے ذخائر اور گوداموں کا پتہ جانتا ہو۔ انہیں ایسا شخص مل گیا، اس کو پیسے دیے اور گودام دکھانے کو کہا۔ اس شخص نے انہیں جگہ دکھا دی اور بتایا کہ وہ پل خمری کے مرکز میں واقع چینی کے کارخانے میں موجود ہیں۔ یہ سب کچھ اس وقت ہوا جب محاصرے کا گھیرا تنگ ہوتا جا رہا تھا اور دشمن یہ مطالبہ کر رہا تھا کہ مجاہدین ہتھیار ڈال دیں اور اپنا سارا اسلحہ اور گاڑیاں ان کے حوالے کر دیں۔

ملاّ داداللہ نے دشمن کی طرف اپنا نمائندہ بھیجا اور یہ ظاہر کیا کہ وہ ہتھیار ڈالنا چاہتے ہیں، لیکن ان کی شرط ہے کہ وہ چینی کے کارخانے کے پاس اجتماعی طور پر ہتھیار ڈالیں گے۔ دشمن اس پر راضی ہو گیا اور اتنی بڑی فوج کے ہتھیار ڈالنے کے خواب دیکھنے لگا، اپنی اس شکست سے بے خبر جو تقدیر نے ان سے چھپا رکھی تھی۔

ملاّ داداللہ نے تمام مجاہدین کو کارخانے کے پاس جمع کیا۔ کارخانہ ایک مقامی سردار کے مسلح افراد کے تحت تھا جو بظاہر طالبان کا حامی تھا مگر خفیہ طور پر اس نے دشمن سے ساز باز کر رکھی تھی اور ان سے وعدہ کیا تھا کہ وہ طالبان کے اعلیٰ قائدین کو ان کے حوالے کرے گا جن کو اسی مقصد کے لیے اس نے اپنے گھر میں مہمان بنایا ہوا تھا۔ کارخانے کے پاس جمع ہونے کے بعد ملاّ داداللہ نے چوکیدار کو پکڑنے کا حکم دیا اور اسے اسلحہ اور بارود کے گودام کھولنے کو کہا۔ یوں مجاہدین نے دشمن کو معلوم ہوئے بغیر اپنے آپ کو اسلحہ سے لیس کر لیا اور صبح جب وہ سردار قیدیوں کی حوالگی کے معاملات دیکھنے آیا تو ملاّ داداللہ صدر دروازے پر اس کا انتظار کر رہے تھے۔ اس کا اندر داخل ہونا تھا کہ وہ اسے کنارے پر لے گئے اور سینے پر پستول رکھ کر فوری طور پر طالبان قائدین کی رہائی کا حکم دیا جو اس کے گھر میں قید تھے۔ جب اس نے یہ حیران کن صورتحال دیکھی تو فوراً اپنے ساتھیوں کو وائرلیس پر پیغام دیا کہ وہ فوری طور پر طالبان قائدین کو بھیج دیں۔

یوں وہ اور ان کے ساتھی اللہ تعالیٰ کی مدد سے اجتماعی قید سے بچ گئے۔ یہی نہیں بلکہ اس کے بعد انہوں نے دیگر شمالی اضلاع بشمول قندوز پر (فضائی اڈہ جہاں سے طالبان شمال میں محصور لوگوں تک فضائی راستے سے کمک پہنچایا کرتے تھے) قبضہ کر لیا۔

دوسری مثال: جب مجاہدین نے قندوز پر قبضہ کر لیا اور وہاں کے لوگوں کو حکومتی اداروں کا ذمہ دار بنایا تو انہوں نے ایک مقامی سردار گلم کو قندوز میں سیکیورٹی فورسز کا جنرل کمانڈر مقرر کیا کیونکہ طالبان کی نظر میں وہ ایک اچھا آدمی تھا اور قندوز میں مجاہدین کے معروف لیڈر شہید 'امیر' کا بھائی تھا۔ لیکن گلم خفیہ طور پر دشمن کے ساتھ ملا ہوا تھا اور احمد شاہ مسعود کے ساتھ اس کے گہرے روابط تھے۔ وہ قندوز کو اس کے تمام شہریوں کے ساتھ اس کے حوالے کرنا چاہتا تھا۔ اس نے دشمن کے سرداروں کو ہنہ آباد علاقے میں اپنے گھر بلایا جو دشمن کی حفاظتی پٹی کے قریب تھا، اور ان کے ساتھ قندوز پر حملہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا تھا۔ اس نے ملاّ داداللہ کو خط بھیجا جس میں انہیں مقبوضہ علاقوں سے فوری اخراج کا حکم دیا۔ خط ابھی راستے میں ہی تھا اور ملاّ داداللہ کو اس منصوبے کا کچھ علم نہ تھا کہ انہوں نے مخابرہ (وائرلیس) پر گلم کو، اپنا مطیع سمجھتے ہوئے، کہا کہ مجھے ٹینک کے گولے بھیج دو، جس پر اس نے نفی میں جواب دیا۔ ملاّ داداللہ کو اس کی بات کا یقین نہ آیا اور وہ اپنے چند ساتھیوں کو ساتھ لے کر ایک گاڑی میں گلم کے گھر پہنچے۔ لیکن ابھی پہنچے ہی تھے کہ ملاّ داداللہ کو اندازہ ہو گیا کہ گلم نے اپنی وفاداری

تبدیل کر لی ہے اور اب وہ ہمارا ساتھی نہیں۔ انہوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا: '' لگتا ہے کچھ ہوگیا ہے اس لیے اب وہی کرنا جو میں کہوں۔''

وہ چوکیداروں کے بغیر کچھ محسوس کیے اندر چلے گئے اور حیران کن طور پر اس کمرے میں جا پہنچے جہاں گلم بیٹھا دشمن کے سرداروں کے ساتھ منصوبہ بندی کرنے میں لگا ہوا تھا۔ سارے اس پر بہت شرمندہ ہوئے اور خیال کیا کہ شاید خط پہنچ چکا ہے اور ملاّ داداللہ ہتھیار ڈالنے کی شرائط طے کرنے آئے ہیں۔ لیکن ان کا یہ خیال غلط ثابت ہوگیا جب ملاّ داداللہ دروازے کے قریب والی جگہ پر بیٹھے، اپنا عمامہ اتارا، اپنی مصنوعی ٹانگ کونے میں رکھی، بندوق عمامے پر رکھی، مخابرہ نکالا اور محاذ پر مجاہدین کو ہدایات دینی شروع کردیں اور انہیں تخار کی جانب دشمن کے باقی سارے علاقوں پر قبضہ کرنے کا حکم دیا۔ وہاں موجود لوگوں سے بات چیت کیے بغیر وہ انہیں ان جگہوں کے نام بتاتے گئے اور ان سڑکوں کی طرف رہنمائی کرتے رہے جو دشمن کے علاقوں کی سمت جاتی تھیں۔ مجاہدین کو ہدایات دینے کے دوران انہوں نے بتایا کہ میں ابھی گلم کے ساتھ ایک ملاقات کر رہا ہوں اور ہم تخار ضلع کے باقی اضلاع پر قبضے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔

جب ہدایات کا یہ سلسلہ ختم ہوا تو گلم کی طرف متوجہ ہوئے اور ایک کمانڈر کے لہجے میں بات کرتے ہوئے کہا: اپنے ساتھیوں کو تیار کرو، ٹینکوں کے گولے اور اسلحہ گوداموں سے نکالو اور تخار میں دشمن کے باقی علاقوں پر فیصلہ کن حملے کے لیے تیار رہو کیونکہ میں اس معاملے کو اس سے زیادہ طول نہیں دینا چاہتا۔

> ملا داداللہ نے افغانستان میں عالمی صلیبی اتحاد کے خلاف جو سب سے زیادہ خطرناک کام کیا وہ یہ کہ نوجوان استشہادی حملہ آوروں کی تربیت کی جو طاقت کے اعتبار سے صلیبی فوجیوں سے بہت زیادہ زورآور تھے۔ ان نوجوانوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے اور انہیں افغانستان کے مختلف علاقوں میں پھیلا دیا گیا۔ یہ لوگ اللہ کی رحمت سے دشمن کے دلوں میں ہر چیز سے خوف ڈالنے اور ہر جگہ انہیں دہشت زدہ رکھنے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔

جب حاضرین نے یہ دیکھا تو وہ گلم کی طرف ملامت آمیز نگاہوں سے دیکھنے لگے کہ جیسے اس نے انہیں طالبان کے جال میں گرفتار کرلیا ہو۔ اس مشکل صورتحال کو بھانپ کر وہ غصّے سے بھرے ہوئے، باری باری نکل کر مختلف سمتوں میں بھاگ گئے کیونکہ ملاّ داداللہ نے جن علاقوں کا ذکر کیا تھا وہ انہی سرداروں کے کنٹرول میں تھے۔ یوں ملاّ داداللہ دشمن کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے اور اپنی چال سے ان کے منصوبے کو ناکام کرنے میں کامیاب ہوگئے، اس حدیث پر عمل کرتے ہوئے کہ 'جنگ تو ہے ہی دھوکہ' (الحرب خدعہ) انہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے ساتھیوں کو قید سے بچالیا اور اپنی زیرکی سے دشمن کے ذہن سے حملے کا خیال نکال دیا۔

تیسری مثال: مزار شریف کے امریکیوں کے ہاتھ میں چلے جانے کے بعد ہزاروں مجاہدین قندوز میں محصور ہوگئے اور سینکڑوں شہید ہو چکے تھے۔ جنرل دوستم، جس کے سپرد صلیبیوں نے امریکی قبضہ کے بعد افغانستان کے شمال مغربی اضلاع کیے تھے، نے ان سے مطالبہ کیا کہ وہ اپنے سارے ہتھیار، گاڑیاں اور سامان اس کے حوالے کردیں جس کے بدلے میں وہ انہیں قندھار تک محفوظ راستہ فراہم کرے گا۔ طالبان راہنما ملا فضل اور ملا نوراللہ جو آج گوانتانامو بے میں قید ہیں نے اس بات کو تسلیم کرلیا تاکہ مجاہدین کی جانیں بچ جائیں لیکن ملاّ داداللہ نے ہتھیار ڈالنے سے انکار کردیا اور دوسروں کو بھی ان منافق ملحدین کے وعدوں پر یقین کرنے سے روکا اور ان سے کہا: '' دشمن کے سامنے بہادری سے مرنا ذلت کے ساتھ جھکنے سے بہتر ہے۔''

اسی طرح امریکیوں اور جنرل دوستم نے طالبان سے عرب مجاہدین، نہ کہ افغان مجاہدین کو حوالے کرنے کا مطالبہ کیا کہ اس کے بدلے میں باقی ہزاروں محصور مجاہدین کو چھوڑ دیا جائے گا۔ لیکن ملاّ داداللہ نے اس خیال کو بھی مسترد کردیا اور دوستم کے نمائندے سے کہا: '' ہم وہ لوگ نہیں جو دوسروں کی جانیں اپنی خاطر قربان کردیں۔ ہماری جانیں ان کی جانوں سے زیادہ اہم نہیں۔ ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ یا ہم ایک ساتھ مل کر قندھار جائیں گے یا اللہ کی راہ میں شہید ہوجائیں گے۔'' بعد ازاں انہوں نے یہ بھی کہا: '' اگر تم ہمیں ایک غیر افغانی مجاہد کے عوض شمالی اضلاع کا کنٹرول دے دو تو یہ بھی ہمیں قبول نہیں ہوگا۔''

اسی فیصلہ کن موقف کے ساتھ انہوں نے دوستم کے نمائندوں کو جواب دیا اور کسی مرحلے میں بھی نرم نہیں پڑے۔ یہ تقدیر کا کرنا تھا کہ باقی لیڈر دوستم کے وعدوں میں آ گئے اور دوستم نے انہیں چھوڑ دیا اور وہ امریکیوں کی قید میں چلے گئے۔ اس کے برعکس ملاّ داداللہ چھ مجاہدین کے ساتھ بلخ، مزار شریف کی طرف چلے گئے اور ایک مہینے تک وہاں چھپے رہے اور پختون دیہاتیوں سے کھانا کھاتے رہے۔ ان کے قیام کے دوران میں دوستم کی فوجیں اور امریکی افواج ان کو ڈھونڈنے کے لیے آئیں۔ ایک دن دوستم کی فوجیں اس گھر تک بھی پہنچ گئیں جہاں ملاّ داداللہ چھپے ہوئے تھے اور پورا دن وہاں ان کو تلاش کرتے، تفتیش کرتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو بچالیا۔

اس محاصرے اور چھپنے کے عرصے کے دوران میں بھی ملاّ داداللہ کی توجہ اس بات سے نہیں ہٹی کہ وہ امریکیوں کو فریب دینے کے لیے کوئی چال چلیں تاکہ وہ ان کی اور ان کے ساتھیوں کی تلاش چھوڑ دیں۔ انہوں نے بی بی سی براڈ کاسٹ سٹیشن پر سیٹلائٹ سے فون کیا اور انہیں بتایا کہ وہ دوپہر چار بجے ایک کٹھن سفر طے کرنے کے بعد جو ہفتوں جاری رہا قندھار پہنچ چکے ہیں۔ یہ سب کچھ اللہ کی رحمت اور شمالی افغانستان کے وفادار لوگوں کی بدولت ہوا ہے، حالانکہ وہ مزید ڈیڑھ ماہ تک اسی گاؤں میں مقیم رہے۔ جب امریکیوں نے یہ خبر سنی تو ان کی تلاش چھوڑ دی اور یہی سمجھے کے اب وہ ہمارے ہاتھوں سے نکل چکے ہیں۔

اس رابطے کے ایک مہینے بعد وہ پختون قبائل کے کچھ وفادار لوگوں کی مدد سے

مشہور سالانگ پاس کے ذریعے کابل اور کابل سے قندھار پہنچ گئے۔

امریکہ اور اتحادی حکومت کے خلاف دوبارہ جہاد کا آغاز:

شہید ملا داد اللہ چین سے بیٹھ رہنے والے اور کسی کے آگے جھکنے والے انسان نہ تھے، گویا انہیں اللہ تعالیٰ نے بے شمار خطروں سے بچایا ہی اس لیے تھا کہ وہ ایک نئے طرز پر جہاد اور امریکہ کے زیرِ قیادت عالمی صلیبی اتحاد کے خلاف معرکے برپا کر سکیں۔ اس وقت وہ اپنے گھر واپس آ گئے اور اپنے پندرہ بچوں کے ساتھ مستقل وہیں قیام کیا، جس کے بعد وہ دوبارہ جہاد کی طرف پلٹے تاکہ شجاعت، بہادری اور اللہ کی راہ میں قربانیوں کا ایک نیا باب رقم کر سکیں۔

ان کے بڑے بھائی ملا منصور اپنے شہید بھائی کی زندگی کے اس حصّے پر روشنی ڈالتے ہوئے کہتے ہیں: گھر آنے کے بعد اور تقریباً ایک مہینہ وہاں قیام کے بعد انہوں نے مجھے اپنے کچھ مخلص ساتھیوں کے پاس قندھار بھیجا اور میرے ذریعے ان کو امریکہ کے خلاف جہاد کرنے، اللہ پر توکل کرنے اور دشمن کی مادی طاقت سے خوف نہ کھانے کا پیغام بھیجا، یوں انہوں نے امارت اسلامیہ کی حکومت ختم ہونے کے بعد از سرِ نو جہاد کا آغاز کیا۔

ابتدا میں امریکی بہت پر امید تھے، لیکن ملاّ داد اللہ نے وقتاً فوقتاً مجاہدین سے ملنا اور ایک جگہ سے دوسری جگہ سفر کرتے رہنا ترک نہیں کیا، حالانکہ وہ لوگوں کے درمیان غیر معروف نہ تھے (کہ آسانی سے پہچانے نہ جاتے) لیکن ان کی بہادری اور خطروں سے لاپرواہی نے انہیں لوگوں سے مستغنی کر دیا، وہ نتائج سے بے پرواہ ہو کر ان کے بارے میں سوچنے کے بجائے صرف جہاد اور اپنی تحریک کے بارے میں سوچتے۔ بارہ جولائی ۲۰۰۲ء میں امیر المومنین نے افغانستان میں صلیبیوں کے خلاف عسکری اور جہادی امور کی نگہداری کے لیے ایک شوریٰ بنائی جس میں تحریک طالبان کے دس معروف کمانڈر شامل تھے اور انہی میں سے ایک ملا داد اللہ بھی تھے۔

کچھ عرصے بعد ہی ان کی کوششیں رنگ لائیں اور جنوب مغربی اضلاع مثلاً قندھار، ارزگان اور زابل میں امریکیوں کے خلاف جہاد شروع ہو گیا۔ اس کے بعد جہاد کا دائرہ کار وسیع ہو کر دوسرے اضلاع تک بھی پہنچ گیا۔ ملاّ داد اللہ نے صفیں ترتیب دیں، عسکری سرگرمیاں کروائیں، مجاہدین کی نگرانی کی اور دنیا بھر کی اخباری ایجنسیوں کو سیٹیلائٹ کے ذریعے مجاہدین کی خبریں پہنچائیں اور یوں وہ بیک وقت ترجمان بھی تھے اور عسکری قائد بھی۔

فدائی حملوں کی منصوبہ بندی:

ملا داد اللہ نے افغانستان میں عالمی صلیبی اتحاد کے خلاف جو سب سے زیادہ اہم کام کیا وہ یہ کہ نوجوان استشہادی حملہ آوروں کی تربیت کی جو طاقت کے اعتبار سے صلیبی فوجیوں سے بہت زیادہ زور آور تھے۔ ان نوجوانوں کی تعداد ہزاروں تک پہنچتی ہے اور انہیں افغانستان کے مختلف علاقوں میں پھیلا دیا گیا۔ یہ لوگ اللہ کی رحمت سے دشمن کے دلوں میں خوف ڈالنے اور ہر جگہ انہیں دہشت زدہ رکھنے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ اس لیے دشمن نے ملاّ داد اللہ کو فدائی حملوں کا ماسٹر مائنڈ قرار دیا ہے جیسے ابو مصعب الزرقاوی (رحمہ اللہ) عراق میں شہیدی حملوں کے ماسٹر مائنڈ تھے۔

امت کے معاملات میں غیرت واہمیّت:

وہ صرف جنگ اور گولہ بارود والی شخصیت کے حامل نہیں تھے بلکہ امت مسلمہ کے مسائل پر بھی گہری نظر رکھتے تھے، مثلاً عراق، فلسطین، شیشان اور دیگر ایسے مسائل جو مظلوم مسلمانوں کو درپیش ہیں۔ وہ اسلام کے مقدسات کے بارے میں بہت جذباتی تھے۔ جب صلیبی ڈینش اخبار نے سال ۲۰۰۶ء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخانہ خاکے چھاپنے کا جرم کیا، اور کروڑوں مسلمان اس پر ردِ عمل اور مذمت میں احتجاج کے لیے نکل آئے، ملاّ داد اللہ نے اس جرم کے ذمہ دار شخص کے قاتل کو دس کلوگرام سونا انعام میں دینے کا اعلان کیا اور یوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس کے لیے اپنی غیرت اور غصّے کا اظہار کیا۔

اسی طرح وہ مستقل اپنے صحافتی بیانات میں اور دوسرے مواقع پر ہر جگہ مسلمانوں کے مسائل میں ان کے ساتھ اتحاد کا مظاہرہ کرتے رہتے تھے۔ عظیم مجاہد ابو مصعب الزرقاوی رحمہ اللہ کی شہادت کے موقع پر سال ۲۰۰۶ء میں انہوں نے عراقی مجاہدین کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے سو فدائی عراق بھیجنے کا اعلان کیا۔

ملا داد اللہ جب بھی کوئی مناسب موقع پاتے اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے۔ اس طرح کا ایک واقعہ اٹلی کے صحافی Daniel Mastrogiacomo کی قید کا ہے، جس کے ملک کی افواج افغانستان میں مجاہدین کے ساتھ برسرِ پیکار ہیں۔ اس صحافی کو اسی وقت چھوڑا گیا جب اس کے بدلے میں چار سینئر مجاہدین جو اتحادی حکومت کے ہاتھوں قید تھے آزاد کیا گیا۔ استاد یاسر، تحریک کی تعلیمی کمیٹی کے سربراہ، مفتی لطف اللہ حکیمی تحریک کے سابق ترجمان، شہید حافظ حامد اللہ رحمہ اللہ اور ملا منصور، ملا داد اللہ کے بھائی [استاد یاسر اور ملا منصور داد اللہ بعد میں دوبارہ گرفتار ہو گئے۔ اللہ ان کو رہائی عطا فرمائے۔ آمین]۔ اس سودے نے افغانستان میں امریکیوں کی کمر توڑ ڈالی اور دنیا کے سامنے ان کی عزت کو خاک میں ملا دیا۔

شہادت:

بیس سال تک جاری رہنے والے جہاد اور بے شمار قربانیوں کے بعد ان کی زندگی جو بہادری اور مہم جوئی سے بھرپور تھی اپنے اختتام کو پہنچی اور امریکی افواج سے دوبدو جنگ کے دوران، اسلام قلعے میں ہزاجفت کے علاقے، ضلع ہلمند میں ۱۴ مئی ۲۰۰۷ء کی صبح وہ اپنے مالکِ حقیقی سے جا ملے۔ ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ان کی شہادت قبول کرے اور ان کی مغفرت فرمائے، بے شک وہ السمیع، القریب اور المجیب ہے۔

☆☆☆☆☆

افسانہ

ان چراغوں کوتو جلنا ہے......

اُم عبداللہ

وہ گھر میں داخل ہوا تو فضا کشیدہ محسوس ہوئی۔سب خاموش اور مضطرب دکھائی دیے۔سارا دن دفتر میں کام کی زیادتی سے اس کا سر درد سے پھٹ رہا تھا۔ایسے میں گھر کا ماحول اس کے لیے مزید اذیت کا باعث تھا۔تھوڑی دیر والدہ کے پاس بیٹھا اور اپنے کمرے میں چلا گیا۔یہ واقعات اس کے لیے نئے نہ تھے۔جن گھروں میں دین سے دوری اور دولت سے محبت ایک حد سے تجاوز کر جائے وہاں رشتوں کی قیمت بھی سونے چاندی میں تولی جاتی ہے۔جذبوں کی قدر تو وہی جان سکتا ہے جس نے ان کی مٹھاس چکھی ہو۔مگر وہ ان جھمیلوں سے کافی عرصہ پہلے ہی کنارہ کشی اختیار کر چکا تھا۔وہ ان خوش قسمت لوگوں میں سے تھا،جن کو برے حالات کندن بنا دیتے ہیں۔گھر میں دن رات کی ناچاقی نے اس کو کم گو اور تنہائی پسند بنا دیا تھا۔کمرے میں آتے ہی اس نے اپنی پسند کی موسیقی لگائی اور بستر پر جوتوں سمیت دراز ہو گیا۔مگر آج اس کا دل کسی چیز میں نہیں لگ رہا تھا۔اس نے اپنا فون اٹھایا اور اپنے دوست عمر کا نمبر ملایا۔عمر اس کا بہترین دوست تھا مگر کچھ عرصے سے اس کی عمر کے ساتھ ان بن چل رہی تھی۔وجہ عمر کی جہاد کے ساتھ وابستگی تھی اور ابراہیم کے نزدیک اس کا دماغ خراب ہو چکا تھا۔MBA کی ڈگری اعلیٰ نمبروں کے ساتھ حاصل کرنے کے بعد اس کا تارکِ دنیا ہو جانا اس کے فہم سے باہر تھا،جبکہ وہ خود ایک اوسط درجے کا طالب علم ہونے کے باوجود ایک موبائل کمپنی میں اعلیٰ عہدے پر فائز تھا۔مگر اسے مسلسل اپنی زندگی میں ایک خلا محسوس ہوتا تھا جبکہ عمر کی پرسکون شخصیت پر اسے ہمیشہ رشک آتا۔قصہ مختصر عمر کی والدہ نے فون اٹھایا،جب اس نے عمر کے بارے میں دریافت کیا تو عمر کی والدہ اپنا دکھڑا کھول کے بیٹھ گئیں۔''بیٹا تم ہی سمجھاؤ اسے!اس کا تو دماغ خراب ہو گیا ہے۔اللہ سمجھائے ان لوگوں کو جنھوں نے میرے فرمانبردار بیٹے کا دماغ خراب کر دیا ہے۔'' ابراہیم کی نظروں میں ،اپنی والدہ کے سامنے کھڑا ہوا فرمانبردار عمر گھوم گیا۔اس نے کبھی اپنی ماں کے سامنے جہاد کے علاوہ کسی موضوع پر بحث نہ کی تھی۔بہرحال پندرہ منٹ کی گفتگو جس میں عمر کی شکایات کے سوا کچھ نہ تھا۔اس نے معذرت کی اور فون بند کر دیا۔اس کی بے چینی عروج پر تھی۔

اپنی سوچوں میں گم تھا کہ اس کے کانوں میں اذان کی آواز گونج گئی۔آج کافی دنوں،شاید ہفتوں بعد اسے مسجد جانے کا خیال آیا۔وضو کر کے اس نے مسجد کا رخ کیا،نماز پڑھی،مسجد سے نکلنے لگا تو اس کے سامنے عمر کھڑا تھا مسکراتا چہرہ آنکھوں میں محبت اور اپنائیت لیے ہوئے......اس کی نظروں میں چند سال پہلے والا عمر گھوم گیا۔جامعہ کے شوخ ترین گروہ کا سردار،شوخی کے ہر کام میں آگے آگے،ایک بے چین چھلاوہ جو اب ایک پرسکون ندی کا روپ اختیار کر چکا تھا۔عمر نے اسے پکارا تو ابراہیم چونک کر خیالوں کی دنیا سے باہر آیا۔عمر نے اسے ترجمہ قرآن کلاس پر چلنے کی دعوت دی تو ابراہیم بھی گھر کے ماحول سے فرار حاصل کرنے کے لیے وقت گزاری کے طور پر اس کے ساتھ چل پڑا۔وہاں پہنچ کر ابراہیم نے محسوس کیا کہ عمر کے سارے ساتھی ایک جیسے ہیں۔چہروں کے نقوش اور رنگ تو مختلف ہیں مگر چہروں پر جذبات کی یکسانیت اور رویّے کی خوبصورتی کی وجہ سے ایک ہی خاندان کے افراد دکھائی دیتے ہیں۔سب اس سے اس طرح ملے جیسے پہلے سے جانتے ہوں یا شاید ان کے لیے یہی کافی تھا کہ ابراہیم عمر کا دوست ہے۔کلاس شروع ہوئی،عمر کے ایک دوست نے خوش الحانی سے تلاوت کی اور ترجمہ پڑھا:''تم پر قتال فرض کیا گیا ہے اور وہ تمہیں ناپسند ہے۔اور ہوسکتا ہے کہ تم ایک چیز کو ناپسند کرو اور وہ تمہارے لیے بہتر ہو اور ہوسکتا ہے کہ تم ایک چیز کو پسند کرو اور وہ تمہارے لیے بری ہو۔اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔''(البقرۃ۔۲۱۶)

ابراہیم کو اگر یہ بات پہلے نہ بتائی جا چکی ہوتی کہ یہ ترجمہ و تفسیر کی سلسلہ وار کلاس ہے،تو وہ یہی تأثر لیتا کہ یہ لوگ اس کو سنانے کے لیے ان آیات کا انتخاب کر رہے ہیں۔اب وہ ان آیات کی تفسیر کر رہے تھے۔جہاد اور عام جنگ میں فرق۔جنگیں دنیاوی مقاصد کے لیے لڑی جاتی ہیں۔کوئی ملک کی خاطر لڑ رہا ہوتا ہے،تو کوئی انسانوں کے بنائے ہوئے نظریوں پر گردن کٹاتا ہے جبکہ قتال فی سبیل اللہ دنیا پر'لا الہ الا اللہ' کو قائم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔سورہ انفال اس پر یوں روشنی ڈالتی ہے:''اور ان سے قتال کرو،یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین سارے کا سارا اللہ کے لیے ہی ہو جائے۔(۳۹)'' فتنہ سے مراد ہر قسم کا ابہام ہے جو دین کے راستے میں رکاوٹ ہے۔جو بھی طاقت،وہ چاہے ہماری ذات کی محبوب ترین ہستی،ہماری قوم،قبیلہ یا ہمارے نظریات کی شکل میں ہو قابلِ نفی ہے۔اور اس کی آخری شکل ایک ایسی جدوجہد ہے جس کا انجام چاہے ٹکراؤ کی صورت میں ہو......رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑتا رہوں،یہاں تک کہ لوگ شہادت دیں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں۔جب تک وہ یہ کام کریں گے تو انہوں نے مجھ سے اپنے خون اور مال محفوظ کر لیے۔''(بخاری و مسلم)۔

اس حدیث کو سننے کے بعد ابراہیم کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ یہ دہشت گرد کلمہ گو فوج کو کیوں مارتے ہیں۔لیکن جب 'لا الہ الا اللہ' کے تقاضے حدیث کی روشنی میں بیان کیے گئے تو اسے اپنے سوالوں کے جواب ملنا شروع ہو گئے۔اسے وہ سب بہانے یاد آنے لگے جن سے لوگ اپنے مال زکوٰۃ دینے سے بچاتے ہیں۔پھر یہاں کون سا اسلامی نظام ہے جو لوگوں کو نماز اور زکوٰۃ کی طرف راغب کرے۔اس کے دماغ میں دلیل اور ردِ دلیل کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا۔وہ اپنے ماحول سے بے خبر اپنی سوچوں کے تانوں بانوں میں گم تھا کہ کسی نے اس کا کندھا ہلایا۔اس نے دیکھا کہ کمرہ خالی ہو چکا تھا۔صرف عمر اور درس دینے والے حضرت اس

کے پاس بیٹھے تھے۔عمر نے شفیق بزرگ سے اس کا تعارف کروایا۔وہ افغانستان، کشمیر اور فلسطین کے جہاد میں حصّہ لے چکے تھے۔انہوں نے بات کا آغاز کیا۔رسمی گفتگو کے بعد ابراہیم نے ان کے سامنے وہ سارے نکات واعتراضات رکھے جو رات ۸ سے ۱۲ بجے تک مختلف ٹی وی مباحثوں میں آتے ہیں اور جن کو اس کے سب گھر والے تفریح کے طور پر دیکھا کرتے تھے۔کیونکہ کچھ عرصہ سے لوگ ان (5th columnist) صحافیوں کی خرافات ڈراموں کی جگہ دیکھنے لگے ہیں،اور ہر مسئلے کا فتویٰ علما کی بجائے انہی سے طلب کرتے ہیں۔اس کی باتیں سن کر ان کے چہرے پر ایک بھر پور مسکراہٹ نمودار ہوئی،جس میں طنز کی بجائے محبت تھی۔ان کی نگاہ اس نوجوان کے اندر کی خیر کو دیکھ چکی تھی جسے دنیا کی گرد نے ڈھانپ رکھا تھا۔لہٰذا انہوں نے جذباتی جواب دینے کی بجائے اس سے صرف اتنا کہا کہ اگلی دفعہ سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور سیرت صحابہ کرامؓ پر ایک ایک کتاب پڑھ کر آئے۔ابراہیم کو اپنے سوالوں کے جواب میں یہ بات بہت عجیب لگی لیکن ان کے رویے نے اس کے دل میں ان کی بات کی قدر ومنزلت ضرور پیدا کر دی۔اس کے بعد کافی دیر تک وہ ان سے باتیں کرتا رہا،ان کے انداز کی اپنائیت نے اس کے اندر کی ساری بے چینی دور کر دی جو وہ یہاں آنے سے پہلے محسوس کر رہا تھا۔ایک سکون تھا جو اس کی مسکراہٹ میں بدل رہا تھا۔واپسی پر عمر نے اس کو وہ کتب بھی دے دیں اور ساتھ ہی پڑھنے کی تاکید بھی کی۔گھر آ کر اس کو نیند آ گئی۔اگلے دن پھر اسی طرح کام کی روٹین میں وہ ساری باتیں فراموش کر گیا۔ہفتے کے اختتام پر وہ بیٹھا اپنی ای میل چیک کر رہا تھا۔اس نے ایک میل کھولی جس میں غزہ میں اسرائیلی مظالم سے زخم خوردہ عورتوں اور بچوں کی تصاویر تھیں۔جوں جوں وہ تصاویر دیکھتا گیا،منظر دھندلاتا گیا اور اس کے کانوں میں گذشتہ ہفتے کے درس کے الفاظ گونجنے لگے،قرآن پکار رہا تھا:''اور تمھیں کیا ہو گیا ہے؟،کہ تم اللہ کی راہ میں قتال نہیں کرتے،اور کمزور مرد،عورتیں اور بچے جو پکار رہے ہیں اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے لوگ ظالم ہیں اور ہماری لیے اپنی طرف سے کسی کو ہمارا حمایتی اور مددگار بنا۔''(النساء۔۷۵)

اسے اپنی اسلامیات کی کتاب میں پڑھی ہوئی وہ حدیث بھی یاد آئی جس میں محسن انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:''مؤمن ایک جسم کی مانند ہیں،جس کے ایک حصّے کو تکلیف ہوتی ہے تو پورا جسم مضطرب ہو جاتا ہے۔''لیکن یہاں تو شاید جسم ہی مفلوج ہو چکا تھا کہ ایک حصّہ کاٹ بھی دیا جائے تو باقی جسم پر جُوں تک نہیں رینگتی۔۔۔!اور پھر اگر ہم ان مظلوم مسلمانوں کو وہاں کے ظالموں سے بچا بھی لیں،اور وہاں سے نکال بھی لیں تو پھر کہاں بسائیں؟ کہاں ہے اللہ کا نظام؟ یہاں تو کفار کا حلیف بن کر،مسلمانوں کو جیٹ طیاروں سے مارا جا رہا ہے۔اس کی آنکھیں پرنم تھیں،وہ ایک حساس دل رکھنے والا نوجوان تھا۔اور دنیا داری سے بیزار ہو چکا تھا۔سوالوں کی بوچھاڑ نے پھر سے اسے بے چین کر دیا۔اس کو استاد کی بات یاد آئی تو اس نے اٹھا کر وہ کتب پڑھنا شروع کر دیں۔ایک صفحہ،دو،کرتے کرتے وہ دونوں ہی کتابیں پڑھ گیا۔ہر صفحہ قربانیوں کی داستاں اور ہر داستان مسلسل جدوجہد۔گھوڑوں کی پشت پر زندگی بسر کرنے والی یہ بزرگ ہستیاں ہی ایسی خلافت قائم کر سکتی تھیں،جنہوں نے دنیا کا نقشہ ہی نہیں،دل بھی بدل دیے۔فجر کی اذان ہو رہی تھی۔اس کو خبر ہی نہ ہوئی کہ پوری رات بیت گئی۔اس دوران میں کئی بار اس کی آنکھیں پرنم ہو کر خشک ہوئیں۔وضو کر کے اس نے مسجد کا رخ کیا۔نماز پڑھی تو دل کی حالت ہی کچھ اور تھی۔آج نماز میں معبُود بھی موجود تھا،سجدہ کیا تو گویا اس کے قدموں میں سر رکھ دیا۔دعا کی تو منہ سے صرف ہدایت کی دعا نکلی۔اپنی کیفیت پر حیران ہونے کی بھی فرصت نہ تھی کہ آج اس کو ایک ایسے ساتھی کا ادراک ہوا جو ہر پل اس کے ساتھ تھا۔نماز کے بعد مختصر سا درس تھا جس میں صحابہ کرامؓ میں سے کسی صحابیؓ کا قصہ تھا۔درس ختم ہونے پر گھر آ رہا تھا تو سوچ رہا تھا کہ ان میں اور ہم میں کیا فرق ہے؟۔فرق صاف واضح تھا۔'عمل'۔گھر آ کر وہ سو گیا،چھٹی کا دن تھا اور رات بھر نہ سونے کی وجہ سے وہ خوب سویا۔شام کو وہ کلاس کے لیے جا رہا تھا۔آج کی مجلس میں اس کو عجیب مزہ آ رہا تھا۔آج وہ طالوت اور جالوت کے قصے پر پہنچ چکے تھے۔اللہ تعالیٰ بتا رہے تھے،کہ ثابت قدم رہنے والے اگر تعداد میں کم بھی ہوں تو بھی وہ غلبہ حاصل کر سکتے ہیں۔ان کے سامنے کوئی طاقت،طاقت نہیں ہوتی۔ان کے لیے سپر پاور فقط اللہ سبحانہ تعالیٰ کی ذات ہی ہوتی ہے اور اسی پر وہ بھروسہ بھی کرتے ہیں۔درس کے اختتام پر شیخ نے اس سے پوچھا کہ وہ کتب پڑھیں یا نہیں؟اس نے ان کو گذشتہ دن پیش آنے والے واقعے اور اپنے احساسات سے آگاہ کیا۔

انہوں نے اس سے سوال کیا،''تم نے ان کی زندگی کو کیسا پایا؟''۔فوراً جواب ملا ''مسلسل عمل اور جدوجہد،دنیا ان کے لیے مسافر خانہ اور دارالعمل تھی۔''استاد بولے۔''تو کیا ہم ایسے ہیں؟''ابراہیم کو بے طرح شرمندگی نے گھیر لیا۔اتنے میں مہربان دوست بولے۔'' میرا مقصد تمھیں شرمندہ کرنا نہیں تھا۔تمھارے سارے سوالوں کا جواب اسی شرمندگی میں ہے،جو ہمارے 'اہل دانش' کو اس وقت بھی نہیں ہوتی جب وہ کفر اور طاغوت کے حق میں دروغ گوئی کر رہے ہوتے ہیں۔'' واللہ کسی ایسے شخص کو اسلامی شعار پر تبصرہ کرنے کا حق نہیں جب تک اس کے پاس وہ عمل نہ ہو''میرے بھائی جیسا میں نے تم سے پہلے دن کہا تھا،جہاد جنگ نہیں مذہبی فریضہ ہے۔اس پر صرف دفاعی امور کے مبصر کا تبصرہ معتبر نہیں ہے۔یہ اسلامی جنگ ہے اس پر وہی تبصرہ کر سکتا ہے جو دین کا علم رکھتا ہو اور عمل میں وہ جہاد کرتا ہو۔اس کے بعد اگر وہ کسی گروہ کی کمزوری کی نشاندہی کرے تو اس کو سنا جا سکتا ہے۔تم نے آج تک اس مغرب زدہ ذرائع ابلاغ پر کبھی مجاہدین کی طرف سے کسی کی نمائندگی دیکھی ہے۔میرے بھائی یہ سب اس نفسیاتی جنگ کے ہتھیار ہیں جو دین کی مخالفت میں چلتے ہیں۔ان کے بدلتے رنگوں سے ان کی منافقت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔جب کہیں ظلم ہو رہا ہوتا ہے تو آگ بھڑکاتے ہیں اور جب ظلم ہو چکتا ہے تو اشک شوئی کرنے والوں میں صف اوّل میں نظر آتے ہیں۔' جامعہ حفصہ کے واقعہ کو ہی دیکھ لو'۔وہ بولتے جا رہے تھے اور ذہن کے افق سے میڈیا کا طاری کردہ غبار چھٹ رہا تھا۔کفر کے ہاتھوں میں کھیلتے یہ لوگ حق کو چھپانے کے لیے کس قدر کوشاں ہیں۔اس بات نے اس کو مغموم کر دیا،کس طرح ان 'اہل دانش' نے نام نہاد پڑھے لکھے لوگوں کی عقل کو بھی یرغمال بنا رکھا ہے۔

(بقیہ صفحہ نمبر ۵۰ پر)

(قسط پنجم)

مسافرانِ نیم شب

ابوعندلیب

’بھائی! کبھی ڈرون جہاز دیکھا ہے آپ نے؟‘ میری اتنی لمبی چوڑی تقریر کے جواب میں اس نے بے تکا سا سوال کر دیا۔

’ہاں، جب کبھی قبائلی علاقے میں میزائل حملہ ہوتا ہے تو ٹی وی میں دکھاتے ہیں۔۔لیکن اس کا میرے سوال سے کیا تعلّق ہے؟‘

’معاذ بھائی! ڈرون کو ٹی وی میں دیکھنے اور کھلی آنکھوں سے میزائلوں سمیت اپنے سر سے چند سوفٹ کی بلندی پر اڑتا دیکھنے میں بڑا فرق ہوتا ہے۔۔۔۔

ساری رات اگر میزائلوں سے لیس ڈرون آپ کے سر پر اڑتا رہے اور اس کی مکروہ آواز آپ کے کان میں پڑتی رہے، جب کہ آپ کو یہ بھی معلوم ہو کہ آپ اس کا ممکنہ ہدف ہو سکتے ہیں تو کیسا محسوس کریں گے آپ؟

اور پھر کسی ایسی ہی رات میں کمر پر من ڈیڑھ من کا وزن لاد کر فلک بوس پہاڑوں میں میلوں پیدل چل کر دشمن کے مرکز پر جانا اور اس پر حملہ کرنا۔۔۔

اور جوابی فائر، زمینی وفضائی بمباری کے دوران میں اپنے مورچے میں ثابت قدم رہنا۔۔۔

اور پھر اپنی جان سے زیادہ پیارے ساتھیوں کو اپنی آنکھوں کے سامنے شہید اور زخمی ہوتے دیکھنا اور پھر یا تو انہیں اپنے کندھوں پر اٹھا کر واپس لانا یا پھر اللہ اور مقامی مسلمانوں کے سپرد کر آنا۔۔۔۔۔‘‘ اس کی آواز بھرا گئی، میں نے مڑ کر دیکھا تو آنسو اس کی داڑھی کو بھگو رہے تھے

’یہ سب کام گولی، بم یا میزائل کھا کر شہید ہونے سے پہلے کرنے پڑتے ہیں بھائی۔۔۔ شہادت اگر ایسا ہی شارٹ کٹ ہوتا تو یہ جو شہروں میں آپ کو دعوت و تبلیغ اور ذکر و تدریس کے ذریعے جنت کے طلب گار نظر آتے ہیں، یہ سب محاذوں پر ہوتے‘

اس نے اپنے آنسو پونچھ لیے لیکن مجھے لاجواب کر دیا۔ میرے دلائل کا ذخیرہ ختم ہو چکا تھا لہٰذا میں نے خاموشی میں ہی عافیت جانی۔ زبیر نے اپنے بیگ سے ایک سی ڈی نکال کر گاڑی کے پلیئر میں لگا دی۔ انتہائی پرسوز آواز میں جہادی ترانے کی آواز گاڑی میں گونجنے لگی

اے دین کے مجاہد تو کہاں چلا گیا ہے
یہ جہاد کی فضائیں تجھے یاد کر رہی ہیں
اپنوں کے خوں میں ڈوبی کشمیر کی وہ گلیاں
جلتا ہوا فلسطیں، روتا ہوا وہ شیشاں
کچھ ہوش کر مسلماں، حرمین کی صدا ہے
اے دین کے مجاہد تو کہاں چلا گیا ہے
یہ مصطفیٰ ﷺ کی امت کب سے سسک رہی ہے
کیا غیرت مسلماں ناپید ہو گئی ہے
ہر سمت خون مسلم یہ تجھ سے پوچھتا ہے
یہ جہاد کی فضائیں تجھے یاد کر رہی ہیں
محشر کے روز رب کو تم کیا جواب دو گے
ان بھائیوں کے خوں کا کیسے حساب دو گے
اللہ کے نبی کی قرآن کی صدا ہے
اے دین کے مجاہد تو کہاں چلا گیا ہے
یہ جہاد کی فضائیں تجھے یاد کر رہی ہیں

مجھے لگا شاید ترانہ پڑھنے والا مجھ سے ہی مخاطب ہے۔ چند لمحوں کے لیے تو مجھے بھی لگا کہ جہاد ہی میری پہلی اور آخری ذمہ داری ہے لیکن میں نے خود کو فوراً ہی اس سحر سے نکالنے کی کوشش کی کیونکہ مجھے تو زبیر کو واپس لانا تھا کجا یہ کہ الٹا وہ میری برین واشنگ شروع کر دے۔ لیکن زبیر کی باتوں اور اس کے لہجے میں چھلکتی تڑپ نے مجھے مخمصے میں ڈال دیا تھا۔ میرا دل اس کے اخلاص اور سچّائی کی گواہی دیتا تھا تو دماغ اس حقیقت کو ماننے کے لیے راضی نہیں تھا۔ میں نے دل ہی دل اللہ سے دعا کی وہ زبیر کو ہدایت دے اور اگر میں غلطی پر ہوں تو مجھے بھی حق کو حق سمجھنے کی توفیق دے۔ اسی سوچ و بچار میں فجر کا وقت ہو گیا۔ ایک پٹرول پمپ پر گاڑی روک کر ہم نے نمازِ فجر پڑھی۔ فجر پڑھنے کے تقریباً ایک گھنٹے میں ہم ساہیوال پہنچ چکے تھے۔

زبیر کے گھر پہنچ کر میں نے گھنٹی بجائی جبکہ زبیر ابھی گاڑی میں ہی بیٹھا تھا۔ دروازہ زبیر کے چھوٹے بھائی عزیر نے کھولا۔

’بھائی!۔۔۔آپ؟؟؟‘ صبح صبح مجھے یوں اچانک دیکھ کر وہ خاصا حیران ہوا۔

’بیٹا ساری حیرت مجھ پر ہی نہ ختم کر دینا۔۔۔اصل سرپرائز اُدھر ہے‘ میں نے گاڑی کی طرف اشارہ کیا جہاں سے زبیر باہر آ رہا تھا۔

’بھائی۔۔۔۔۔۔۔۔۔‘ عزیر تقریباً چیخ اٹھا اور دوڑ کر اس کے گلے لگ گیا۔

گھر کے اندر داخل ہوتے ہی عزیر نے خالہ کو آوازیں دینی شروع کر دیں۔ ہم تینوں لاؤنج میں داخل ہوئے تو وہ مصلّے پر بیٹھی تھیں۔ شاید اشراق کے نوافل سے فارغ ہوئی تھیں۔

’امی! دیکھیں کون آیا ہے؟‘ عزیر نے جوش میں کہا

’چلّا کیوں رہے ہو؟ مجھے پتا ہے زبیر کے علاوہ کون ہو سکتا ہے‘ انہوں نے نہایت اطمینان سے پیچھے مڑے بغیر جواب دیا۔ ہم تینوں حیرت سے ایک دوسرے کا منہ تکنے لگے۔

کہاں تو ان کی وہ بے قراری کہ بیٹے کو یاد کر کے روتی تھیں اور کہاں یہ بے نیازی کہ بیٹا موجود ہے اور وہ پورے خشوع وخضوع سے تسبیحات میں مشغول تھیں۔

زبیر آگے بڑھ کے ان کے مصلے کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا تو وہ بھی متوجہ ہوئیں۔ پہلے کچھ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں میں پھونکا اور دونوں ہاتھ زبیر کے سر، سینے اور کمر پر پھیرنے کے

بعد اس کی پیشانی پر بوسہ دیا۔ مجھے ڈر تھا زبیر کو چھ ماہ بعد اچانک سامنے پا کر کہیں ان کو شاک نہ لگے لیکن ان کا اطمینان حیرت انگیز ہی نہیں قابل رشک بھی تھا۔

زبیر کا ہاتھ پکڑ کر وہ مصلے سے اٹھیں تو میں نے آگے بڑھ کر سلام کیا، انہوں نے سلام کا جواب دیا اور میرے اوپر بھی شاید آیۃ الکرسی پڑھ کر پھونکی اور سر پر ہاتھ رکھ کر حسب معمول خوب دعائیں دیں۔

'اسی دوران زبیر کی دونوں چھوٹی بہنیں آمنہ اور خدیجہ بھی آ کر بھائی سے لپٹ گئیں۔

'تم دونوں نہا دھولو، میں ناشتہ بناتی ہوں' دعا سلام سے فارغ ہونے کے بعد خالہ جان نے مشورہ دیا۔

نہانے کے بعد جب ہم دونوں واپس آئے تو پراٹھوں اور آملیٹ کی خوشبو نے ہمیں فوراً کھانے کی میز پر کھینچ لیا۔ کھانے کی میز پر چاروں بہن بھائی اکٹھے ہوئے تو طمانیت کے بہت مختصر سے احساس کے ساتھ ہی مجھے اس بے چینی نے گھیر لیا، زبیر جس راستے کا مسافر ہے اس میں ایسے مواقع شاید ہی ملیں کہ بھائی بہنوں اور ماں کے ساتھ مل بیٹھے۔

'امی! آپ نے بھائی سے پوچھا نہیں کہ یہ کہاں گم ہو گئے تھے؟' عزیر کا تجسس اسے چین نہیں لینے دے رہا تھا لیکن خالہ جان نے گویا اس کی بات سنی ہی نہیں۔ لیکن یہ بات میری بھی سمجھ میں نہیں آ رہی تھی کہ آخر کس چیز نے انہیں ایسا سکون اور اطمینان بخشا ہے کہ انہوں نے اب تک زبیر سے یہ تک نہیں پوچھا کہ وہ کہاں گیا تھا؟

'بھائی! آپ پھر تو گم نہیں ہو جائیں گے؟' سب سے چھوٹی خدیجہ سے بھی رہا نہیں گیا اور اس نے اپنے اندیشوں کے بارے آپ کے بھائی سے پوچھ لیا۔ اس کے سوال پر سب مسکرا پڑے۔

'بیٹا! آپ کے بھائی تھکے ہوئے آئے ہیں، ان کو آرام کر لینے دو پھر ان سے باتیں کر لینا' خالہ جان نے پیار سے خدیجہ کو سمجھایا۔

ناشتے کے بعد مجھے امید تھی کہ خالہ جان زبیر کی کچھ گوشمالی کریں گی لیکن انہوں نے زبیر کے کمرے میں ہم دونوں کے بستر لگوائے اور آرام کرنے کا حکم دے دیا۔

'یار ماں جی تو تم سے یوں برتاؤ کر رہی ہیں جیسے تم چھ ماہ بعد افغانستان سے نہیں بلکہ ویک اینڈ پر لاہور سے گھر آئے ہو' لیٹتے ہوئے میں نے زبیر کو کہا۔

'میں تو خود حیران ہوں کہ ماشاء اللہ امی جان کس قدر صبر وسکون میں ہیں۔۔۔ اللہ ان کو استقامت دے۔'

'خیر ابھی تو سو جاؤ، اٹھیں گے تو بات ہوگی۔'

سو کر اٹھے تو بچے سکول کالج وغیرہ جا چکے تھے اور خالہ جان دوپہر کے کھانے کی تیاری میں تھیں۔ ہمیں جاگتا دیکھ کر چائے بنا لائیں۔

'ماں جی! ایک بات پوچھوں؟' چائے کے دوران میں نے موقع غنیمت جان کر بات شروع کی

'پوچھو بیٹا'

'! ابھی کچھ دن پہلے تک تو آپ زبیر کے حوالے سے بہت پریشان تھیں یہاں تک کہ آپ کی صحت بھی متاثر ہونے لگی تھی، لیکن آج میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ بہت مطمئن ہیں اور آپ نے تو پوچھا بھی نہیں کہ یہ برآمد کہاں سے ہوا ہے'

'بیٹا! ایک تو مجھے تم لوگوں کے سفر کی تھکاٹ کا خیال بھی تھا اس لیے میں نے کچھ پوچھ تاچھ نہیں کی۔ لیکن اصل بات تو بیٹا یہ ہے کہ میں اپنے رب کا جتنا شکر کروں کم ہے۔ میں بے صبری ہو گئی تھی، لیکن اس نے میرا دامن تھامے رکھا اور مجھے خود سے جوڑے رکھا اور پھر بالآخر مجھے صبر اور سکینت سے بھی نواز دیا'

'وہ کیسے ماں جی؟'

'بس بیٹا کیا بتاؤں، میں گناہ گار تو نعوذ باللہ اس باری تعالیٰ سے مایوس ہو چلی تھی۔ لیکن کچھ دن پہلے نہ جانے کیسے مجھے یہ خیال آیا اور میں اپنی قرآن مجید کی استانی صدیقہ بی سے ملنے چلی گئی۔ وہ اللہ کی بڑی نیک بندی ہیں۔ میں نے ان سے اپنی پریشانی کا ذکر کیا اور زبیر کے لیے دعا کی درخواست کی تو انہوں مجھے صرف اتنا کہا کہ بیٹی! اگر تو نے اسے حلال کا رزق کھلایا ہے تو پھر بے فکر ہو جا، وہ جہاں بھی ہوگا اپنے اور تیرے لیے ان شاء اللہ خیر ہی لائے گا۔ پھر انہوں نے دعا بھی کی۔ بس اس دن سے اللہ نے مجھ پر اپنا کرم کر دیا ہے۔'

'اللہ آپ سے بہت راضی ہو امی جان اور آپ کو بڑی استقامت دے' زبیر ماں کے قدموں میں بیٹھ گیا اور سر ان کے گھٹنوں پہ رکھ دیا۔

'لیکن بیٹا اگر تم کسی خیر کے کام کے لیے گئے تو پھر یوں چھپ کر چوروں کی طرح جانے کی کیا ضرورت تھی؟ تم مجھ سے پوچھ کر یا کم از کم بتا کر ہی چلے جاتے'

'امی جان! اس کام کی مصلحت کچھ ایسی ہی تھی کہ بغیر بتائے جانا پڑا۔ اور پھر اللہ نے آپ کی آزمائش کر کے آپ کو بھی تو سرخرو کرنا تھا'

'لیکن بیٹا کچھ کام کی نوعیت کے بارے میں بھی تو بتاؤ؟'

'کام تو وہی ہے امی جس کے لیے اللہ نے اس دنیا میں بھیجا ہے یعنی اللہ کو راضی کرنے کے لیے جہاد کرنا'

'بیٹا جہاد سے تمہاری مراد کافروں سے لڑنا ہے نا'

'جی امی'

'اللہ تیرا شکر ہے، تو نے میری اولاد کو اپنے راستے میں قبول کر لیا اور مجھے بھی اس پہ صبر عطا کیا...... اچھا بیٹا اللہ تمہیں تمہارے مقصد میں کامیاب کرے، یہ بتاؤ کہ اب رہنے کے لیے آئے ہو یا جانے کے لیے'

'جانا تو ہے امی جان، بس کچھ دن کے لیے ہی آیا ہوں'

دونوں ماں بیٹا اپنے راز و نیاز میں مصروف تھے اور میں حیرانی سے یہ سوچ رہا تھا کہ یہ کس دنیا کے لوگ ہیں۔ ایک طرف بیٹا ہے جو اپنا کیریئر، بہن بھائی ماں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر جہاد کرنے نکل پڑا ہے اور دوسری طرف بیوہ ماں ہے جس نے ہنسی خوشی اپنا سب سے بڑا بیٹا اللہ کے راستے میں روانہ کر دیا ہے۔

(جاری ہے)

☆☆☆☆☆

امیر المومنین کے فیصلے (قسط دوم)

محمد ابوبکر صدیق

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اسلام کی نظر میں انتہائی اہم اور ضروری ہے۔قرآن مجید میں مسلمانوں کو باقاعدہ حکم دیا گیا ہے کہ ان میں ایک جماعت ایسی ضرور ہونی چاہیے جو لوگوں کو بھلائی کی طرف بلائے ،انہیں نیکی کا حکم دے اور برائیوں سے روکے۔اسلام نے اس شعبے کے قیام پر بہت زور دیا ہے اور اس کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔کیونکہ یہ ایسا دین ہے جو برائی کو اس کی جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کی کوشش وسعی کرتا ہے۔اسلام نہ صرف برائیوں کا خاتمہ چاہتا ہے بلکہ اس بُرے ماحول کے بھی انسداد کا حکم دیتا ہے جو برائیوں کو جنم دیتا ہے۔

طالبان نے اپنی حکومت میں جو قوانین نافذ کیے وہ اسلام کی عطا کردہ اسی حکمت عملی کے مطابق تھے اور اس طریقہ کار کے جو نتائج وثمرات سامنے آئے وہ بھی دنیا نے کھلی آنکھوں سے دیکھے۔ذیل میں طالبان حکومت کے قائم کردہ شعبہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے احکامات پیش کیے جا رہے ہیں۔یہ احکامات شعبہ امر بالمعروف کی طرف سے حکومت کے مختلف شعبوں کے ذمہ داروں اور عوامی طبقہ سے تعلّق رکھنے والے مختلف حلقوں کے ذریعے عوام تک پہنچائے گئے اور ان کی تنفیذ عمل میں لائی گئی۔

۱۔ترک نماز کے خاتمے اور بازاروں میں نماز باجماعت کے سلسلہ میں

ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہر جگہ اطلاع پہنچا دی جائے کہ نمازیں ہر علاقے میں بروقت ادا کی جائیں،نماز باجماعت کے اوقات شعبہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر مقرر کرے گا۔اس مقررہ وقت سے پانچ منٹ قبل ٹریفک اور دیگر کاروبار روک دیا جائے گا اور سب لوگ نماز کی تیاری میں مشغول ہو جائیں گے اور تمام افراد کو مساجد میں پہنچنا ضروری ہوگا۔اوقات مقررہ کے دوران میں شعبہ امر بالمعروف کے افراد گاڑی میں تمام صورت حال کی نگرانی کریں گے۔اگر کسی دکان میں کوئی بالغ فرد نظر آیا تو اسے گرفتار کر لیا جائے گا اور پانچ افراد کی ضمانت پر رہا کیا جائے اور اگر پانچ افراد کی ضمانت نہ ملی تو دس دن بعد رہا کیا جائے گا۔

۲۔بت پرستی کے خاتمہ کے سلسلے میں

پہلے تمام ذرائع ابلاغ کے ذریعے عام اعلان کیا جائے گا کہ تمام گاڑیوں، دکانوں،حجروں اور ہوٹلوں وغیرہ سے جانداروں کی ہر قسم کی تصاویر ختم کر دی جائیں۔اس کے بعد شعبہ امر بالمعروف کے کارکنان مختلف جگہوں پر گھومیں گے اور انہیں جہاں کہیں اس قسم کی کوئی ممنوعہ تصویر نظر آئی اسے پھاڑ ڈالیں گے اور اس مکان یا گاڑی کے مالک کو طلب کر کے تنبیہ کی جائے گی تاکہ آئندہ وہ ایسا نہ کرے۔

۳۔سودی لین دین کی ممانعت کے سلسلہ میں

بڑے نوٹوں کے عوض چھوٹے نوٹ (سود) پر لینے اور ہنڈی کے کاروبار کی روک تھام کے لیے تمام منی چینجروں کو مطلع کیا جائے گا کہ رقوم کے ان تینوں تبادلوں پر عاید پابندی کی خلاف ورزی پر مناسب عرصے تک قید کی سزا دی جائے گی۔

۴۔خواتین کی بے پردگی کے فتنے کے خاتمے کے لیے

اگر کوئی عورت ایرانی چادر میں (جس سے حجاب کے تقاضے پورے نہیں ہوتے) گھر سے نکلی تو کسی بھی رکشہ یا ٹیکسی والے یا کسی بھی ڈرائیور کو اجازت نہیں ہوگی کہ وہ اسے اپنے ساتھ سوار کر لے،بصورت دیگر اس ڈرائیور کو گرفتار کر لیا جائے گا اور اگر کوئی عورت ایسی حالت میں کہیں سر راہ چلتی پھرتی نظر آئی تو اس کا گھر تلاش کر کے اس کے شوہر کو سزا دی جائے گی اور اگر کوئی عورت شہوت انگیز لباس پہنے ہوئے ہوگی اور اس کے ساتھ کوئی محرم مرد نہیں ہوگا تو اسے کوئی ڈرائیور اپنے ہمراہ سوار نہیں کر سکے گا۔

۵۔ساز،باجے کی ممانعت کے سلسلہ میں

تمام ذرائع ابلاغ سے یہ بات نشر کی جائے کہ دکانوں،ہوٹلوں اور رکشوں میں گانے بجانے کی کیسٹیں رکھنا ممنوع ہے۔پانچ دن تک ادارۂ تفتیش اس پابندی کا جائزہ لے گا،اس کے بعد اگر کیسٹ کسی دکان سے گانے بجانے کی کیسٹ برآمد ہوئی تو دکان دار کو گرفتار کر لیا جائے گا اور دکان کو تالا لگا دیا جائے گا۔پھر پانچ افراد کی ضمانت پر دوکان دار کو رہا کیا جائے گا اور دکان کھول جائے گی۔اگر کسی گاڑی سے گانے بجانے کی کیسٹ برآمد ہوئی تو گاڑی کا مالک گاڑی سمیت گرفتار کر لیا جائے گا اور پانچ افراد کی ضمانت پر رہا کیا جائے اور گاڑی چھوڑی جائے گی۔

۶۔داڑھی کٹوانے اور منڈوانے کے سلسلہ میں

پورے ملک میں یہ اطلاع پہنچا دی جائے کہ آج سے ڈیڑھ ماہ بعد جہاں بھی کوئی شخص داڑھی منڈا یا ریش تراش نظر آیا،اسے گرفتار کر لیا جائے گا اور اس وقت تک گرفتار رکھا جائے گا جب تک اس کی مکمل ڈاڑھی نہیں نکل آتی۔

۷۔جوئے کے خاتمے کے سلسلے میں

تفتیشی طریق کار سے جوئے کے ٹھکانوں کا پتہ لگایا جائے گا،پھر جوئے بازوں کو گرفتار کر کے ایک ماہ تک تحویل میں رکھا جائے گا۔

۸۔کبوتر بازی اور بٹیر بازی کی روک تھام کے سلسلے میں

تمام ذرائع ابلاغ سے یہ اعلان کر دیا جائے کہ کبوتر باز اور بٹیر باز دس دن کے اندر اندر ان مشغلوں سے باز آجائیں۔۱۰ دن بعد تفتیشی ادارہ نگرانی کرے گا اور مناسب اقدام کرے گا۔ایسی صورت میں کبوتر اور بٹیر حلال طریقے سے ذبح کر دیے جائیں گے۔

۹۔منشیات کے خاتمے اور ان کو استعمال کرنے والوں کے بارے میں

نشہ کرنے والوں کو گرفتار کیا جائے گا اور تفتیش کر کے منشیات کے مرکز کا پتہ لگایا

جائے گا اور منشیات فروشی کی دکان بند کر دی جائے گی۔ دکان میں تخریبی مواد اور منشیات کو قبضہ میں لے لیا جائے گا اور مالک اور نشہ کرنے والے، دونوں کو گرفتار کر کے سزا دی جائے گی۔

۱۰۔ پتنگ کی ممانعت کے سلسلہ میں

پہلے اس حکم کی بھرپور اشاعت کی جائے گی، پھر اس کی قباحت مثلاً جوا، بچوں کی ناگہانی اموات اور بچوں کی تعلیم و تربیت سے محرومی جیسی برائیاں بیان کی جائیں گی، پھر شہر میں جہاں کہیں بھی پتنگ فروشوں کی یا اس کے لوازمات کی دکانیں ملیں گی ان کا سامان ضبط کر لیا جائے گا۔

۱۱۔ نوجوان لڑکیوں کے سرعام کپڑے دھونے کی ممانعت کے سلسلہ میں

تمام مساجد میں اس بارے میں اعلان نصب کیا جائے گا، اور پھر شعبہ امر بالمعروف اس سلسلہ میں کڑی نگرانی کرے گا اور جہاں کہیں نوجوان لڑکیاں سرعام کپڑے دھوتی نظر آئیں انہیں پورے اسلامی آداب واحترام کے ساتھ وہاں سے لے جا کر اُن کے گھروں تک چھوڑا جائے گا اور ان کے خاندان کے سربراہوں کو سزا دی جائے گی۔

۱۲۔ شادی بیاہ کے مواقع پر ناچ و رقص کی ممانعت کے بارے میں

تمام ذرائع سے یہ منادی کر دی جائے کہ ان منکرات کو ترک کر دیا جائے، اگر کسی گھر کے اندر اس قسم کے کاموں کی خبر ملی تو خاندان کے سربراہ کو حراست میں لے کر سزا دی جائے گی۔

۱۳۔ ڈھول بجانے کی ممانعت کے سلسلے میں

اولاً علمائے کرام کے توسط سے عوام الناس کے سامنے اس کی حرمت بیان کی جائے گی، پھر اس کے مرتکب افراد سے علمائے کرام ہی کی رائے کے مطابق باز پرس کی جائے گی۔

۱۴۔ خواتین کے لباس سینے اور ناپ لینے کی ممانعت کے بارے میں

غیر محرم خواتین کا لباس سینے اور درزیوں کو ان کا ناپ لینے کی ممانعت ہوگی، دکانوں میں اگر فیشن میگزین پائے گئے تو درزی کو حراست میں لے لیا جائے گا۔

۱۵۔ جادو ٹونے کی ممانعت کے سلسلے میں

جادو ٹونے کی کتابیں جلا دی جائیں گی اور ان پر عمل کرنے والوں کو اس وقت تک حراست میں رکھا جائے گا جب تک وہ توبہ نہ کر لیں۔

☆☆☆☆☆

بقیہ: ان چراغوں کو تو جلنا ہے......

کچھ سرکاری و درباری قسم کے علما نے اپنی چرب زبانی اور عقلی فتنہ سے حلال کو حرام اور حرام کو حلال کر دیا ہے۔

اس نے اپنے محسن دوست عمر کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے کہا وہ کچھ مصروف ہے۔ آج وہ اس کی کمی کو شدت سے محسوس کر رہا تھا۔ اس کی دیوانگی کی وجہ کچھ کچھ اس کی سمجھ میں آ رہی تھی۔ پھر وہ روز شام کو ترجمہ کی کلاس میں جانے لگا۔ گھر والوں نے اس کی اس کیفیت کا خوب مذاق اڑایا 'ان صاحب کا تو دماغ گھوم گیا ہے۔ آج کل دین پر اتنا کون چلتا ہے؟'۔ دفتر والوں کو بھی تفریح کے لیے ایک نیا موضوع ہاتھ لگ گیا، مگر اسے کسی کی پرواہ نہ تھی۔ اس کو راہ راست مل چکی تھی۔ سب کے ساتھ اس کا رویہ بہتر ہو گیا، ایک پرسکون مسکراہٹ، جو کبھی عمر کے چہرے پر اس کے لیے معمہ تھی، آج اس کی ذات کا حصہ تھی۔ وہ اللہ سے تجارت کا امیدوار تھا۔ اب موسیقی کی بجائے قرآن اس کی روح کی غذا تھا۔ دنیا منزل سے راستہ بن چکی تھی۔ اس کا چہرہ سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سج گیا۔ اس کی آنکھیں جنت کے خوابوں سے چمکتی تھیں۔ وہ سب کچھ لٹا کر اللہ کی رضوان کا طالب تھا۔ اس جھنڈے کا امین جسے سید الشہداء امیر حمزہؓ اور خالد بن ولیدؓ نے اٹھایا تھا۔

وہ جان چکا تھا کہ 'جہاد جنت کا مختصر ترین راستہ ہے۔' مگر وہ خاموش تھا، کیونکہ اس کے ذمہ داران کی طرف سے خاموشی کا حکم تھا۔ ایک دن پتہ چلا عمر جو کہ سرحدی علاقے میں تھا، اپنی منزل پا گیا۔ صلیبیوں کی 'فرنٹ لائن اتحادی' فوج کی بمباری سے شہید ہو گیا۔ ابراہیم کے دل میں سوال پیدا ہوا کہ مسلمانوں کی باہمی جنگ میں شہید کون؟ چند دن بعد جب عمر کی ذاتی استعمال کی چیزیں اور اسکے کپڑوں کے ٹکڑے موصول ہوئے تو ان سے آتی ناآشنا خوشبو سوال کا جواب دے گئی۔ اب اس کو وہ ساری باتیں سمجھ آ گئیں جو استاد کرتے تھے۔ عمر جاتے جاتے اسے اس قافلے کا سراغ دے گیا جو فلاح پانے والا تھا۔

آج ابراہیم تربیت کے لیے جا رہا تھا۔ اس کی آنکھوں میں عمر کے لیے عقیدت کے آنسو تھے۔ اسے عمر کی روح مسکراتی ہوئی محسوس ہو رہی تھی، جو آخرت میں بھی آگے نکل گیا اور اپنے پیچھے نہ جانے کتنے چراغ روشن کر گیا......

☆☆☆☆☆

عمر حنیف بیان کرتے ہیں کہ ہمارے ساتھ سید شاہ نامی ایک مجاہد تھا جو حافظ قرآن، زاہد، اور بہت تہجد گزار شخص تھا۔ اس نے بہت سے سچے خواب دیکھے تھے اور اس کی بہت سی کرامات بھی ظاہر ہوئی تھی۔ جب سید شاہ شہید ہو گیا تو ڈھائی سال کے بعد ہم اس کی قبر پر آئے، میرے ساتھ ایک محاذ کے قائد نور الحق بھی موجود تھے پھر ہم نے ان کی قبر کو کھولا تو دیکھا وہ اپنی اصلی حالت پر ہے۔ بلکہ اس کی داڑھی مزید طویل ہو چکی ہے، پھر میں نے اسے اپنے ہاتھ سے دفن کیا۔ اور سب سے تعجب کی بات یہ ہے کہ میں نے اس کے اوپر کالے رنگ کی ریشمی عبا دیکھی، ایسی بہترین عبا میں نے زندگی میں نہیں دیکھی تھی۔ اس میں سے مشک و عنبر سے زیادہ اچھی خوشبو پھوٹ رہی تھی۔

خراسان کے گرم محاذوں سے

ترتیب وتدوین: عمر فاروق

افغانستان میں محض اللہ کی نصرت کے سہارے مجاہدین صلیبی کفار کو عبرت ناک شکست سے دوچار کررہے ہیں۔اس ماہ ہونے والی اہم اور بڑی کارروائیوں کی تفصیل اورآخر میں صلیبیوں اوراُن کے حواریوں کے جانی و مالی نقصانات کے میزان کا خاکہ پیشِ خدمت ہے، یہ تمام اعدادوشمار امارت اسلامیہ ہی کے پیش کردہ ہیں جبکہ تمام کارروائیوں کی مفصل روداد امارت اسلامیہ افغانستان کی ویب سائٹ http://islaam.megabyet.net/urdu پر ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

16/جولائی

☆صوبہ ہرات سے موصولہ اطلاعات کے مطابق صوبائی ائر پورٹ کے قریب نیٹو فوجی کاروان پر امارتِ اسلامی کے مجاہد نے فدائی حملہ کیا۔فدائی جانثار شہید محمد اولیاء نے اپنی بارودی گاڑی دشمن کے کاروان سے ٹکرا دی ،جس سے تین ٹینک تباہ اور13 فوجی ہلاک ہوئے۔ اَللّٰہُ اَکۡبَر۔

☆ضلع میزان کے علاقے تکیر میں فوجی گاڑی پرحملہ کیا گیا۔گھات کی شکل میں کیے جانے والے اس حملے میں دشمن13 فوجی ہلاک ہوئے۔

☆صوبہ فراہ میں مجاہدین نے نیٹو سپلائی کو نشانہ بنایا۔جس سے کافی مقدار میں اشیائے خوردونوش جل کر خاکستر ہوگئیں اور کانوائے میں شامل 10 سیکیورٹی اہلکار بھی مارے گئے۔ مجاہدین باقی بچ جانے والے سامان کو لے کر بآسانی اپنے مرکز لوٹ گئے۔ فَلِلّٰہِ الحَمۡدُ وَالشُّکر

17 /جولائی

☆صوبہ فراہ کے علاقے بالا بلوک میں صلیبی فوجی قافلے پر امارتِ اسلامیہ کے فدائی جانثار سید عبدالہادی نے فدائی حملہ کیا۔جس کے نتیجے میں دو بکتر بند گاڑیاں مکمل تباہ ہوگئیں اور ان پرسوار10 صلیبی ہلاک ہوئے۔

☆صوبہ ہلمند کے ضلع گریشک میں بازار اور آس پاس کے علاقوں میں واقع کٹھ پتلی افغان فوج اور پولیس کی 28 چوکیوں پر ایک ہی وقت میں حملے کیے گئے۔جس میں 16 افراد جہنّم واصل ہوئے۔ اَللّٰہُ اَکۡبَر

18/جولائی

☆صوبہ ارزگان کے صدر مقام ترین کوٹ شہر میں فوجی گاڑیوں کو امارتِ اسلامیہ کے مجاہدین نے بارودی سرنگ کے دھماکوں سے تباہ کیا۔دوگاڑیاں سرنگوں کی زد میں آکر تباہ ہوئیں، جس سے9 فوجی خون میں نہاگئے۔

☆صوبہ فراہ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق مجاہدین نے سینٹرل جیل پر حملہ کرکے وہاں قید 70 مجاہدین کو رہا کرالیا۔

☆امارتِ اسلامیہ کے فدائی مجاہد شہید اختر اللہ نے بارود بھری گاڑی صلیبی کارواں سے ٹکرا دی۔ یہ مبارک کارروائی صوبہ پروان میں ہوئی۔12 اعلیٰ اہلکار ہلاک ہوئے اور ایک کروزین گاڑی مکمل تباہ ہوئی۔اَللّٰہُ اَکۡبَر

☆صوبہ پکتیکا میں شام کے وقت خوشامند اور جانی خیل اضلاع کے درمیانی علاقے میں مجاہدین نے امریکی جاسوس طیارے پر فائرنگ کرکے اسے گرادیا۔

21/جولائی

☆صوبائی رکن اسمبلی حبیب اللہ خان کو امارتِ اسلامیہ کے شیر دل مجاہدین نے کاروائی کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا۔ یہ کارروائی صوبہ قندھار،ضلع ڈنڈ کے مرکز کے قریب پیش آئی۔ مذکورہ رکن اسمبلی کوایسے وقت میں نشانہ بنایا گیا جب وہ گھر سے نکل رہا تھا۔

☆صلیبی کاروان ضلع گریشک سے نوزاد کی طرف جارہا تھا کہ واشیر کے مقام پر مجاہدین نے اسے گھیرے میں لیا، اور دشمن کی 6 ٹینکوں کو اللہ غنی اور دہ خیر کے مقامات پر بارودی سرنگوں سے تباہ کردیا۔اسی کے ساتھ مجاہدین نے جارح افواج کے مزید چار ٹینکوں کو بھی نشانہ بنایا۔ اس عملیہ کے نتیجے میں30 امریکی فوجی ہلاک وزخمی ہوئے۔ اَللّٰہُ اَکۡبَر

22/جولائی

☆صوبہ ہلمند کے صوبائی دارالحکومت لشکر گاہ شہر کے قریب مجاہدینِ اسلام نے امریکی جنگی ہیلی کاپٹر مار گرایا۔ہیلی کاپٹر مذکورہ دارالحکومت کے جنوب میں پانچ کلومیٹر دور نیچی پرواز کررہا تھا کہ جب اسے راکٹ سے نشانہ بنایا گیا۔جس کے نتیجے میں اس میں سوار6 امریکی فوجی اور عملے کے دیگر افراد ہلاک ہوگئے۔

☆ صوبہ ہلمند ،ضلع سنگین میں امارتِ اسلامیہ کے مجاہدین نے ایک جھڑپ کے نتیجے میں 5 فوجی ٹینک تباہ اور اس پر سوار تمام فوجیوں کو جہنّم واصل کیا۔ ہلاک ہونے والے فوجیوں کا تعلّق برطانیہ سے تھا۔اسی دن غاصب دشمن کے خلاف مزید کارروائیاں بھی کی گئیں،جس میں دشمن کو بھاری جانی نقصان کا سامنا کرنا پڑا اور تین مجاہدین بھی زخمی ہوئے۔

23/جولائی

☆ صوبہ بغلان ضلع دوشی کے سکاک درہ میں امریکی جاسوس طیارہ پر فائرنگ کرکے اسے مار گرایا گیا۔طیارے کا ملبہ مجاہدین کے زیر کنٹرول علاقے میں آگرا۔

24/جولائی

☆ صوبہ اورزگان کے صدر مقام ترین کوٹ شہر کے قریب دوریشان نادہ کے علاقے میں ایک امریکی فوجی ٹینک مجاہدین کی نصب کردہ بارودی سرنگ کی زد میں آگیا۔اسی طرح دو مزید

دھماکے عبدالرشید کے مقام پر امریکی پیدل دستوں پر کیے گئے۔ چوتھا دھماکہ ناصر غونڈئی کے مقام پر فوجیوں پر کیا گیا۔ ان چاروں دھماکوں میں 15 فوجی مردار ہوئے۔

25/جولائی

☆ صوبہ کاپیسا کے ضلع تگاب میں 5 فرانسیسیوں کو گھات کی شکل میں کیے جانے والے حملے میں موت کے گھاٹ اُتار دیا گیا۔

☆ صوبہ لوگر کے ضلع چرخ کے علاقے دشت قلعہ میں دو امریکی فوجی اپنے فوجی مرکز سے نکل کر امارتِ اسلامیہ کے زیر کنٹرول علاقے میں آگئے اور بعد ازاں لاپتہ ہوئے۔ جارح فوجوں نے ان کی گمشدگی کی اطلاع دینے والے کے لیے بیس ہزار ڈالر بطور انعام مقرر کیے۔ امارتِ اسلامیہ کے ترجمان کے مطابق ان دونوں کا سامنا مجاہدین کے ساتھ ہوگیا۔ مجاہدین ان کو گرفتار کرنا چاہتے تھے، مگر دونوں فوجیوں نے پہل کرتے ہوئے فائرنگ شروع کر دی۔ مجاہدین کے جوابی فائر کے نتیجے میں ایک فوجی ہلاک ہوگیا، جبکہ دوسرے کو اس کے ساز و سامان سمیت گرفتار کرلیا گیا۔ واضح رہے کہ مجاہدین نے گزشتہ برس بھی صوبہ پکتیکا کے علاقے مربوطہ میں امریکی فوجی برگڈال کو گرفتار کرلیا تھا، جو تاحال مجاہدین کی حراست میں ہے۔

26/جولائی

☆ صلیبی ہیلی کاپٹر جلال آباد کی طرف سے آرہا تھا کہ صوبہ لغمان میں مجاہدین نے اسے اینٹی ائیر کرافٹ سے نشانہ بنایا۔ ہیلی کاپٹر میں آگ لگ گئی، جو بعد میں وفاقی دارالحکومت کابل شہر کے پل چرخی علاقے میں گر کر تباہ ہوگیا۔ اَللّٰہُ اَکۡبَر

28/جولائی

☆ صوبہ قندوز ضلع قلعہ ذال میں جارح صلیبی فوجوں کے جاسوسی طیارے کو مجاہدینِ اسلام نے صحیح حالت میں اپنے قبضے میں لے لیا اور محفوظ مقام پر منتقل کر دیا۔ اس طیارے پر جاسوسی کے خصوصی آلات اور کیمرے نصب تھے۔

☆ صوبہ قندھار کے ضلع ارغنداب میں پولیس کی گشتی پارٹی پر حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں دشمن کی ایک رینجر اور ایک کرولا گاڑی راکٹوں کی زد میں آ گئی۔ بہت سا مالِ غنیمت حاصل ہوا۔ کارروائی کے نتیجے میں 9 فوجیوں کی جہنّم میں جانے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔

30/جولائی

امریکی فوجیوں پر امارتِ اسلامیہ کے 80 سالہ فدائی مجاہد شہید حاجی لالئی نے ایک کامیاب فدائی حملہ کیا۔ 10 امریکی فوجی ہلاک جبکہ 3 زخمی ہوئے۔ یہ مبارک کارروائی صوبہ ہلمند کے ضلع سنگین کے چرخکیاں ماندہ نامی علاقے میں ہوئی۔ فَلِلّٰہِ الحَمۡدُ وَالشُّکۡر۔

31/جولائی

☆ صوبہ قندوز میں فدائی جانباز شہید زاہد اللہ جان نے قومی لشکر کے کمانڈر سیلاب پر شہیدی حملہ کیا۔ یہ حملہ ایسے موقع پر کیا گیا کہ جب کمانڈر سیلاب گھر کے باہر اپنے محافظوں سمیت کھڑا تھا۔ کمانڈر کے ساتھ اس کے 10 محافظ بھی اس فدائی جانباز کا نشانہ بنے۔ واضح رہے کہ مذکورہ کمانڈر صوبائی دارالحکومت اور تین اضلاع میں امریکی حمایت یافتہ نام نہاد قومی لشکر کا سربراہ اور سپیشل فورس کا بااعتماد جاسوس تھا۔

3/اگست

☆ امارتِ اسلامیہ کے مجاہدین نے صوبہ قندھار کے ضلع ژڑئی کے علاقے میں ایک امریکی جنگی ہیلی کاپٹر کو مار گرایا۔ اس ہیلی کاپٹر کو اینٹی ائیر کرافٹ سے نشانہ بنایا گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق ہیلی کاپٹر کا ملبہ قندھار، ہرات قومی شاہراہ پر پڑا تھا۔ ہیلی کاپٹر میں سوار تمام افراد ہلاک ہوئے۔

صوبہ لغمان میں مہتر لام شہر کے قریب مجاہدین اور صلیبی و کٹھ پتلی ادارے کی فوجوں کے درمیان گھمسان کا رَن پڑا۔ دشمن کے فوجی پہلے ہیلی کاپٹر کے ذریعے اُترے، پھر انھیں زمینی کمک ملی۔ جس کے بعد انھوں نے مجاہدین کے ٹھکانوں پر حملہ کیا۔ مجاہدین نے بہترین حکمتِ عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کا مردانہ وار مقابلہ کیا۔ دشمن کے 27 فوجی خاک و خون میں نہا گئے۔ 14 زخمی جبکہ 8 کو مجاہدینِ امارتِ اسلامیہ نے گرفتار کیا۔ اس کارروائی میں دو مجاہدین بھی حیاتِ جاوداں پا گئے۔

☆ قندھار ائیرپورٹ میں منگل کے روز دوپہر میں امارتِ اسلامیہ کے 7 فدائی مجاہدین داخل ہوئے۔ یہ لڑائی کئی گھنٹوں تک جاری رہی۔ اسی دوران ایک مجاہد نے ایک ہیلی کاپٹر کو ایسے وقت میں نشانہ بنایا، جب وہ ائیرپورٹ سے پرواز کر رہا تھا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق شدید دھماکوں اور فائرنگ کے نتیجے میں 173 امریکی فوجی مردار ہوئے۔ اَللّٰہُ اَکۡبَر۔

5/اگست

☆ قندھار شہر میں سرپزہ کے مقام پر کٹھ پتلی ادارے کے صوبائی انٹیلی جنس سروس کے اہلکار کو ایسے وقت میں نشانہ بنایا گیا جب وہ سینٹرل جیل کے قریب موٹر سائیکل پر سوار تھا۔

☆ صوبہ قندھار کے ضلع پنجوائی کے مرکز کے قریب امریکی ہیلی کاپٹر نیچی پرواز کر رہا تھا کہ اسے راکٹ کا نشانہ بنا کر مار گرایا گیا۔ ہیلی کاپٹر چند لمحات میں آگ کی لپیٹ میں آ گیا اور زمین پر آ گرا۔ ہیلی کاپٹر میں سوار 30 امریکی درندے جہنّم واصل ہوئے۔ اَللّٰہُ اَکۡبَر

☆ صوبہ قندوز میں صبح آٹھ بجے ضلع امام صاحب کے جنگل علاقے میں صلیبی، کٹھ پتلی فوجی اور نام نہاد قومی لشکر کے ارکان مجاہدین کے خلاف آپریشن کی منصوبہ بندی میں مصروف تھے کہ امارتِ اسلامیہ کے فدائی مجاہد حمد اللہ شہید نے اپنی بارود بھری کار ان سے ٹکرا دی۔ اس مبارک عملیہ میں 20 صلیبی، 15 افغان فوجی، 30 نام نہاد قومی لشکر کے جنگجو اور 6 کمانڈر ہلاک ہوئے۔

☆ صوبہ ننگرہار کے ضلع خوگیانی کے نکڑخیل علاقے میں امریکی فوجی مقامی لوگوں کے گھروں میں چھاپے مار رہے تھے کہ ان کی جھڑپ مجاہدین سے ہوگئی۔ تین گھنٹوں تک جاری رہنے والی اس لڑائی میں 31/امریکی فوجی مردار جبکہ 8 مجاہدین نے جامِ شہادت نوش کیا۔

6/اگست

☆ صوبہ قندھار کے ضلع میوند کے مزرعی علاقے کے قریب شنہ قلعہ نامی کے مقام پر برطانوی قافلہ گاڑیوں کی تلاشی لے رہا تھا کہ امارتِ اسلامیہ کے فدائی جانباز شہید طالب محمد نے رکشہ نما زرنج نامی موٹر سائیکل ان کے درمیان لے جا کر اُڑا دی۔ جس پر پانچ سو کلو دھماکہ خیز مواد تھا۔ دھماکے میں 17 انگریز فوجی، جن میں ایک خاتون فوجی بھی شامل تھی، ہلاک جبکہ متعدد

زخمی ہوئے۔

☆صوبہ بدخشاں، ضلع کران منجان کے ناوہ منجان علاقے میں 9 غیر ملکی جاسوسوں اور ایک افغان مترجم کو مجاہدینِ امارتِ اسلامیہ نے موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ یہ جاسوس مقامی وقت کے مطابق صبح آٹھ بجے مجاہدین کی جاسوسی کرنے کی غرض سے علاقے میں داخل ہوئے تھے کہ ان کا سامنا مجاہدین سے ہوگیا۔ مقتولین سے اہم دستاویزات ملی ہیں۔ دو مقتولین کے نام جانسن اور ٹام بتائے جاتے ہیں اور دونوں امریکی شہری ہیں۔

7/اگست

☆صوبہ ہلمند کے ضلع گریشک میں امریکی فوجی قافلے پر مجاہد اسد اللہ نے فدائی حملہ کیا۔ امریکی قافلہ ضلعی مرکز کے قریب قندھار ہرات قومی شاہراہ پر دریائے ہلمند کے کنارے سے گزر رہا تھا کہ فدائی مجاہد 9/امریکیوں کو خون میں نہلا کر خود جنت کے سفر پر روانہ ہو گئے۔ فَلِلّٰہِ الحَمْدُ وَالشُّکْر۔

☆صوبہ بدخشاں کے ضلع منجان میں 9 صلیبی جاسوسوں اور ایک افغان مترجم کر ہلاک کر دیا گیا۔ ہلاک شدگان سے اہم دستاویزات بھی برآمد ہوئیں۔ ان مقتولین میں سے دو کے نام جانسن اور ٹام بتائے گئے، ہ دونوں مایرکی شہری تھے جبکہ دیگر کا تعلّق جرمنی سے تھا۔

8/اگست

☆صوبہ ہرات کے ضلع گذرہ میں امارتِ اسلامیہ کے فدائی جانباز نے صلیبی و افغان فوجوں کے مشترکہ قافلے پر فدائی حملہ کر دیا۔ اس عملیہ کی سعادت شہید محمد نسیم رحمتہ اللہ کو حاصل ہوئی، جو 12 صلیبی و کٹھ پتلی فوجیوں کو نشانِ عبرت بنا کر خود زندہ و جاوید ہو گئے۔

9/اگست

☆صوبہ میدان وردگ کے ضلع جغتو میں مجاہدین نے بازار کے قریب امریکی جاسوس طیارے کو ہیوی مشین گن سے نشانہ بنا کر مار گرایا۔

10/اگست

☆دارالحکومت کابل سے موصولہ اطاعات کے مطابق شہر کے وسط تایمنی کے علاقے میں واقع غیر ملکی کمپنی ART اور گیسٹ ہاؤس پر امارتِ اسلامیہ کے چار فدائی جانبازوں نے حملہ کیا۔ دو جانبازوں کے فدائی حملوں میں 22 غیر ملکی ہلاک اور درجنوں زخمی ہوئے۔

☆صوبہ ہلمند کے ضلع گریشک میں دریائے ہلمند کے کنارے امریکی فوجی ہیلی کاپٹر کو اینٹی ائیر کرافٹ سے نشانہ بنایا گیا۔ جس سے اس پر سوار 30 فوجی مردار ہوئے۔

14/اگست

☆صوبہ زابل میں ضلع میزان میں صلیبی ہیلی کاپٹر کو اینٹی ائیر کرافٹ گن سے نشانہ بنایا گیا۔ اس میں سوار تمام فوجی جہنّم کے سفر پر روانہ ہو گئے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق دو ہیلی کاپٹر مجاہدینِ اسلام کے خلاف سرچ آپریشن میں مصروف تھے کہ ایک کو مجاہدین نے نشانہ بنایا جبکہ دوسرا ہیلی کاپٹر فرار ہونے میں کامیاب ہوا۔

15/اگست

☆صوبہ ہرات کے ضلع رباط سنگی میں نیٹو سپلائی کانوائے پر حملہ کر کے کانوائے کی 8 گاڑیوں کو تباہ کر دیا گیا۔ جبکہ 17 سیکیورٹی اہلکار بھی خاک میں خاک ہوئے۔ مجاہدین کو بہت سا مالِ غنیمت حاصل ہوا۔ اَللّٰہُ اَکْبَر

☆صوبہ لوگر کے صدر مقام پل عالم شہر کے قریب علی خان قلعہ کے مقام پر مجاہدین نے امریکی فوجی کارواں پر گھات لگا کر حملہ کیا۔ جس نے گھمسان کی جنگ کی شکل اختیار کر لی۔ دو گھنٹے تک جاری رہنے والی اس جھڑپ میں 8 امریکی فوجی ہلاک جبکہ 5 زخمی ہو گئے۔

☆☆☆☆☆

16 جولائی 2010ء تا 15 اگست 2010ء

فدائی حملے:	11 عملیات میں 20 فدائین نے شہادت پیش کی	گاڑیاں تباہ:	246
مراکز، چیک پوسٹوں پر حملے:	101	ریموٹ کنٹرول، بارودی سرنگ:	292
ٹینک، بکتر بند تباہ:	304	میزائل، راکٹ، مارٹر حملے:	68
کمین:	197	جاسوس طیارے تباہ:	5
آئل ٹینکر، ٹرک تباہ:	200	ہیلی کاپٹر و طیارے تباہ:	7
مرتد افغان فوجی ہلاک:	967	صلیبی فوجی مردار:	1759
سپلائی لائن پر حملے:	47		

غیرت مند قبائل کی سرزمین سے

عبدالرب ظہیر

اورکزئی ایجنسی سے چند کارروائیوں کی تفصیلات موصول ہوئی ہیں:

۲۵مارچ: کلایہ ہیڈکوارٹر پرمجاہدین نے تعارض (حملہ) کیا،جس میں ۱۰۰مجاہدین نے حصّہ لیا۔اس کارروائی کے نتیجے میں ۳۰فوجی ہلاک ہوئے،جن میں ایک کرنل اور ۵لانس نائیک شامل تھے۔بھاری مقدار میں مالِ غنیمت بھی حاصل ہوا۔

۱۶اپریل: مجاہدین نے سانگڑہ میں فوجی مورچوں پر تعارض کیا۔اس حملہ میں ۶فوجی ہلاک ہوئے۔

۱۹اپریل: مجاہدین نے شیرین درّہ کے علاقے میں ایک تعارض کیا۔اس کارروائی میں ۹فوجیوں کو ذبح کیا گیا جبکہ فوجیوں کی کل ہلاکتوں کی تعداد ۳۵رہی۔اس معرکہ میں بھاری مقدار میں مالِ غنیمت بھی حاصل ہوا۔جس میں کلاشن کوف،G3،LMG،مارٹروغیرہ شامل ہیں۔

۹مئی: مجاہدین نے ایک حکومت حامی سردار تخی حافظ کو ہلاک کردیا۔

۹مئی: کرم ایجنسی کے تورغر کے علاقے میں ایک ریموٹ کنٹرول کارروائی میں فوجی کانوائے میں شامل ایک گاڑی کو نشانہ بنایا گیا۔۹فوجی ہلاک جبکہ ۱۸شدید زخمی ہوئے۔

۹مئی: ہنگو میں ریموٹ کنٹرول کے ذریعے پولیس وین کو نشانہ بنا گیا۔جس میں ۹پولیس اہل کار ہلاک اور ۲شدید زخمی ہوگئے۔

۱۲مئی: مجاہدین نے ستوری خیل انجنی نامی علاقے میں تعارض کیا۔جس میں ۱۲فوجی ہلاک ہوئے۔

۱۳مئی: مشتی بازار میں فوج پر مجاہدین نے کمین (گھات) لگا کر حملہ کیا،ایک فوجی کانوائے پر راکٹوں کے ذریعے حملہ کیا گیا۔اس کارروائی میں ۳لیفٹیننٹ کرنلوں سمیت ۲۰فوجی مارے گئے۔

۱۵مئی: مجاہدین نے درے سوئی نامی پہاڑ پر فورسز کے مورچوں پر تعارض کر کے ۷فوجیوں کو ہلاک کردیا۔غنیمت میں ایک آسٹریلوی سنائپر سمیت کئیG3اورLMG گنیں حاصل ہوئی۔

۲۵جولائی: پشاور کے علاقے اچینی میں چیک پوسٹ پر مجاہدین نے دھاوا بول کر آگ لگا دی۔حکومتی ذرائع نے ایک اہل کار کے ہلاک اور ۳کے زخمی ہونے کی تصدیق کی۔متنی تھانے پر بھی راکٹ اور مارٹر گولے داغے گئے۔

☆☆☆☆☆

۲۵جولائی: باجوڑ ایجنسی کی تحصیل ماموند کے علاقے بینہ میں باجوڑ لیویز فورس کی ایک چیک پوسٹ کو دھماکے سے اڑا دیا گیا۔

۱۱اگست: مہمند ایجنسی کی تحصیل صافی میں ساگی چیک پوسٹ پر مجاہدین کے حملوں میں ۱۳اہل کار ہلاک ہوگئے۔

۱۳اگست: متنی غازی آباد چیک پوسٹ پر مجاہدین نے ۳راکٹ داغے۔

۱۵اگست: اورکزئی ایجنسی کی اپر تحصیل میں سیکورٹی فورسز پر ریموٹ کنٹرول بارودی سرنگ حملہ کیا گیا۔فوجی ذرائع کے مطابق ا سیکورٹی اہل کار ہلاک۔

۱۵اگست: باجوڑ ایجنسی کی تحصیل سلارزئی میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر ریموٹ کنٹرول بارودی سرنگ سے حملہ کیا گیا۔سرکاری ذرائع کے مطابق ۲اہل کار زخمی ہوگئے۔

۱۷اگست: خیبر ایجنسی میں مجاہدین نے ایف سی چیک پوسٹ پر بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا۔سرکاری ذرائع نے دو ایف سی اہل کاروں کے زخمی ہونے کی تصدیق کی۔

۱۷اگست: متنی ادیزئی میں مجاہدین نے امن لشکر کے رکن ملک جہانگیر پر حملہ کیا۔

۱۷اگست: شمالی وزیرستان سے بنوں آنے والی سیکورٹی فورسز کی گاڑی پر دوسلی کے مقام پر ریموٹ کنٹرول حملہ کیا گیا۔سیکورٹی ذرائع نے ایک اہل کار کے ہلاک اور ۲۹کے زخمی ہونے کی تصدیق کی۔

۱۸اگست: خیبر ایجنسی میں پولیس اسٹیشن سر بند پر مجاہدین نے حملہ کیا۔۳پولیس اہل کار ہلاک

۲۱اگست: مہمند ایجنسی میں کوڈاخیل پوسٹ پر مجاہدین نے ریموٹ کنٹرول بم حملہ کیا۔اس حملے کے نتیجے میں صوبےدار سمیت ۶خاصہ دار ہلاک اور ۵زخمی ہوگئے۔

۲۲اگست: شمالی وجنوبی وزیرستان میں امریکہ کے لیے جاسوسی کرنے پر ۱۳افراد کو قتل کر دیا گیا۔ہلاک ہونے والوں میں ۲کا تعلّق شمالی اور ایک کا تعلّق جنوبی وزیرستان سے تھا۔

۲۳اگست: پشاور کے متنی بازار میں ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں مقامی امن کمیٹی کے ۳ارکان ہلاک ہوگئے۔

پاکستانی فوج کی مدد سے امریکی میزائل حملے

۱۴اگست: شمالی وزیرستان کے صدر مقام میران شاہ کے مشرق میں ایسوری گاؤں میں امریکی میزائل حملے میں ۱۳افراد شہید ہوگئے۔یہ حملہ اس وقت کیا گیا جب لوگ رمضان المبارک میں نماز تراویح میں مصروف تھے۔

۲۱اگست: شمالی وزیرستان کے صدر مقام میران شاہ سے تین کلومیٹر جنوب میں واقع قطب خیل گاؤں میں امریکی ڈرون طیاروں سے چار میزائل داغے گئے،۱۴افراد شہید جبکہ متعدد گاڑیاں تباہ ہوگئیں۔

۲۳اگست: میران شاہ کے قریب درگاہ منڈی میں دو گھروں پر امریکی جاسوس طیاروں سے ۳میزائل داغے گئے۔۲۰افراد شہید جبکہ ۴خواتین اور ۳بچوں سمیت ۱۳افراد شدید زخمی ہوگئے۔

☆☆☆☆☆

صلیبی جنگ اور ائمۃ الکفر

نوید صدیقی

القاعدہ نے اسلام کا غلط تصور پیش کیا: اوباما

اوباما نے کہا ہے کہ ''القاعدہ نے اسلام کا غلط تصور پیش کیا اور اسلام کا چہرہ مسخ کر دیا ہے۔ القاعدہ کے خلاف جنگ جاری ہے اور ان کے خلاف یہ جنگ صرف طاقت کے ذریعے نہیں بلکہ اپنی اقدار کے ذریعے جیتیں گے''۔

انگریزی کا محاورہ ہے Look who is talking? (دیکھو کہ کون بول رہا ہے؟)۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں پر رحم کرے جن کی کمزوریوں کے سبب اسلام کو یہ دن دیکھنے پڑے کہ اوبامہ جیسے مرتد میں بھی اتنی جرأت پیدا ہوگئی کہ وہ بتائے کہ اسلام کا صحیح تصور کس نے پیش کیا اور غلط کس نے؟ وگرنہ اوباما کو اسلام کے بارے میں تو اتنا ہی علم ہے جتنا ایک عام امریکی کو اپنے باپ کے بارے میں ہوتا ہے۔

افغانستان میں القاعدہ پھر آ گئی تو اس کی گونج ہمالیہ سے بیروت تک سنائی دے گی: ہالبروک

رچرڈ ہالبروک نے کہا ہے کہ اگر افغانستان میں القاعدہ دوبارہ آ گئی تو اس کی گونج ہمالیہ سے بیروت تک سنائی دے گی۔ اب اگر اس جنگ کا مثبت نتیجہ برآمد نہ ہوا اور القاعدہ اور طالبان افغانستان میں دوبارہ آ گئے تو علاقائی سطح پر اٹھنے والی گونج ہمالیہ سے بیروت تک سنائی دے گی چنانچہ ہمیں ان سے نمٹنا پڑے گا۔ ۱۱/۹ کے حملے نہ کیے جاتے تو دنیا کی مشکل ترین پہاڑیوں میں جنگ کا انتخاب نہ کرتے۔

لگتا ہے کہ یا تو ہالبروک کے کان پک گئے ہیں یا اس کی بصارت انتہائی کمزور ہے (بیوقوف چشمہ بھی نہیں لگاتا) کیونکہ نہ تو اس کو افغانستان میں القاعدہ نظر آ رہی ہے اور نہ ہی ہمالیہ سے بیروت تک جہاد کی گونج سنائی دیتی ہے یا پھر وہ تجاہل عارفانہ سے کام لے کر 'سادہ' بن رہا ہے کیونکہ القاعدہ اور طالبان تو ایک دن کے لیے بھی افغانستان سے نہیں گئے البتہ جہاد کی جس گونج سے وہ ڈر رہا ہے وہ ہندوکش کے پہاڑوں سے نکل کر عرب وعجم میں پھیل چکی ہے۔ جہاں تک اس کا یہ کہنا ہے کہ ۱۱/۹ کے حملے نہ کیے جاتے تو دنیا کی مشکل ترین پہاڑیوں میں جنگ کا انتخاب نہ کرتے تو اس احمق کو یہ پتا ہونا چاہیے کہ اس کے ملک امریکہ نے جنگ تو اسی دن چھیڑ دی تھی جس دن اس نے اسرائیل کو پہلی گولی مہیا کی تھی۔

پاکستان کی دہشت گردی اور القاعدہ کے خاتمے کے لیے کوششیں اطمینان بخش ہیں۔ اوبامہ

بارک اوباما نے کہا ہے کہ وہ افغانستان میں استحکام چاہتا ہے، اس سلسلے میں پاکستان کا کردار اہمیّت کا حامل ہے۔ پاکستان کی دہشت گردی اور القاعدہ کے خاتمے کے لیے کوششیں اطمینان بخش ہیں۔

پاکستان کو طالبان پر دباؤ برقرار رکھنا چاہیے: رابرٹ گیٹس

امریکہ وزیر دفاع رابرٹ گیٹس نے کہا ہے کہ پاکستان کو افغان سرحد کے قریب طالبان پر دباؤ برقرار رکھنا چاہیے۔ طالبان سے لڑنے کے لیے پاکستان پرعزم ہے۔ گذشتہ کچھ عرصہ میں دونوں ممالک کی افواج کے تعلقات میں کافی بہتری آئی ہے

پاکستان کا مغربی بارڈر القاعدہ کا عالمی ہیڈ کوارٹر ہے، کیانی نے انتہا پسندوں پر قابو پانے کے لیے اہم کردار ادا کیا: مولن

امریکہ کے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف ایڈمرل مائیک مولن نے کہا ہے کہ پاکستان کا مغربی بارڈر القاعدہ کا عالمی ہیڈ کوارٹر ہے۔ حقانی گروپ افغانستان میں موجود بیرونی افواج کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ پاکستان کی حکومت نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں کامیابی کے لیے مشکل فیصلے کیے ہیں۔ پاکستانی فوج کے سربراہ کیانی نے اپنی سرزمین پر انتہا پسندوں سے خطرہ کے پیش نظر اہم اقدامات کیے ہیں اور انتہا پسندوں پر قابو پانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

پاکستان کی افغانستان میں امن کوششیں اطمینان بخش نہیں: ہالبروک

ہالبروک نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان میں امن کے لیے بہت کچھ کر رہا ہے لیکن اب بھی کوششیں اطمینان بخش نہیں ہیں۔

پاکستان اور افغانستان کے پھیرے لگا لگا کر ہالبروک کا تو دماغ چل گیا ہے۔ کبھی ہاں کبھی ناں کی صورت ایک سانس میں وہ اپنے پٹھوؤں کی پیٹھ ٹھونکتا ہے اور دوسرے میں ان کے کیے کرائے پر پانی پھیر دیتا ہے۔ یہی حال اوبامہ اور امریکی انتظامیہ کے دیگر عہدے داروں کا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ امریکی اب اپنی دہشت گردی کے خلاف جنگ کو پاکستان کے گلے میں ڈال کر خود اس سے جان چھڑانا چاہتا ہے لیکن اس کے پاکستانی غلام حیرت کی تصویر بنے یہ سوچ رہے ہیں کہ ان کا 'مائی باپ' بھاگ گیا تو ان کا کیا بنے گا؟؟؟

اسامہ کی گرفتاری اب بھی امریکی افواج کا بنیادی ہدف ہے: پیٹریاس

افغانستان میں ایساف کمانڈر اور امریکی جنرل ڈیوڈ پیٹریاس نے کہا کہ ''القاعدہ راہنما اسامہ بن لادن کی گرفتاری اب بھی امریکی افواج کا بنیادی ہدف ہے۔ کسی کو معلوم نہیں کہ القاعدہ راہنما کہاں ہیں۔ اسامہ دور کہیں پاک افغان سرحد پر پہاڑوں میں روپوش ہیں۔ اسامہ کی گرفتاری دہشت گردی کے خلاف جنگ کے تمام اتحادیوں کے لیے سب سے اہم کام ہے۔ کرسمس کے موقع پر امریکہ جانے والے طیارے کو تباہ کرنے کی ناکام کوشش پر اسامہ بن لادن کی جانب سے مبارک باد کا پیغام اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ زندہ اور دور دراز کسی خفیہ ٹھکانے میں روپوش ہیں''۔

☆☆☆☆☆

اک نظر ادھر بھی

صبغۃ الحق

جنگوں سے امریکہ کنگال ہوگیا، جرنیلوں کی ۵۰ اسامیوں سمیت کئی اہم فوجی عہدے ختم کردیے گئے۔

امریکی محکمہ دفاع نے معاشی بحران کے پیش نظر اصلاحات کے نام پر دفاعی اخراجات میں بڑے پیمانے پر کمی کا اعلان کیا ہے۔اس سلسلے میں ۱۰ بڑی فوجی کمانڈز میں شامل ۵ہزار فوجیوں پر مشتمل جوائنٹ فرسز کمانڈ، جرنیلوں اور ایڈمرلز کی ۵۰ اسامیاں اور ۲ خفیہ ادارے ختم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ایک پریس کانفرنس میں امریکی وزیر دفاع رابرٹ گیٹس کا کہنا تھا کہ امریکی محکمہ دفاع آئندہ برس سے بیرونی ٹھیکیداروں کی خدمات کے حصول میں بھی ۱۰ فیصد کمی کرے گا۔ان فیصلوں سے ۵ سالوں میں ۱۰۰ ارب ڈالر کی بچت ہوگی۔

برا ہو امریکی سیاستدانوں کا اور سرمایہ داروں کا جنہوں نے جنگ کی آگ بھڑکا کر اپنے مفادات تو حاصل کر لیے لیکن امریکی فوج کو ان کی اس مہم جوئی کی قیمت پہلے اپنے سورماؤں کے خون کی صورت اور اب اپنے جرنیلوں کی نوکریوں کی صورت ادا کرنی پڑ رہی ہے۔پہلے میک کرسٹل کو ذلیل کر کے نکالا گیا اور اب مستقلاً ۵۰ جرنیلوں کی اسامیاں ہی ختم کی جارہی ہیں۔بہر طور امریکی اگر کھربوں ڈالر خرچ کر کے شکست کی ذلت سے نہیں بچ سکا تو ۱۰۰ ارب ڈالر کی بچت کر کے اپنی روبہ زوال معیشت کو سنبھالا نہیں دے سکے گا۔

۴۳ فیصد امریکی افغانستان فوج بھیجنے پر پچھتاوے کا شکار۔

گیلپ سروے کے تازہ ترین سروے کے مطابق امریکہ میں افغان جنگ کے مخالفین میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔گزشتہ ہفتے افغان جنگ کے متعلق اہم دستاویزات کے شائع ہونے کے بعد کیے گئے تازہ سروے سے معلوم ہوا ہے کہ ۴۳ فیصد امریکیوں کا خیال ہے کہ افغانستان میں فوج بھیجنا ایک سنگین غلطی تھی۔جبکہ دستاویزات کے منظر عام پر آنے سے قبل یہ شرح ۳۸ فیصد تھی۔

'اب پچھتائے کیا ہوت، جب چڑیاں چگ گئیں کھیت' کے مصداق امریکیوں کا یہ پچھتاوا اب بے معنی ہے کیونکہ امریکی فوج اب جس دلدل میں پھنس چکی ہے وہاں سے شاید اس کی لاش بھی باہر نہ آسکے۔ایسے سروے امریکی قوم کی جہالت کا بھی ایک بین ثبوت ہیں کہ اصولوں پر مبنی نہ تو کوئی سوچ ہے نہ رائے بلکہ میڈیا جو کچھ انہیں دکھاتا یا سناتا ہے قوم اسی پر ایمان لے آتی ہے۔

اعجاز جاکھرانی نے ڈالروں کی خاطر جیکب آباد میں امریکی ائربیس کو بچانے کے لیے بلوچستان ڈبو دیا: ظفر اللہ جمالی

سابق پاکستانی وزیر اعظم ظفر اللہ جمالی نے الزام لگایا ہے کہ وفاقی وزیر کھیل اعجاز جاکھرانی نے ڈالروں کی خاطر جیکب آباد میں 'امریکی' ائربیس کو بچانے کے لیے پانی کا رخ بلوچستان کی طرف کر دیا ہے جس سے نہ صرف ہزاروں افراد بے گھر ہوئے بلکہ ہزاروں ایکڑ اراضی پر کھڑی فصلیں بھی تباہ ہوگئیں۔جمالی کا کہنا تھا کہ جیکب آباد انتظامیہ نے زبردستی جمالی بائی پاس توڑ کر پانی کا رخ بلوچستان کی طرف کر دیا جس سے بلوچستان کے دو اضلاع جعفر آباد اور نصیر آباد میں ہر طرف پانی آگیا ہے اور خود میرے گاؤں روجھان جمالی میں بھی ۶ فٹ پانی آگیا ہے۔

معلوم نہیں جمالی کو اصل میں اضطراب کس بات کا ہے بلوچستان کے ڈوبنے کا؟ یا ڈالروں کے عوض امریکی ائربیس کی قیمت پر ڈوبنے کا؟ وجہ اضطراب جو بھی ہو ایک بات تو اظہر من الشمس ہے کہ پاکستان کے مقتدر طبقہ کے لیے ڈالروں کے عوض بلوچستان کو ڈبونا تو معمولی بات ہے، یہ لوگ تو ڈالروں کے عوض ایمان تک کا سودا کرنے سے بھی نہیں چوکتے۔خود جمالی بھی کل تک ننگ ملت اور غدار دین پرویز کے ساتھ مل کر ضمیر اور ایمان کے سودے چکاتا رہا ہے آج اپنا گھر ڈوبا تو دوسروں پر انگلیاں اٹھا رہا ہے۔

۱۲ ہزار مجاہدین پر مشتمل فوج تیار کر لی، خطے کو کفر سے پاک کرنے کے لیے پرعزم ہیں: یمن میں القاعدہ کے فیلڈ کمانڈر سعید العومدہ

یمن میں القاعدہ کے فیلڈ کمانڈر شیخ سعید العومدہ نے اپنے ایک آڈیو پیغام میں کہا ہے کہ القاعدہ نے خلیج عدن اور اس کے اطراف میں ۱۲ ہزار مجاہدین پر مشتمل فوج تیار کر لی ہے جس کی مدد سے وہ خلافت اسلامیہ کے قیام کی جدوجہد کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم یمن کی فوج اور حکومت کو یہ پیغام دینا چاہتے ہیں کہ ہماری تلواریں تیار ہیں اور ہم اس خطے کو کفر سے پاک کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

زیرکمان فوج سیکورٹی کا کنٹرول سنبھالنے کے قابل نہیں: سربراہ عراقی فوج

عراقی فوج کے سربراہ بابکر زیباری نے اعتراف کیا کہ اُس کی زیر کمان فوج ملک میں سیکورٹی کا کنٹرول سنبھالنے کے قابل نہیں اور اس کو ۲۰۲۰ تک امریکی فوج کی امداد درکار ہوگی۔

کانگریس نے پاکستان سے امریکی فوج کے انخلا کی قرارداد کی قرارداد مسترد کر دی۔

امریکی کانگریس نے پاکستان سے امریکی فوجیوں کی واپسی سے متعلق قرارداد بھاری اکثریت سے مسترد کر دی۔رپورٹس کے مطابق جنگ کے مخالف ری پبلیکن رکن کانگریس ڈینس کوسینچ اور ران پال نے کانگریس میں ایک قرارداد پیش کی جس میں کہا گیا کہ ایسی اطلاعات ملی ہیں کہ امریکی فوج پاکستان میں خفیہ جنگ لڑ رہی ہے کیونکہ اس خفیہ جنگ کی کانگریس سے کسی طور منظوری نہیں لی گئی لہٰذا امریکی فوجیوں کو پاکستان سے نکالا جائے۔قراردار پر رائے شماری کے نتیجے میں ۳۲۷ ارکان کی بھاری اکثریت سے مسترد کر دیا گیا جبکہ ۶ ری پبلیکن اور ۳۲ ڈیموکریٹس ارکان نے قراردار کے حق میں ووٹ دیا۔

طالبان کسی شکل میں ہوں، پاکستان ان کے خلاف کارروائی کرے گا: حسین حقانی

امریکہ میں پاکستانی سفیر حسین حقانی نے کہا ہے کہ طالبان کسی بھی گروپ یا شکل میں ہوں، ان کے خلاف پاکستان مناسب انتظامات اور مناسب وقت پر ضرور کارروائی کرے گا کیونکہ پاکستان اصولی طور پر طے کر چکا ہے کہ طالبان دشمن ہیں اور تمام طالبان کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کریں گے۔

☆☆☆☆☆

میں پھر آ رہا ہوں

تعجب سے کیوں دیکھتے ہو مجھے؟......میں وہی ہوں
جسے سالہا سال سے جانتے ہو
میں کیا اجنبی ہوں؟
نہیں......میں وہی ہوں جسے جانتے ہو، جسے مانتے ہو
بڑی مضحکہ خیز یہ حرکتیں ہیں
تجسس کی سو چھلنیاں تانتے ہو اور ان چھلنیوں میں مجھے چھانتے ہو
میں کل بھی یہی تھا، میں اب بھی وہی ہوں
وہ میں جو ہمہ راستی ہوں
ہمہ زندگی ہوں
ہمہ کشمکش ہوں، ہمہ آشتی ہوں
میں حکم خدا ہوں! میں دین نبی ہوں!
میں صدق وصفا ہوں! میں شرم وحیا ہوں!
میں بے لاگ انصاف ہوں! میرے ہاتھوں میں میزانِ قانون تقدیر ہے!
میں درسِ مساوات ہوں، میری آنکھوں میں انساں نوازی کی تنویر ہے!
میں پیغام توحید ہوں، میرے ہونٹوں پہ رقصندہ آہنگِ تکبیر ہے!
مرا نغمۂ 'لا' ہے تخریب باطل!
میں 'الا' کا نغمہ جو گاؤں تو اُس سے نظام اخوت کی تعمیر ہے!
مرے دم سے تاریخ کے معرکے ہیں!
یہ دیکھو کہ میری کمر میں حمائل خدا کی مشیت کی شمشیر ہے!
میں کردار ہوں، ہاں وہ کردار ہوں میں
جو چیلنج کرتا رہا جاہلیّت کی ہر قوتِ فتنہ زا کو ہمیشہ!
میں گردش میں ہوں! اپنی تکرار ہوں میں!
میں وہ ہوں کہ جس نے تمہارے لیے
کبھی خوں بہایا، کبھی سر کٹایا، کبھی گھر لٹایا، کبھی مال اڑایا
کئی بار دیکھا ہے تم نے کہ پتھر مرے سر پہ برسائے رہے!
تمہیں یاد ہے یا نہیں ہے کہ کیا کچھ کرم مجھ پہ فرمائے جاتے رہے!
کئی بار آرے چلائے گئے
کئی بار چرکے لگائے گئے
خدا کی زمیں پر کئی بار میری سزا کو صلیبیں سجائی گئیں
کئی بار میرے لیے آسمانوں کے نیچے چتائیں جلائی گئیں
یہ میری کہانی! یہ خونی کہانی!
جو تخلیق آدم سے اس دورِ نو تک تسلسل سے دہرائی جاتی رہی
یہ خونیں کہانی کہ جس کا مزے لے کے ہر بار تم نے تماشا کیا ہے

یہ خونیں کہانی کہ جس کے مناظر کی تشکیل میں تم نے حصّہ لیا ہے
اسے تم نے دیکھا ہے ہر بار!......تم نے!
کبھی آہ بھر کے
کبھی 'واہ' کر کے
مجھے معلوم ہے تم نے پیہم
فسانے مرے بیچ کر پیٹ پالے
مری آن بیچی، مرا نام بیچا
میں مالِ تجارت بنایا گیا ہوں
میں لُوٹا گیا ہوں، لٹایا گیا ہوں
مجھے آج انجان بن بن کے تم دیکھتے ہو
یہ آخر تمہیں ہو گیا کیا
تمہاری شرافت، مروت کا احساس تم کو ذرا بھی دلاتی نہیں
مرے خون سے ہولیاں تم نے کھیلیں!
مری پیٹھ پر تم نے کوڑے لگائے!
مرے روئے زیبا پہ لیپی سیاہی
مرے گرد صد رنگ فتنے اٹھائے
مجھے بارہا قید میں تم نے ڈالا
مجھے زہر کے گھونٹ تم نے پلائے
یہ سب کچھ اور پھر تم ہی وہ تھے
جنہوں نے خود اپنی جفاؤں پہ ہو کر پشیماں آٹھ آٹھ آنسو بہائے
تمہیں میں ہیں وہ بھی
جو میری عداوت سے سرشار ہو کر مرا راستہ روکنے بڑھ کر آئے
بظاہر جو میرے بنے اور در پردہ ہر حال میں وہ رہے پرائے
میں تم سب کو اچھی طرح جانتا ہوں، مجھے تم بھی اچھی طرح جانتے ہو
میں جب بھی یہی تھا! میں اب بھی وہی ہوں
میں پھر آ رہا ہوں
رجز گا رہا ہوں
نئی اک قیامت کو پھر لا رہا ہوں
کہ تاریخ کا ارتقا رک نہ جائے!
نئے دور کی پرفتن جاہلیّت سے میدان میں آ کے ٹکرا رہا ہوں!
ذرا تم بھی اچھی طرح سوچ لینا
کہ اب خود تمہارا یہاں فرض کیا ہے؟

(نعیم صدیقی)



معرکہ گیارہ ستمبر کے شہید ابو العباس زہرانیؒ کی وصیّت سے چند اقتباسات

’’میں اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر جب اس راستے میں نکلا، تو اس کی وجہ ہرگز یہ نہ تھی کہ مجھے معیشت کی تنگی کا سامنا تھا، جیسا بعض ظالم، جہاد کو مطعون کرنے کے لیے مجاہدین پر ایسے الزامات لگاتے ہیں۔ نہیں، اللہ کی قسم ایسا نہیں تھا! بلکہ جب میں اپنی جوانی کے عین عروج پر، اللہ کا نام لے کر اپنے گھر سے نکلا تو میرے پاس ہر وہ نعمت موجود تھی جس کی کوئی انسان تمنا کر سکتا ہے۔ انواع واقسام کے بہترین کھانے، عالی شان گھر، خوبصورت گاڑی...... یہ سب کچھ میرے پاس تھا۔ ایک پرکشش نوکری میری دسترس میں تھی۔ لیکن بالآخر ان سب کا انجام کیا ہوگا؟؟؟ بس یہی سوچ کر میں نے گھر چھوڑنے کا حتمی فیصلہ کر لیا، کیونکہ فرض کا تقاضا یہی ہے، یہ قرض اسی طرح ادا ہوتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

مَن كَانَ يُرِيدُ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا نُوَفِّ إِلَيْهِمْ أَعْمَالَهُمْ فِيهَا وَهُمْ فِيهَا لاَ يُبْخَسُونَO أُوْلَـئِكَ الَّذِينَ لَيْسَ لَهُمْ فِي الآخِرَةِ إِلاَّ النَّارُ وَحَبِطَ مَا صَنَعُواْ فِيهَا وَبَاطِلٌ مَّا كَانُواْ يَعْمَلُونَO(هود:۱۵۔۱۶) ’’جو شخص دنیا کی زندگی اور اس کی زینت کا طالب ہو، ہم ایسوں کو ان کے تمام اعمال (کا بدلہ) یہیں بھرپور دیتے ہیں اور یہاں انہیں کوئی کمی نہیں کی جاتی۔ مگر یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے آخرت میں آگ کے سوا کچھ نہیں اور جو کچھ انہوں نے یہاں کیا وہ سب اکارت گیا اور ان سب کے اعمال محض باطل ہیں‘‘۔

میں دشمن سے ٹکرانے چلا ہوں، کیونکہ میں دیکھ چکا ہوں کہ بندروں اور خنزیروں کی اولاد مسلم خواتین پر ٹوٹ پڑی ہے، ان کی عزت کو پامال اور ناموس کو بگاڑا جا رہا ہے۔ کیا مسلمانوں کی نگاہ سے اس فلسطینی عورت کا منظر نہیں گزرا جسے ایک بدذات یہودی مارتا گھسیٹتا چلا جا رہا ہے؟ ان مناظر کو دیکھ کر دل پر آرے چل جاتے ہیں......کوئی عذر نہیں ہمارے پاس......اللہ کی پناہ کہ جس قوم پر ذلت اور مسکنت طاری کر دی گئی، جہاں بھی وہ ہوں، وہی بدنسل لوگ بیت المقدس کے معصوم بچوں اور پاک باز بیٹیوں کو اپنے نجس جوتوں سے کچل رہے ہیں، وہ مدد کے لیے فریاد کرتے ہیں لیکن جواب دینے والا کوئی نہیں! دلوں سے ایمان گم ہے! مردانِ کار کی مردانگی آخر کہاں سو گئی؟ اہل ایمان کی غیرت کہاں چلی گئی؟

کتنے یتیم بچے آج معتصم باللہ کو آواز دے رہے ہیں
سننے والے ان کی چیخیں سن بھی رہے ہیں
لیکن معتصم باللہ کی سی حمیت اب کہاں سے آئے؟

کیا حالات کی سختی اس بات کا تقاضا نہیں کر رہی کہ اب فرض پر لبیک کہا جائے؟ کیا گھروں سے قدم نکالنے کا وقت اب بھی نہیں آیا؟ ستم تو یہ ہے کہ اس حالت میں بھی کچھ لوگ جہاد کے بارے میں مختلف زاویوں سے طعنہ زنی کر رہے ہیں، من مانی آرا پیش کرتے ہیں۔ ان کے لیے تو بس میں یہی کہوں گا کہ اللہ ایسی آرا کو ان کے رائے پرستوں سمیت برباد کرے! یہ چاہے کچھ کہیں، میں نے تو آگے بڑھنے کا فیصلہ کر لیا ہے، کیونکہ میں یہ دیکھ چکا ہوں کہ امریکہ، جو درحقیقت یہود ہی کا ایک چہرہ ہے، اپنے تمام لاؤلشکر سمیت بزدل اسرائیلیوں کی پشت پناہی کے لیے کود پڑا ہے، مسلمان اپنے گھروں سے بے گھر کر دیے گئے ہیں، قتل وغارت کا ایک بازار گرم ہے۔ کیا محمد نامی فلسطینی بچے کا سفاکانہ قتل اہل ایمان کی غیرت کو کچوکے دینے کے لیے کافی نہ تھا؟ آخر اس معصوم کا قصور ہی کیا تھا کہ ظالم یہودیوں نے اسے اپنی درندگی کی بھینٹ چڑھا دیا؟ ذرا سوچیے، ذرا سوچیے کہ انہوں نے مسجد اقصیٰ کے سائے میں، مسرائے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں یہ ظلم ڈھایا!......اور ہمارا حال؟ ہمارا حال یہ ہے کہ

مسلمان قتل کیے جا رہے ہیں اور ہمیں کچھ بھی پروا نہیں
ہماری باتیں فضائل اور ان کی درجہ بندی تک ہی محدود ہیں
زندگی کے مزے اڑاتے ہوئے ہم نے اپنی عمر گنوا دی
اور اپنے ماہ وسال قیل وقال ہی کی نذر کر دیے!

میں ان سے کیوں نہ ٹکراؤں جبکہ میں صاف دیکھ رہا ہوں کہ یہودی ونصرانی اللہ کے دین کے خلاف اعلانِ جنگ کر چکے ہیں، مسلمانوں کا خون پانی کی طرح بہہ رہا ہے۔ فلسطین ہو یا شیشان، انڈونیشیا ہو یا عراق، افغانستان ہو یا سوڈان، ہر جگہ یہی حال ہے۔

میں تو نکل آیا ہوں، اس لیے کہ میں ذلت کی زندگی سے نفرت کرتا ہوں اور موت سے مجھے پیار ہے، اللہ کے وعدوں پر مجھے سچّا یقین ہے۔ میں اب ان کو مزہ چکھاؤں گا جنہیں زندگی سے پیار ہے، جو موت سے ڈرتے ہیں اور اللہ کی وعیدوں کی جنہیں خوب خبر ہے، اور وہ اسی عذاب کے منتظر ہیں۔ اب انہیں پتہ چل جائے گا کہ ہم مسلمان ہیں اور عزت سے جینا جانتے ہیں، بلکہ عزت دار صرف ہم ہیں اور کفار کے مقدر میں ذلت ورسوائی کے سوا کچھ نہیں!

میں صرف اپنے رب سے اجر کا طلب گار ہوں، فردوسِ اعلیٰ اور ہمیشہ ہمیشہ رہنے والی جنتوں کی آرزو میرے دل میں ہے۔ ان کافروں کی جنت تو بس یہی دنیا ہے۔ ان کے جانوروں کی طرح کھانے پینے اور عیش کرنے کا انجام جہنّم کی آگ کے سوا کچھ نہیں، جب کہ آخرت کی جنت صرف ہمارے لیے ہوگی، جہاں ابدی قیام گاہوں میں ایسی ایسی نعمتیں تیار کی گئی ہیں جنہیں کسی آنکھ نے دیکھا نہیں، کسی کان نے سنا نہیں اور نہ کسی دل میں ان کا خیال تک گذرا ہے‘‘۔